يد الله على الجماعة

دواؤں کے مترادف نام بتانے والا مختصر

دواؤں کا لغت

ملنے کا پتہ:-

منیجر دفتر مسیح الملک پوسٹ بکس نمبر ۵۹ دہلی

بلیماران

قیمت ایک روپیہ چار آنے

دیباچہ

اکثر طبیبوں اور عطاروں کو اس بات کا اتفاق ہوتا ہے، کہ جب وہ کسی قرابادینی نسخے کو تیار کرنے کا ارادہ کرتے ہیں، تو اس میں دو چار دواؤں کے نام ایسے مل جاتے ہیں، جن کے عام فہم مترادف نام سے وہ ناواقف ہوتے ہیں، لہٰذا وہ نسخے کو تیار کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔

اسی وقت کو پیش نظر رکھ کر ادارہ مسیح الملک کی جانب سے دواؤں کا مختصر لغت بہ ترتیب حروف تہجّی ترتیب دیکر ناظرین کرام کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

امید ہے، کہ وقت پر یہ ناظرین کے کام آئے گا، اور دواؤں کے مشہور عام فہم نام بتانے میں اُن کی مدد کرے گا۔

آپ کا

محمد مظہر الدّین اجملی

۲ر اکتوبر ۱۹۴۸ء

دواؤں کا لغت

رموز	ع	ف	یونانی	تر	رو	سر	س	ہ	پ	ان	لا	معرب
لغات	عربی	فارسی	یونانی	ترکی	رومی	سریانی	سنسکرت	ہندی	پنجابی	انگریزی	لاطینی	عربی بنایا ہوا

(الف)

آب (ف) پانی۔
آب نیمگرم (ف) کنکنا پانی۔
آب باراں (ف) مینہ کا پانی۔
آب مُقطّر (ف) عرق کے مانند ٹپکا ہوا پانی۔
آب چاہ (ف) کنوئیں کا پانی۔
آب دریائے شُور (ف) سمندر کا پانی۔
آب دہن (ف) تھوک۔
آبار (ف) سیسہ یا جلا ہوا رانگ
آب جوَ (ف) آش جو (ماءالشعیر)
آبریشم (ف) ابریشم۔ ریشم۔
آبق (اصطلاح اہل کیمیا) پارہ۔
آبکار (ف) کانجی۔
... (ف) نشاستہ (مغز گندم)

آبگینہ (ف) کانچ۔ شیشہ۔
آبنوس (ف) سیاہ رنگ کی سخت لکڑی ہے۔ اور اس کا درخت بہت بڑا ہوتا ہے۔ اور ہندوستان میں بکثرت پیدا ہوتا ہے۔
آپھو (ہ) افیون۔
آبی (ف) بہ۔ بہی (مشہور پھل ہے)
آٹا (ہ) مشہور چیز ہے۔ فارسی میں آرد اور عربی میں طحن اور طحین کہتے ہیں۔ (گیہوں۔ چنا۔ اور مکئی وغیرہ پیسے ہوئے غلّے)
آتش (ف) آگ
آچار (ہ) ترشیاں جو خاص طور پر تیار کی جاتی ہیں۔ ان کو بوارد اور محللات

بھی کہتے ہیں۔
آجر (ع) اینٹ۔
آدا (ہ) ادرک۔
آدھاجھاڑا (ہ) چرچٹہ۔
آذان الثور (ع) گاؤزبان کی قسم ہے۔
آذان الفار (ع) چوہہ کنّی۔ (ایک قسم کی بوٹی ہے، جس کے پتے چوہے کے کان کے مانند ہوتے ہیں۔
آذان الفیل (ع) لوف کبیر۔ اور بقول بعض برگ درخت ساگون۔
آڑا (ہ) کودرو (ایک قسم کا خود رو غلہ ہے)
آرام سیتل (ہ) ایک ہندی دوا کا نام ہے بعض نے گلو کی قسم بتلایا ہے۔
آرد (ف) آٹا۔
آرد تولہ (ف) کانجی (حریرہ)
آرسینک (ان) سم الفار (سنکھیا)
آڑو (ہ) عربی میں خوخ۔ فارسی میں شفتالو کہتے ہیں۔ (آڑو درحقیقت شفتالو کی ایک قسم ہے۔ آڑو کا ذائقہ ترشی مائل ہوتا ہے۔ اور شفتالو کا شیریں)
آزاد درخت (ف) ایک درخت ہے۔ جس کے پھل رنگ میں بیر سے اور شکل میں زیتون سے مشابہ ہوتے ہیں لیکن اس سے بہت چھوٹے ہوتے ہیں، اور گچھوں میں لگتے ہیں۔
آزاد درخت ہندی (ف) درخت نیم
آس (ف) حب الآس (درخت مورد)
آسا پالا (ہ) اس کا سنسکرت نام آشوک یا اشوک ہے۔ ایک بڑا درخت ہے

آسارون (سر) تگر۔
آش بچگان (ف) جند بید ستر
آش جو (ف) ماء الشعیر
آشوک (س) درخت اشوک
آطریلال } (یونانی یا بربری) ایک بوٹی
آطریلان } کے تخم ہیں، جو تخم کرفس سے مشابہ ہوتے ہیں۔
آفتاب پرست (ف) (۱) سورج مکھی (۲) گرگٹ
آک } (ہ) اس کو مدار۔ آکون اور انکڑا
آکھ } بھی کہتے ہیں۔ یہ مشہور شیر دار بوٹی ہے
آکاہولی (ہ) یہ ایک بوٹی ہے جو اسی نام سے مشہور ہے۔ بواسیر میں خاص طور پر فائدہ مند ہے
آل (ہ) یہ مجیٹھ کی قسم سے ایک سرخ رنگ کی جڑ ہے۔ نیز مالوہ میں لمبے کدو کو بھی کہتے ہیں۔
آلو (ہ) یہ مشہور ترکاریوں میں سے ہے جس کو فارسی میں آلوی فرنگی، اور انگریزی زبان میں پوٹیٹو کہتے ہیں۔ علاوہ ازیں فارسی زبان میں آلو بخارے کو بھی کہتے ہیں۔
آلو بخارا (ف) اس کو صرف فارسی زبان میں "آلو" اور آلوئے فرانسیسی بھی کہتے ہیں۔ عربی میں اجاص، مرقوق (آلو بخارہ ترش) اور عین البقر کے نام سے موسوم ہے
آلوچہ (ف) آلو بخارے کی قسم سے ایک پھل ہے
آلو بالو (ف) اس کو آلو بولی۔ اور آلی بالی بھی کہتے ہیں۔ آلو [illegible] قسم ہے۔ ترش اور شیریں [illegible] تا ہے۔

یہ آلوبخارے کی ایک قسم کے
پودے کا دوسرے پودے میں
قلم لگانے سے حاصل کیا جاتا ہے
فارسی میں آلو بالوئے شیریں کو
کیلاش اور ترش آلو بالو کو بو علی
کہتے ہیں۔
آلوی فرنگ (ف) یہ آلو کا نام ہے، جو
عموماً پکا کر کھایا جاتا ہے
آم (ہ) عربی میں اَنبج۔ فارسی میں انبہ۔
اور لغزک وغیرہ کے نام سے موسوم
ہے۔ یہ ہندوستان کے مشہور اور
بہترین پھلوں میں سے ہے۔
آم آدا (پ) انبہ ہلدی
آملہ (ف) عام طور سے آنولہ کے نام سے
مشہور ہے۔ عربی میں آملج کہتے ہیں۔
آملہ منقی (ف) گٹھلی نکالا ہوا آملہ
آنب (ہ) آم۔
آنبہ ہلدی }
آنبی ہلدی } (ہ) فارسی میں دارچوبہ کہتے ہیں۔ یہ ایک نبات کی جڑ ہے
ہندوستان میں خاص طور سے پیدا
ہوتی ہے۔ یہ گرہ دار زرد رنگ
اور خوشبودار ہوتی ہے
آنت (ہ) عربی میں معیٰ (امعاء جمع) فارسی
میں روده کہتے ہیں۔ فضلات برازیہ
کو دفع کرنے والا مشہور عضو ہے
آنکرطا (ہ) آکھ (مدار)
آنول (ہ) ایک ہندی درخت ہے جس کا
چھوٹا زرد رنگ املتاس کے پھول
سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کی ایک
قسم کو مہندی آنول کہتے ہیں۔

آنولہ }
آنورہ } (ہ) آملہ۔
آہک (ف) چونا۔
آہن (ف) لوہا (حدید)
آہن رُبا (ف) مقناطیس۔ چمبک پتھر
آہو (ف) ہرن۔
ابابیل (ع) چڑیا کے برابر ایک سیاہ رنگ
کا پرندہ ہے۔ جو عام طور پر شام کے
وقت فضا میں اُڑتا ہوا دیکھا جاتا
ہے۔ اور یہ اپنا گھر زیادہ تر مقابر و
مساجد میں بنا کر رہتا ہے۔
ابازیر (ع) مصالحہ کی چیزوں کو کہتے ہیں
جن سے غذائیں خوشبودار
کی جاتی ہیں۔
ابرک (ف) عربی میں طلق۔ کوکب الارض
عرق العروس۔ ہندی میں ابھرک
یا بھوڈل کہتے ہیں مشہور معدنی اشیاء
میں سے ہے۔ اس کے پرت چمکدار
ہوتے ہیں۔ جو زمین ہی سے تہ بر تہ
نکلتے ہیں۔ یہ سفید و سیاہ دو قسم
کا ہوتا ہے۔
ابر کُہن }
ابر مرده } (ف) اسفنج۔
ابرنج (معرب) برنگ کابلی۔
ابرنج مشک (معرب) فرنجمشک (رام تلسی)
ابریشم (ف) ریشم۔ ایک مشہور چیز ہے
ابریشم مقرض (ف) قینچی سے کتر کر ریزہ
ریزہ کیا ہوا ریشم۔

البقر (ع) شورہ۔

ابن عرس (ع) نیولہ (راسو)

ابہل (ع) عربی میں جوز الابہل حب العرعر فارسی میں ثمر سرد کوہی۔ ہندی میں ہاہبر اور ادیر کہتے ہیں (یہ ایک کوہستانی درخت کا پھل ہے)

اپامارگ (ہ) چرچٹہ۔

اپراجتا (س) سنسکرت میں اس کا دوسرا نام وشنو کرانتا اور نیل پشپی بھی ہیں۔ یہ ایک بیلدار بوٹی ہے۔ سفید و سیاہ دو قسم کی پائی جاتی ہے۔ سیاہ کو نیل اسپند بھی کہتے ہیں۔

اُپّی (ہ) ایک خاردار درخت ہے۔ جو قد آدم یا اس سے زیادہ بلند ہوتا ہے۔

اُتان (ع) گدھی۔

اُٹنگن (ہ) اس کو صاحب مخزن نے تخم انجرہ لکھا ہے۔ لیکن بعض اس کے خلاف ہیں۔ بہرحال ایک بوٹی کے بیج ہیں۔ تالمکھانے یا تخم کشنیز کے مشابہ ہوتے ہیں۔

اتیس (ہ) بازار میں اسی نام سے مشہور ہے یہ ایک بوٹی کی جڑ ہے۔ جو باہر سے مٹیالی اور اندر سے سفید ہوتی ہے جو دار کے برابر مخروطی شکل کی ہوتی ہے۔

اِثمد (ع) سرمہ۔

اِجّاص (ع) آلو بخارا۔

اَثل (ع) درخت فراش (اس کے پھل کو چھوٹی مائیں کہتے ہیں)

اجگندہ (س) اسگند۔

اجمود (ہ) عربی میں کرفس ہندی کہتے ہیں بعض کے نزدیک اجمود اور کرفس ایک ہی چیز ہے۔ لیکن اجمود کا دانہ کرفس کے دانہ سے دو چند ہوتا ہے رنگت میں بھی کافی فرق ہوتا ہے غالباً یہ فرق آب و ہوا کے اختلاف سے ہے۔ لہذا ہندوستان میں پیدا ہونے والی اجمود کو "کرفس ہندی" کہنا مناسب ہے۔

اَجوائن (ہ) عربی میں کمون ملوکی، نانخواہ، فارسی میں صرف نانخواہ۔ ہندی اور اردو میں اجوائن۔ جوان اور اجمان کہتے ہیں۔

اجوائن خراسانی (ہ) عربی میں بزر البنج، فارسی میں بنگ، اردو ہندی میں اجوائن خراسانی اور کھراسانی اجوان کہتے ہیں۔

اخروٹ (ہ) عربی میں جوز۔ جوز الحقف فارسی میں گوز اور گردگان کہتے ہیں (اخروٹ ایک پہاڑی درخت کا مشہور پھل ہے۔ اس کو توڑ کر اندر سے مغز نکال کر کھاتے ہیں۔ نہایت لذیذ اور شیریں ہوتا ہے)

ادرک (ع) آلوچہ۔

ادرک (ہ) عربی میں زنجبیل رطب سنسکرت میں اردرک۔ ہندی میں ادرک کے علاوہ اس کو لیکھ اور آدا بھی کہتے ہیں۔

اُدرَونتی (س) ارونتی۔

اذاراقی (سُ) کچلہ۔

اِذخر (ی۔یا۔ع) عربی میں اذخر۔ تبن مکہ طیب الغریب۔ خلال ماموں۔ فارسی میں کاہ مکی۔ علف گور خر۔ گور گیاہ کرتہ دشتی۔ ہندی میں جرانکس مرچیا گندھ۔ گندھبل۔ گندھ راج۔ روپ بشن۔ گندھیش۔ کنتول۔ سوندھی۔ روسں۔ روسا۔ روہس سوندھیا اور گندھیج گھاس کہتے ہیں

اراروٹ (اردو۔ ہندی) انگریزی میں اس کو ایرو روٹ اور لاطینی میں مَنیرنٹا کہتے ہیں۔ (یہ ایک قسم کا نشاستہ ہے جو ایک نبات کی جڑ سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اور مریضوں کی غذا میں مستعمل ہے)

اراک (ی) پیلو (درخت جال)

اَرجُن (ہ) ایک درخت ہے۔ جو پہاڑوں پر بکثرت پیدا ہوتا ہے۔ اسکی چھال سفید ہوتی ہے

اُرد یا اڑد (ہ) سنسکرت میں ماکھ، اور اشں کہتے ہیں۔ (یہ ایک مشہور غلّہ ہے۔ جس کی دال پکائی جاتی ہے)

اُرُز (ع) چاول۔

اَرزَن (ف) کنگنی یا چینہ

ارزیز (ف) رانگ۔

ارنب بحری (ع) دریائی خرگوش۔

ارنب برّی (ع) خرگوش

ارنڈ (ہ) عربی میں خروع۔ فارسی میں بید انجیر کہتے ہیں (ارنڈ ایک مشہور درخت ہے)

ارنڈ خربوزہ
ارنڈ ککڑی } (ہ) عربی میں شجر البطیخ۔ فارسی میں درخت خربزہ۔ اردو، ہندی میں پپیتا۔ پپیّہ اور ارنڈ خربوزہ کہتے ہیں۔

ارنی (ہ) سنسکرت میں اگنی منتھ کہتے ہیں۔ (ایک درخت ہے۔ اس کے پتے گول۔ نوکدار اور نازک ہوتے ہیں۔ پھول سفید ہوتے ہیں۔ اور گچھوں میں لگتے ہیں۔ پھل چھوٹے گرونده کے مشابہ ہوتے ہیں)

اروسا
اڑوسا } (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے۔ جس کو بانسہ اور بسونٹہ بھی کہتے ہیں۔

اروی (ہ) ہندی میں گھیا۔ گھُیّاں بھی کہتے ہیں۔ اس کو عربی میں قلقاس کہتے ہیں۔ (اروی ایک نبات کی جڑ ہے۔ بطور نانخورش پکاکر کھائی جاتی ہے)

ارہر (ہ) ایک مشہور غلّہ ہے۔ جس کی دال پکاکر کھائی جاتی ہے۔

اریٹھہ (ہ) ریٹھہ (بندوق ہندی)

اسارون (س) تگر۔

اسبند (ہ) ح

اسپا بڑٹا (ہ)

اسپرزہ (ف) آ

اسپرک (ہ) اکلیل الملک

اسپلست (ف) ایک بوٹی ہے۔ جو حنظل سے مشابہ ہوتی ہے۔ اس کا پھول زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

اسبغول (ف) عربی میں بزر قطونا۔ فارسی میں اسپغل۔ اسپوس۔ اسپرزہ۔ بنگو

شکم دریدہ۔ ہندی اور اردو
میں اسپغول، اور ایسبگول کہتے
ہیں۔ ایک نبات کے لعاب دار
تخم ہیں۔ جو بہت چھوٹے چھوٹے
اور سرخی مائل ہوتے ہیں،

اسپند (ف، حرمل) یہ ایک مشہور دوا ہے
جس کے دانے رائی جیسے سیاہ
رنگ کے ہوتے ہیں۔

اسٹارچ (ان) نشاستہ۔

استخوان (ف) ہڈی۔

اُستہ (س)، چھوارے کی گٹھلی کو کہتے ہیں۔
اس کے علاوہ ہرنکے بیجوں کو بھی استہ
کہتے ہیں۔

اَسد (ع) شیر۔

اُسرُب (ف) سیسہ۔

اُسرنج (ع) سیندور۔

اُسطوخودوس (ی) یہ ایک نبات ہے۔ جو
کہ عام طور پر یورپ روم حجاز اور
ہندوستان میں صوبہ بہار و بنگال
میں پیدا ہوتی ہے۔ اور اسی نام سے
دوائً مستعمل ہے۔

اسفاناخ (ع) پالک۔

اسفاناخ رومی و ہندی (ف) بتھوا۔

اسفنج (ف) موا بادل۔

اسفند (ف) سفید رائی۔

اسفند اسفید
اسفندان } (ف) سفید رائی

اِسفیداج (معرب) سفیدہ کاشغری۔

اسفید باج (ع) ایک قسم کا شوربا ہے
جو بچہ مرغ۔ یا بکری کے بچے کے گوشت
یا دوسرے لطیف گوشتوں، اور
ترکاریوں۔ غلوں مثلاً پالک۔ کدو
ماش مقشر۔ نخود وغیرہ اور مناسب
مصالحوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

اسقیل
اسقیلا } (سُر) کندا۔ کولی کاندا۔ یہ مثل
پیاز کے ایک جڑ ہوتی ہے۔ (عنصل)

اُشقوگلو قندریون (ی) ایک بوٹی ہے۔
جو پرسیاوشاں کے مانند ہوتی ہے
بعض کے نزدیک اسقیل (جنگلی پیاز)
کی ایک قسم ہے۔ بعض اس کو ایک نبات
کی جڑ بتلاتے ہیں۔ غرضیکہ ایک مجہول
الماہیت دوا ہے۔ جو آج کل متروک ہے

اسگندہ (ہ) ایک مشہور ہندی جڑ ہے۔ جو
کہ سفید مائل بزردی ہوتی ہے۔
اس کی بوٹی کو آکسن کہتے ہیں۔
اس کی ایک قسم اسگند ناگوری بھی
کہلاتی ہے۔

اَسل (ع) ایک بوٹی ہے۔ جو کہ مرطوب زمین
میں خوب پیدا ہوتی ہے۔ اور اس سے
بوریا۔ چٹائی وغیرہ تیار کئے جاتے ہیں

اشترخار (ف) اونٹ کٹارہ۔

اشترغار (ف) ایک جڑ ہے۔ جو مزے میں تیز
ہوتی ہے۔ یہ ایکخان سے مشابہ ہوتی ہے۔

اَشٹ برگ (ہ) ویدک میں ان آٹھ دواؤں
کو اشٹ برگ کہتے ہیں۔ ردھی برھی
کاکولی کھیر کاکولی میدہ مہامیدہ۔
جیوک رشبھک۔

اُشق (معرب) درخت طرثوث کا گوند ہے۔

یہ درخت ایران و یورپ میں ہوتا ہے۔

اشقاقل (ع) ایک مشہور جڑ ہے۔

اُشنان (ع) ایک بوٹی ہے۔ پنجاب میں اس سے سجی بنائی جاتی ہے۔ اور وہاں اس کو لانہ بوٹی کہتے ہیں۔

اُشنہ (ف) چھڑیلہ۔

اشوک (س) آساپالا بھی کہتے ہیں۔ ایک بڑا درخت ہے۔ اس کی چھال امراض رحم میں مستعمل ہے۔

اصل السوس (ع) ملٹھی۔

اصل الماکول (ع) بہ اصطلاح خاص ہلدی کا نام ہے۔

اضراس العجوز (ع) گوکھرو۔

اضراس الکلب (ع) کھنگالی، جو بسفائج کے نام سے مشہور ہے۔

اظفار الطیب (ع) فارسی میں ناخن پریاں۔ ناخن دیو۔ ناخن خرس۔ ناخن صدف ہندی میں نکی کہتے ہیں۔ (صدف کی قسم کا سخت جسم ہے۔ جو ساحل سمندر پر پایا جاتا ہے)

افاغیہ (ع) حنا کا پھول۔

افاویہ (ع) وہ خوشبودار دوائیں جو غذا میں استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً دارچینی وغیرہ۔

افتیمون (ی) ہندی میں اکاس بیل ولایتی۔ اور امر بیل ولایتی کہتے ہیں۔ (ایک نبات ہے۔ جو باریک دھاگوں کی شکل میں دوسرے درختوں پر پھیل جاتی ہے)

افرنجمشک (ع) رام تلسی۔

افسنتین (رو یا یو یا ع) ایک نبات ہے جس کی جڑ موٹی۔ تنہ۔ شاخیں اور پتے سفید روئیں دار ہوتے ہیں پھول زردی مائل۔ بو تیز ناگوار اور تلخ ہوتا ہے۔

افلنجہ } قلنجہ } (ع) پل پھرنگ، پھول فرنگی۔ سرخ رائی کے مشابہ تخم ہوتے ہیں۔

افیم (ہ) افیون۔

افیون (معرب) نبات خشخاش کے پھلوں اور تنہ کا خشک شدہ رس ہوتا ہے۔

اقاقیا (ی) درخت ببول۔ یا اس کی ایک قسم کے درخت کی پھلیوں اور پتوں کا عصارہ ہے۔

اقحوان (ع) سوبہل۔ بابونہ کی ایک قسم ہے جس کو بابونہ گاؤ کہتے ہیں۔

اَقماعُ الرّمّان (ع) انار کی چھال یا درخت انار کی کلی جس میں پھل لگتا ہے۔

اقماع الرّمّان الہندی (ع) ناگ کیسر۔

اکاس بیل } امر بیل } (ہ) عربی میں افتیمون۔ ہندی اور سنسکرت میں آکاش ولی اور امرولی کہتے ہیں۔ (مشہور بوٹی ہے۔ جو باریک باریک زرد رنگ کے دھاگوں کے مشابہ درختوں پر پھیل جاتی ہے)

اکاس بیل ولایتی (ہ) افتیمون۔ تخم کشوث کی بوٹی ہے)

اکاکیا (فرنگی) کیکر کا رس (اقاقیا)

اکتمکت (س) کرنجوہ

اگر (ہ) عربی میں عود - عود البخور وغیرہ کہتے ہیں - (یہ ایک درخت کی لکڑی ہے جو صوبہ بنگال و آسام - اور جزائر دکن میں خوب پیدا ہوتا ہے)

اگرترکی (ہ) وج (بچ)

اگر تیلیہ (ہ) عود غرقی - (اگر جو سنگین بادہنیت اور سیاہ رنگ ہو - پانی میں ڈالنے سے غرق ہو جائے -

اکرکرا (ہ) عاقرقرحا -

اگست (س) ہندی درخت ہے - جو بعض کے نزدیک رواسن ہے -

اکلیل الملک (ع) عربی میں اصابع الملک فارسی میں شاہ افسر - گیاہ قیصر - ہندی میں ناخونہ کہتے ہیں - (ایک بوٹی کی پھلیاں ہیں - جو چھوٹی چھوٹی ہلالی شکل کی ناخن کے مانند گول ہوتی ہیں - اندر نہایت باریک تخم ہوتے ہیں)

اکوہ (ہ) آک کا درخت (مدار)

اکون (بہاری) آکو - مدار -

اگھاڑ (ہ) چرچٹہ -

اکھروٹ (ہ) اخروٹ -

الائچی (ہ) عربی میں قاقلہ - فارسی میں ہیل - کہتے ہیں - الائچی خورد و کلاں دو قسم کی ہوتی ہے -

الائچی خورد (ف) عربی میں قاقلہ صغار - شمشر - شوشمر - فارسی میں خیربوا - ہیل بوا - ہال بُوا - ہیل انثیٰ - سنسکرت میں سوکشمیلو - ہندی میں چھوٹی الائچی سفید الائچی کہتے ہیں - (ایک نبات کا سفید پھل ہے - جو باریک باریک دانوں سے پُر آتا ہے - انہی کو دانۂ الائچی کہتے ہیں)

الائچی کلاں (ف) عربی میں قاقلہ کبار - قاقلہ ذکر - قاقلہ زنجی - ہیل ذکر - ہندی میں بڑی الائچی - سرخ الائچی - سنسکرت میں استھولیلا - کہتے ہیں - یہ بھی ایک نبات کا پھل ہے - اس کے چھوٹے چھوٹے ڈلنے بھرے ہوتے ہیں - جو خوشبودار ہوتے ہیں -

السی (ہ) عربی میں کتان - بذر الکتان - فارسی میں بزرک - تخم کتان کہتے ہیں - (ایک نبات کے مشہور تخم ہیں - ان سے تیل بھی نکالا جاتا ہے - ہندوستان میں بکثرت پیدا ہوتی ہے)

الماس (ع) عربی میں الماس - شمور - فارسی میں ماس - ہندی میں ہیرا - بدامتا - سنسکرت میں ہیرک - وجر وغیرہ کہتے ہیں - (ایک قسم کا قیمتی جوہر ہے - یہ جملہ اقسام کے جواہر سے زیادہ سخت ہوتا ہے)

اُلو (ہ) بوم (ایک مشہور پرندہ ہے)

اُلی کوچک (ہ) تیلنی مکھی - (ایک پردار جانور ہے)

الیمرٹی (ہ) برنا درخت ہے -

امباڑہ (ہ) امباڑا ایک درخت ہوتا ہے جو آم کے درخت سے مشابہ ہوتا ہے اسی کے مانند پھول آتا ہے پھل کندوری

کے برابر لگتے ہیں - اور اس کا ذائقہ نہایت ترش ہوتا ہے - اس کا آچار ڈالتے اور سالن پکا کر کھاتے ہیں -

امبر باریس (ی) زرشک -

امبلی (ہ) املی -

امچور (ہ) آم کی خشک کردہ قاشوں کو کہتے ہیں

امر بیل (ہ) اکاس بیل -

امر بیل ولایتی (ہ) افتیمون -

امرود (ہ) ایک مشہور پھل ہے -

اُمّ غیلان (ع) کیکر کا درخت (ببول)

امل بید / امل بیت / امل بتیس } (ہ) ایک درخت کا پھل ہے - جو لیموں کلاں کی طرح کا ہوتا ہے اس کا پھل خربزے کے برابر ہوتا ہے -

املتاس (ہ) عربی میں خیار شنبر - خرنوب ہندی فارسی میں خیار چنبر - سنسکرت میں آرگودھ - ہندی میں املتاس - کروارو - کنبھال - بسیال لاٹھی - باندر تھوری - باندر ککڑی - پھاڈل دھن بہیڑا - کہتے ہیں - (املتاس کا درخت بڑا ہوتا ہے - اس میں لمبی لمبی پھلیاں لگتی ہیں جو خشک ہو کر سیاہ ہو جاتی ہیں - ان کے اندر پیسے کے برابر پرت ہوتے ہیں - جن پر سیاہ رنگ کا مادہ لگا ہوتا ہے - یہ پرت مغز املتاس یا مغز فلوس - خیار شنبر - یا صرف فلوس املتاس کے نام سے مشہور ہے)

املج (ع) آملہ -

امل جہانگیری (ہ) امل دکن امل چونگر کہتے ہیں - ہندی درخت کا پھل ہے ترش مکوہ کے دانہ کے برابر ہوتا ہے -

امل کچائی (ہ) ہندی جنگلی خاردار درخت ہے جس کے پتے املی کے پتوں کی مانند لیکن اس سے چھوٹے ہوتے ہیں -

املی / انبلی } (ہ) عربی میں تمر ہندی' فارسی میں خرمائے ہندی - ہندی میں املی ابلی اور کتارے کہتے ہیں - (املی کا درخت بڑا ہوتا ہے - اس کی پھلیاں املی یا کتارے کہلاتی ہیں - جن کا ذائقہ ترش مرغوب ہوتا ہے)

انار (ف) عربی میں رُمّان کہتے ہیں - ایک مشہور پھل ہے - ترش - شیریں اور میخوش (کھٹ مٹھا) تین قسم کا ہوتا ہے -

انار شیریں (ف) میٹھا انار -

انار میخوش (ف) کھٹ مٹھا انار -

انار ترش (ف) کھٹا انار -

انار کوہی (ف) پہاڑی انار - جو زیادہ کھٹا ہوتا ہے -

انار دانہ (ف) حب الرمان (تخم انار)

انار ہندی (ف) بیل - (مشہور پھل ہے بیلگری اسی کا گودا ہوتا ہے)

انار مشک (ف) نارمشک (ناگکیسر)

انار کیوا (ف) خشخاش -

انبج (معرب انبہ) آم یا جو چیز شہد میں پرورش پائے مثلاً آملہ وغیرہ یعنی مربہ

انبجات (معرب) مربوں کو کہتے ہیں -

اَنْبَرْ بارِیس (ع) زرشک ۔

انکول / انبکول (ہ) سنسکرت میں انکوٹ ہندی میں انکول۔ انبکول۔ ڈھیرا اور ڈیرا کہتے ہیں۔ ایک سندی درخت ہے۔ جس کے پتے آڑو کے پتوں سے مشابہ اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔ پھل بکائن کے پھلوں جیسے ۔اور اسی طرح گچھوں میں منسلک ہوتے ہیں۔ حالت خامی میں سبز ہوتے ہیں۔ اور پختہ ہو کر سرخی مائل ہو جاتے ہیں؛

اَنْبَل (ہ) رام تلسی۔

اَنْجبار (ع) ایک نبات کی جڑ ہے۔ عام طور پر جڑ کی پوست ' یا جڑ کے ریشے بطور دوا ر استعمال کئے جاتے ہیں۔ جڑ کے ریشوں کو ریشہ بیخ انجبار یا لحاظ بیخ انجبار بھی کہتے ہیں

انجن (ہ) سرمہ۔ علاوہ ازیں جو ایک دوا ر کو کہتے ہیں۔ جو آنکھوں میں ڈالی جاتی ہے

انجن پتری (ہ) بھنگ کے پتے۔ کا نجہ

انجیر (ف) عربی میں تین کہتے ہیں۔ ایک مشہور پھل ہے۔ (انجیر کی ایک قسم شاہ انجیر ہوتی ہے۔ اس میں شیریں رطوبت بکثرت ہوتی ہے

انجیر دشتی (ف) کٹھومبری۔ یا کٹھمبر کے نام سے زیادہ مشہور ہے یہ انجیر سے چھوٹا اور سخت ہوتا ہے اس کا درخت اور اس کے پتے بھی انجیر کے درخت اور پتوں سے چھوٹے ہوتے ہیں۔

انجیر آدم (ف) گولر۔

انڈا (ہ) بیضہ۔

انڈرا (ہ) ایک درخت ہے۔ اس کے تمام اجزاء سیاہ اور پھول زرد ہوتے ہیں

اندرائن (ہ) عربی میں حنظل۔ علقم۔ کمسایہ فارسی میں تلخ ہندوانہ خربزہ تلخ۔ خربزہ روباہ ہندوانہ۔ ابوجہل۔ خیار تلخ۔ گوشتہ خرزہرہ۔ ہندی میں مہاکال۔ تنبہ۔ سلونبا۔ پھرپھنڈوا کہتے ہیں۔ (اندرائن ایک بیلدار بوٹی کا پھل ہے۔ جو نارنگی کے برابر ہوتا ہے۔ حالت خامی میں سبز رہتا ہے ۔لیکن پختہ ہو کر زرد ہو جاتا ہے۔ اس پھل کا اندرونی گودا شحم حنظل کے نام سے مشہور اور مستعمل ہے)

اِندرجَو (ہ) عربی میں لسان العصافیر فارسی میں زبان کنجشک پنجشکروان کہتے ہیں درخت کرڑا کے تخم ہیں۔ جو تلخ و شیریں دو قسم کے ہوتے ہیں۔ اندرجو کا درخت (کُرڑا) بڑا ہوتا ہے۔ اس کو سہنجنہ کے مانند لمبی لمبی پھلیاں لگتی ہیں۔ ان پھلیوں کے اندر جو کے مشابہ تخم نکلتے ہیں۔ جو کہ اندرجو کہلاتی ہے

اندگو (ہ) ایک درخت ہے۔ جو خورد و کلاں دو قسم کا ہوتا ہے۔ قسم خورد

کے پتے کیلے کے پتوں سے مشابہ
اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ اور قسم
کلاں کا درخت موگرا کلاں کے مانند
ہوتا ہے۔

…بھاہولی (ہ) ایک بوٹی ہے۔

…زروت (س) ایک خاردار درخت کا
گوند ہے۔ جو رات کے وقت درخت
سے نکلتا ہے۔ اس کو انزروت
گوشت برار اور دن کے وقت
نکلنے والے گوند کو انزروت گوشت
خورد کہتے ہیں۔

…را (ی) گڑھل۔

…ین (ف) شہد۔

…دان (ف) انجدان۔

…زو (ف) ہینگ۔

…شت (ف) کوئلہ۔

…ر (ف) عربی میں عنب کہتے ہیں مشہور
پھل ہے

…ور شفا
…رشفال } (ف) نکو۔

…وزہ (ف) ہینگ

…ل (ہ) انکول

…ولا (ہ) انکول

…ناس (ہ) مشہور پھل ہے۔ اس کے پتے
کیوڑے کے پتوں سے مشابہ ہوتے
ہیں۔ اور پتوں کے درمیان سے
ایک شاخ نکلتی ہے۔ اس کے اوپر
لمبا اور موٹا پھل لگتا ہے۔ جس کی
بو بھی سے مشابہ ہوتی ہے۔ اور
اس پھل پر بھی چھوٹے چھوٹے پتے
لگتے ہیں۔ یہ پھل ہی اناناس کہلاتے ہیں

انیسون (ع) عربی میں بزرالرازیانج الرومی
بزرالرازیانج الشامی حب الحلوہ
کمون الحلو۔ فارسی میں بادیان رومی
زیرہ رومی کہتے ہیں۔ (یہ ایک
نبات کے تخم ہیں جو بادیان سے چھوٹے
اور خاکی رنگ کے ہوتے ہیں۔
ذائقہ خوشبودار شیریں۔ اور
بو خوشگوار ہوتی ہے)

اونگن (ہ) اٹنگن۔

اوجھڑی (ہ) عربی کرشش۔ فارسی میں
شکنبہ۔ ہزار۔ اور ہندی میں ہزار
خانہ کہتے ہیں۔ (حیوانات کا مشہور
عضو ہے۔ جو ان میں معدہ کے
قائم مقام ہے)

اود
اودبلاؤ } (ہ) عربی میں قضاعہ۔ کلب
مائی۔ فارسی میں سگ آبی
کہتے ہیں۔ (ایک دریائی جانور
ہے۔ جس کے خصیے جندبیدستر
ہوتے ہیں)

اوذ (ع) مرغابی۔ (مشہور آبی جانور ہے)

اوس (ہ) شبنم۔

اول (بہاری) زمین کند

اولہ (ہ) عربی میں جلید فارسی میں تگرگ
ژالہ۔ پنجابی میں گڑا کہتے ہیں۔

اون (ہ) فارسی میں پشم کہتے ہیں۔ (بھیڑ
اونٹ وغیرہ کے بال)

اونٹ (ہ) فارسی میں شتر۔ اشتر۔ عربی میں

جل۔ ابل۔ نجیر اور سنسکرت میں
اشٹ کہتے ہیں۔

اونٹ کٹارہ (ہ) فارسی میں اشتر خار
کہتے ہیں۔ ایک بوٹی ہے، جو ایک
گز تک اونچی ہوتی ہے اس کی
شاخوں اور پتوں پر کانٹے ہوتے
ہیں۔ پھول زرد و سفید اور پھل
اخروٹ کے برابر گول اور اس پر
کانٹے لگے ہوتے ہیں۔ پھل کے اندر
سفید چیز مانند صوف کے بھری
ہوتی ہے۔

اوندھا ہولی (ہ) اندھا ہولی۔

اونگہ (ہ) اچرچڑہ۔

اہلیج (معرب) ہڑ۔ ہلیلہ

اہلیج اصفر (ع) ہلیلہ زرد۔

اہلیج کابلی (ع) ہلیلہ کابلی۔

ایڑا کل پنا (ہ) ایک درخت ہے: جو سینبل
کے درخت سے مشابہ ہوتا ہے۔

ایرسا (ی) بیخ سوسن۔ آسمانجونی۔
(مشہور دوا ہے)

ایلوا (ہ) عربی میں صبر۔ مصبّر۔ سوبع۔
صیارا۔ صبانہ۔ فارسی میں الوا، زردہ
شبیار۔ جدوار کہتے ہیں۔

ایّل (ع) بارہ سنگھا۔

اینٹ (ہ) عربی میں آجر۔ فارسی میں
خشت کہتے ہیں۔

(ب)

باپچی (ہ) سنسکرت میں باکچی۔ ہندی
میں بپچی۔ باپچی۔ باپچی کہتے ہیں۔

(ایک نبات کے تخم ہیں۔ جو کہ
رنگ۔ اور شکل و جسامت
مسور کے مانند ہوتے ہیں۔ ان
ذائقہ تلخ اور تیز ہوتا ہے۔ با
کے نام سے مشہور و معروف ہے

بابڑ (ہ) بیب اور بھابڑ بھی کہتے ہیں
پہاڑی گھاس ہے۔ جو دھاگو
کی مانند ہوتی ہے۔ اور اس سے
عام طور پر بان اور رسی وغیرہ
بٹی جاتی ہے۔

بابڑنگ (ہ) عربی میں بیرنج۔ ابرنج
برنق۔ فارسی میں برنگ بر
کابلی۔ ہندی میں بڑنگ۔ یابڑنگ
اور بائے بڑنگ کہتے ہیں۔ (س
مرچ کے برابر سیاہ سرخی مائل
دانہ ہوتا ہے۔ اس کا درخت
ہوتا ہے۔ یہ دانے گچھوں میں لگے
ہیں۔ ان کے اوپر سرخ رنگ
سفوف لگا ہوتا ہے۔ جس کو کمیلا
کہتے ہیں)

بابری (ہ) جنگلی نازبو۔

بابونہ (ف) عربی میں بابونج۔ بابو
زہرالملک اور رجیق البقر کہتے ہیں
(ایک نبات ہے۔ اس کے پھول
اور سفید رنگ کے ہوتے ہیں۔
کے درمیان زرد رنگ کی چھوٹی چھ
پنکھڑیاں ہوتی ہیں۔ (مطلق "با
سے یہی گل بابونہ مراد ہوتے ہیں

بابونہ گاؤ (ف) عربی میں اقحوا

بابونہ گاؤچشم (ع) اعاق المرضی۔ فارسی میں
بابونہ گاؤ۔ بابونہ گاؤچشم۔ کولہ۔
کرا ایک۔ ہندی میں سونچل کہتے
ہیں۔ یہ بابونہ کی ایک قسم ہے۔
مطلق بابونہ گاؤ سے اس کے پھول
مراد ہوتے ہیں

باج گنگد (س)، اسگند۔

باچ (ہ) ایک خوشبودار گھاس ہے۔
جس کو علفک کہتے ہیں۔

باجا
باجرہ } (ہ) عربی میں جاورس۔ فارسی میں گاورس۔ کہتے ہیں۔
(مشہور غلہ ہے)

بادآورد (ف)، عربی میں شوکۃ البیضا۔
اور فارسی میں کنگر سفید بھی کہتے
ہیں۔ بعض کے نزدیک ہندی میں
جواسا اور دھاہا کہتے ہیں۔ (یہ
ایک خاردار بوٹی ہے۔ جو پہاڑوں
کے دامن اور ریگستان میں پیدا
ہوتی ہے۔ اس کے کانٹے باریک
باریک اور لمبے ہوتے ہیں۔ پھول
سفید۔ پھل تکمہ نما لمبا سا ہوتا ہے)

بادام (ف)، عربی میں لوز۔ لوز الحلو،
اردو، ہندی میں بادام کہتے ہیں۔
(بادام مشہور پھل ہے۔ اس کے
اندر سے مغز نکلتا ہے۔ جو نہایت
لذیذ، شیریں۔ اور چکنا ہوتا
ہے۔ اس کا روغن بھی نکالا جاتا ہے)

بادام تلخ (ف)، عربی میں لوز المر کہتے ہیں
(یہ بادام شیریں کے مانند ہوتا
ہے۔ لیکن اس کا مغز تلخ ہوتا ہے

بادتخم (ف)، سونف (بادیان)

بادرنجبویہ (معرب) عربی میں مفرح القلوب
حشیشۃ السفوف۔ ریحان النعنع۔ بقلۃ
الریحان۔ فارسی میں بادرنبویہ بالنگبویہ
اور ہندی میں بلی لوٹن کہتے ہیں۔
(ایک خوشبودار بوٹی ہے۔ یہ بوٹی
دو قسم کی دستیاب ہوتی ہے۔
ایک وہ جس کا ساگ پکا کر کھاتے ہیں
اس کو بقلۃ اترجیہ اور ترنجان بھی
کہتے ہیں۔ دواؤں میں استعمال کی جاتی
ہے۔ اور یہ اس سے دوستی
رکھتی ہے)

بادرنبویہ (ف)، بادرنجبویہ۔

بادرنگ (ف) کھیرا۔

بادرو
بادروغ } (ف) کھیرا

بادروج (غلطی) بابری جنگلی تلسی۔

بادزہر (ف)، تریاق۔ (زہروں کو دفع
کرنے والی دوا۔)

بادزہر معدنی (ف) زہر مہرہ۔

بادزہر حیوانی (ف)، زہر مہرہ حیوانی۔ جو
جانوروں کی آنتوں، اور پتوں
وغیرہ میں پیدا ہوتا ہے۔

بادنجان (معرب) بادنگان، بینگن

بادیان (ف)، عربی میں رازیانج۔ شمر۔ شمار۔
فارسی میں رازیانہ، بادیان والان بزرگ
جو بلو۔ بادتخم۔ اردو، ہندی میں
سونف۔ سونپھ کہتے ہیں۔ (بادیان

مشہور تخم ہیں - ہر ایک تخم پر
لکیریں ہوتی ہیں - بو خوشگوار اور
ذائقہ لطیف و شیریں ہوتا ہے)

بادیان رومی }
بادیان شامی } (ف) انیسون

بادیان خطائی (ف) سرخ مائل بہ تیرگی دانے
ہوتے ہیں - جن کا مزہ سونف کے
مانند ہوتا ہے - اس کو چین اور نیپال
کے کوہستانی علاقوں سے لایا جاتا
ہے —

باراہی کند (س) زمین کند کے مشابہ ایک
جڑ ہے - اس جڑ کے اوپر سؤر کے
بالوں کے مانند بال ہوتے ہیں اور
اس کو سؤر نہایت رغبت سے
کھاتا ہے)

بارتنگ (ف) عربی میں لسان الحمل - ہندی
میں بالتنگ کہتے ہیں - یہ ایک بوٹی
ہے جس کے پتوں اور تخم کو دوا
استعمال کیا جاتا ہے -

بارزد (معرب بیرزد) بہروزہ -

بارہ سنگھا (ہ) ایک مشہور جنگلی جانور ہے
عربی میں ایل اور فارسی میں گوزن
کہتے ہیں - (اس کے سینگ شاخ در
شاخ ہو کر بارہ عدد تک ہو جاتے ہیں)

باز (ف) مشہور شکاری پرندہ ہے -

باقلا (ع) عربی میں ابو ارح - اردو ہندی
میں اکلا اور بلھر کہتے ہیں - (مشہور
پھلی ہے - جس کا سالن بنایا
جاتا ہے)

باقلائے نبطی }
باقلائے قبطی } (ع) باقلا کی ایک قسم - جو کہ مصر میں پیدا ہوتی ہے

باقلائے ہندی (ع) سیم - (اس کی بیل ہوتی
ہے - چوڑی چوڑی پھلیاں لگتی ہیں
جن کو گوشت کے ہمراہ یا علیحدہ
پکا کر کھاتے ہیں)

باقلائے مصری }
باقلائے شامی } (ع) ترمس -
باقلائے رومی }

باکلا (ہ) باقلا -

باگھ (ہ) شیر -

باگھ مچھلی (ہ) شیر ماہی -

بالا ریشہ (ہ) خس ایک بوٹی ہے جس کی
جڑیں خوشبودار ہوتی ہیں - اور
موسم گرما میں ان کی ٹٹی بنا کر دروازوں
اور کھڑکیوں پر لگاتے ہیں -

بال تنگ (ہ) بارتنگ

بال چھڑ (ہ) عربی میں سنبل الطیب سنبل العصافیر
سنبل اصفر - سنبل العقاقیر - اور
فارسی میں ایک دلالہ کہتے ہیں - ایک
نبات کی خوشبودار جڑ ہے - جس کی
رنگت باہر سے گہری زردی مائل
بھوری اور اندر سے سفیدی مائل
ہوتی ہے - اور اس پر لمبے لمبے
ریشے لگے ہوتے ہیں - ذائقہ قدرے
تلخ ہوتا ہے -

بالم ککڑی }
بالم کھیرا } (ہ) یہ کھیرے کی ایک قسم ہے - جو
زیادہ تر مالوے میں پیدا ہوتا
ہے - یہ لمبے لمبے زرد رنگ کے ہوتے ہیں

بالنگبویہ (ف) بادرنجبویہ۔

بالنگو (ف) ریحان کے مانند ایک مشہور بوٹی ہے۔ اس کے تخم ریحان کے تخموں سے دوانہ ہوتے ہیں۔

بامیہ (ف) بھنڈی۔

بام مچھلی (ہ) فارسی میں مارماہی کہتے ہیں۔ مشہور مچھلی ہے جس کی شکل سانپ سے مشابہ ہوتی ہے۔ عربی میں مار ماہیج کہتے ہیں۔

بامنی (ہ) وہ جانور ہے جو ایک بالشت تک لمبا ہوتا ہے۔ اور اس پر سرخ و سفید لکیریں ہوتی ہیں۔

بان (ع) بکائن کی قسم کا ایک درخت ہے جو مصر اور حجاز وغیرہ میں پایا جاتا ہے

بانجھ ککوڑا (ہ) سنسکرت میں بندھیا ککوٹکی۔ ہندی میں بانجھ ککوڑا۔ بانجھ کھکھسا اور بن ککوڑا کہتے ہیں (ایک بیلدار بوٹی ہے۔ جو ککوڑے کے مشابہ ہوتی ہے۔ چونکہ اس میں پھل نہیں لگتا۔ اس لیے اس کو بانجھ ککوڑا کہتے ہیں)

باندر ککڑی (ہ) خیارشنبر (املتاس)

بانس (ہ) عربی میں قصب کہتے ہیں۔ (بانس ایک بڑی کار آمد چیز ہے۔ یہ ٹھوس اور پولا دو قسم کا ہوتا ہے۔ بعض چھوٹے بانسوں کے اندر سے بنسلوچن نکلتی ہے)

بانس کیتکی (ہ) بانس کیوڑہ بھی کہتے ہیں۔

بالنسا }
بانسہ } (ہ) عربی میں حشیشۃ السعال، فارسی میں خواجا، ہندی میں اڑوسا اردوسہ۔ بانسا۔ بانسہ۔ یا باسا اور لسونٹہ کہتے ہیں۔ مشہور بوٹی ہے جو کھانسی کے لیے نفع بخش ہے۔

بائے بڑنگ (ہ) باوبڑنگ۔

بائے کھنبہ (ہ) ہندی درخت کا پھل ہے جو گل انار کے ہمشکل اور خاکستری رنگ کا اور سخت ہوتا ہے۔ اس کا درخت بڑا ہوتا ہے۔ جس کے پتے توت کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں

ببول (ہ) عربی میں ام غیلان۔ فارسی میں مغیلان۔ اور خار مغیلان۔ اردو ہندی میں ببول۔ کیکر۔ ٹیکر۔ اور ببور کہتے ہیں۔ ببول مشہور خاردار درخت ہے۔ اس کی پتیاں، چھال۔ پھلی اور گوند بطور دوا کے مستعمل ہیں۔ اور لکڑیاں جلانے کے کام آتی ہیں۔

ببول کا گوند (ہ) صمغ عربی (کیکر کا گوند) انگریزی میں گم اربک کہتے ہیں۔

ببول کی پھلی (ہ) کیکر کی پھلی۔ جن کو ککردلی بھی کہتے ہیں۔

بتاسہ (ہ) مشہور مٹھائی ہے جو شکر سفید کے قوام سے حبابی قرصوں کی شکل میں بنائی جاتی ہے۔

بتاؤں (ہ) بیگن۔

بتھوا (ہ) مشہور ساگ ہے۔ اس کو باتھو بھی کہتے ہیں۔ عربی نام سرمق ہے۔

بچ }
بچھ } (ہ) عربی میں وج۔ عود الوج۔ عود الزنج۔ زنجبیل العجم۔ اردو

ہندی میں بچ - بچھ کہتے ہیں (ایک
نبات کی جڑ ہے)

بجبر ونتی (ہ) ایک بوٹی ہے جس کے پتوں
کو چبانے سے دانت اور مسوڑھے
نہایت سخت ہو جاتے ہیں -

بجورہ (ہ) ترنج (دیکھو کہ قسم ہے مشہور ہے)

بچھناک (ہ) عربی میں بیش - خانق الذئب
خانق النمر - فارسی میں بیش، اور
ہندی میں میٹھا تیلیہ کہتے ہیں (ایک
پہاڑی نبات کی جڑ ہے - جو زہریلی
ہوتی ہے)

بچھو (ہ) عربی میں عقرب - اور فارسی
میں کژدم کہتے ہیں -

بچھہ (ہ) بچ -

بجے سار (ہ) ایک بڑا درخت ہے جسکی
لکڑی بطور دوا مستعمل ہے -

بداری کند (ہ) ایک جڑ ہے - جو کدوئے شیریں
کے برابر بلکہ اس سے بھی بڑی
ہوتی ہے -

بڈلون (ہ) ایک قسم کا نمک ہے -

بدھارا (ہ) مٹیالے بھورے رنگ کی ہلکی
لکڑی ہوتی ہے - عربی میں شارف
کہتے ہیں -

بڑ (ہ) بڑ - (برگد)

براز (ع) پاخانہ -

بریاگل (ہ) چمگادڑ

براہمی (ہ) مشہور بوٹی ہے - جو قوت حافظ
کے لئے نہایت مفید ہے -

برڑھہ (س) ہندی دوا ہے - جو آج کل
نایاب ہے -

بردی (ع) ہیٹرا ایک بوٹی ہے - جو عموماً
پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہے -
اسکے پتوں سے جو کہ لمبے لمبے
اور موٹے موٹے ہوتے ہیں -
ان سے بوریا بناتے ہیں -

برسیاوشاں (ف) ہنسراج -

برک (ان) سنکونا برک ایک درخت کی
چھال ہے - جس کا ست کونین ہے -

برگد (ہ) عربی میں ذات الذوائب فارسی
میں درخت ریشہ - اردو ہندی میں
برگد اور بڑ کہتے ہیں - مشہور درخت
ہے - جو بہت بڑا ہوتا ہے اسکی
شاخوں اور پتوں کو توڑنے سے
دودھ نکلتا ہے -

برگ شیرازی (ف) بھنگ -

برگ تبت (ف) مشہور دوا ہے جسکو
کشمیری پتہ بھی کہتے ہیں - تیز پات
کے مانند لیکن اس سے لمبے اور موٹے
ہوتے ہیں - اکثر ہلاس بنائی
جاتی ہے -

برگ حلبی (ف) ناگ پھنی کے مانند پتے ہوتے ہیں

برگ کوکب (ف) کاہو کے پتے

برگ سوفار (ف) سرپھوکہ

برم ڈنڈی (ہ) بوٹی ہے - جو اونٹ کٹائی
کی ایک چھوٹی قسم ہے - سنسکرت میں
اوانک کمھی کہتے ہیں -

برہما جٹو (س) سینڈھ بھاری - کچری
کی ایک قسم ہے -

برمی (ھ) برہمی۔
برنا / برن (ھ) ایک ہندی درخت ہے۔
برنج (ف) چاول
برنج (ف) پیتل۔
برنج کابلی (ف) بائے بڑنگ۔ برنگ کابلی۔
برنجاسف / بلنجاسف (ف) مشہور دوا ہے۔ بازار میں اسی نام سے مشہور ہے
برنق (معرب برنگ کابلی) بائے بڑنگ
برنجمشک (ف) فرنجمشک۔ (رام تلسی)
برنگ کابلی (ف) بائے بڑنگ۔
بروجا (ھ) گندہ بہروزہ۔
بڑولی (س) بڑ کا پھل۔
برّہ (ف) بھیڑ کا بچہ
برہٹا / برہٹی (ھ) کٹائی۔
بڑھل (ھ) ایک مشہور پھل ہے۔ ناشپاتی کے برابر ہوتا ہے۔ پختہ ہونے پر اس کا رنگ زرد ہو جاتا ہے۔
برہمی (ھ) ایک بوٹی ہے۔ جو عام طور پر مرطوب مقامات پر نہروں کے کنارے پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتے گھوڑے کے سم کے نشان سے مشابہ لیکن چھوٹے چھوٹے اور نازک ہوتے ہیں۔
بڑی (ھ) مشہور چیز ہے۔ جو دال یا مونگ، یا ماش سے بنائی جاتی ہے۔ اور پھر ان کا سالن پکا کر کھاتے ہیں۔

بریارا / بریالا (ھ) ٹکوہ کے مانند ہندی بوٹی ہے۔ یہ ہر قسم کی پائی جاتی ہے۔
بڑی الائچی (ھ) قاقلۂ کبار۔ الائچی کلاں
بڑی جوار (ھ) مکئی۔
بزاق القمر (ع) چندرکانت
بزباز (ف) بسباسہ۔
بزر (ع) تخم۔ بیج۔
بزر البنج (ع) اجوائن خراسانی۔
بزر الفقد (ع) بینکا، تخم سنبھالو۔
بزر الفنجنکشت (ع) تخم سنبھالو۔
بزر قطونا (ع) اسپغول۔
بزرک / بزرکتان (ع) السی۔
بزو پیہ (ف) بلیٹھ۔
بزغالہ (ف) بکری کا بچہ۔
بسباسہ (ع) جاوتری
بس (ھ) زہر میٹھا تیلیہ۔ بچھناک۔
بستان افروز (ف) کلغہ۔ جھورا۔
بست پایہ (ف) بسفائج، مشہور دوا ہے
بسّد (ع) بیخ مرجان۔
بسفائج (معرب) بست پایہ مشہور دوا ہے۔ اسی نام سے مشہور ہے۔
بسکھپرہ (ھ) ہندی بوٹی ہے۔ عربی میں رجلہ اور حند قوقی۔ اور فارسی میں اسپست ہندی میں بسکھپرہ کہتے ہیں۔
بسونٹہ (ھ) اڑونہ۔ بانسہ
بسینڈا (س) بیخ کنول۔
بصل (ع) پیاز
بط (ع) ہندی میں بطخ اور انگریزی میں ڈک

26562

کہتے ہیں۔

بطم (ع) ۔ درخت حبۃ الخضراء درخت بن

بطیخ (ع) خربوزہ۔

بطیخ ہندی (ع) تربوز۔

بعر (ع) مینگنی۔

بعیر (ع) اونٹ۔

بقر (ع) گائے۔

بقرالوحش
بقروحشی } (ع) روجھ۔ نیل گائے۔

بقلۃ الحمقاء (ع) خرفہ۔

بقلہ یمانیہ (ع) چولائی۔

بقم (ع) پتنگ۔ درخت۔

بکچی (ہ) باکچی۔

بکائن (ہ) نیم کی قسم کا مشہور درخت ہے۔
جو ہندوستان میں بکثرت پیدا ہوتا ہے

بگلا (ہ) مشہور پرندہ ہے۔ جو پانی میں کھڑا
رہتا ہے۔ اور مچھلی پکڑ کر کھاتا ہے
فارسی میں بوتیمار کہتے ہیں۔

بگمن (ہ) بگمن۔ بکم۔ آسیابوٹہ۔ اور
جھانگنڈھا بھی کہتے ہیں۔ ایک بوٹی ہے
جو مرض بواسیر کیلئے نہایت مفید ہے

بگھرا (ہ) پلنگ۔ تیندوا۔

بگھربینڈا (ہ) بیدانجیر کی قسم ہے۔ ملک
مالوہ میں باغات کی خندقوں پر بکثرت
اگاتے ہیں۔ اور وہاں اس کو
رتن جوت کہتے ہیں۔

بلؤ (ہ) بیلگری۔

بلا (س) شہدی۔ کنگھی۔ پرساری۔

بلائی کند (ہ) باراہی کند۔

بلح (ع) درخت خرما کا پھل۔ جو سبزی
سے الگ نہ ہوا ہو۔ اور مٹھاس
بھی پیدا نہ ہوئی ہو۔

بلم (ہ) باقلا۔

بلسان (ع) مشہور درخت ہے جس سے
تیل نکالا جاتا ہے۔ زیادہ تر مصر
میں ہوتا ہے۔

بلور (ف) مشہور پتھر ہے۔ جو کانچ
کے مانند ہوتا ہے

بلوط (ع) بیتا سپاری۔ مشہور دوا ہے

پلپھر (ہ) باقلہ

بلیلہ (ف) بہیڑہ۔

بلی (ہ) فارسی میں گربہ۔ عربی سنور
ہرہ کہتے ہیں۔

بلی لوٹن (ہ) بادرنجبویہ۔

بن (ع) قہوہ۔ ایک پھل ہے جو یمن کے
پہاڑوں اور ملک حبش میں ہوتا ہے۔

بن (ف) حبۃ الخضراء۔

بن پھٹکہ (بہاری) گویا کانچ

بندا (ہ) عربی میں خرقطان۔ وزق الطیر۔
فارسی میں رتو۔ سنسکرت میں
ورنگ پا و پارہا کہتے ہیں۔ ایک
بوٹی ہے۔ جو کیکر سرس وغیرہ میں
پیدا ہو جاتی ہے۔ اور جس درخت
پر پیدا ہوتی ہے۔ اسی کی نسبت
سے نام رکھا جاتا ہے۔ مثلاً کیکر
کا بندہ۔ سرس کا بندہ وغیرہ۔

بندال (ہ) عربی میں قثاء الحمار۔ مشنۃ الذئب
بنڈال } فارسی میں خیارزہ اسپند۔

بھار خور۔ ہندی میں بندال۔ گھگر
بیل۔ گھگرائن اور ملک مالوہ میں
دیودال کریلن اور بمبئی میں کہتے ہیں
بندق (ف) مشہور پھل ہے۔ بادام
کشمیری بھی کہتے ہیں۔
بندق ہندی (ف) ریٹھا۔ دھرڈہ۔
بندکہر (ہ) اسارون۔ مشہور دوا ہے
بن ستکی } (ہ) ہندی بوٹی ہے پتے
بن چٹکی } ہندی کے پتوں سے مشابہ
ہوتے ہیں۔ اور پھل نکوہ کے مانند
ہوتا ہے۔ لیکن اس سے قدرے
چوڑا۔ خام حالت میں سبز، اور
پک کر نیلگوں ہو جاتا ہے۔
بنسلوچن (ہ) عربی میں طباشیر سنسکرت
میں ونش لوچن کہتے ہیں مشہور
دوا ہے۔ سفید۔ یا سفید نیلگوں
ڈلیوں کی شکل میں ہوتی ہے۔ اور
بعض بانسوں کے اندر سے نکلتی
ہے۔
بنفشہ (ف) عربی میں بنفسج کہتے ہیں۔
مشہور نبات ہے۔ کشمیر میں بکثرت
پیدا ہوتی ہے۔
بنگ (ف) بھنگ۔
بنگھڑ ہارا (ہ) گجائی۔ ایک قسم کا کیڑا ہے، جو
برسات کے موسم میں پیدا ہوتا ہے۔
بنگو (ف) اسپغول۔
بنولہ (ہ) فارسی میں پنبہ دانہ۔ عربی میں
حب القطن کہتے ہیں۔
بنو ماش (ف) مونگ۔

بورق (معرب) بورہ۔ پاپڑی لون
بورہ ارمنی (ف) اسی نام سے مشہور ہے۔
بوزیدان (ع) ستاوری۔ نیز بوزیدان
کے نام سے مشہور ہے۔
بوک (ہ) بکرا۔ بہاری میں بوتو کہتے ہیں۔
بول (ع) پیشاب۔
بول (ہ) مُر۔
بول سیاہ (ہ) صبر
بولسری (ہ) مولسری۔
بوم (ع) اُلو۔
بوما دران (ف) برنجاسف۔
بونٹ (ہ) سبز چنا۔
بہ (ف) بہی۔
بہدانہ (ف) ہندی میں بھی اسی نام سے
مشہور ہے۔ بہی کے تخم ہوتے ہیں عربی
میں حب السفرجل کہتے ہیں۔
بھارنگی (ہ) سنسکرت میں بھارنگی کہتے ہیں۔
مشہور دوا ہے۔
بھالو } (ہ) ریچھ۔
بھال }
بھانتل (ہ) ایک بوٹی ہے۔
بھانٹا (ہ) بیگن۔
بھپلی (ہ) مشہور ہندی بوٹی ہے۔ بوبھلی
بھوبھلی بھی کہتے ہیں۔
بھٹ کوئیں (بہاری) مکو۔ عنب الثعلب
بھٹا (ہ) مکئی کا خوشہ مشہور ہے۔
بھٹوا (بہاری) پیٹھا۔
بھٹ کٹائی } (ہ) جنگلی بیگن۔
بھٹ کٹیا }

بھڑ (ہ) زہریلا جانور ہے۔ جسے عوام بھڑ یا تتیا کے نام سے پکارتے ہیں۔

بہروزہ (ہ) عربی میں قنہ، فارسی میں بازرد، بیرزد۔ ہندی میں گندھ بہروزا بیرجا اور بردجا کہتے ہیں۔

بہری (ہ) ایک پرندہ جسکے ذریعہ شکار کیا جاتا ہے۔

بھگانی (ہ) اوندا۔ روندا۔ (ایک بیلدار بوٹی ہے جو انگور دگلو کے مانند پاس کی چیز پر لپٹ جاتی ہے۔

پھلاوان (ہ) بلادر۔

بہمن (ع) بعض اس کو اسگند ولایتی اور بعض جنگلی گاجر کہتے ہیں۔ بہرحال ایک نبات کی جڑ ہے۔

بھنڈی (ہ) سنسکرت میں بھنڈا۔ اور فارسی میں بامیہ کہتے ہیں۔ (مشہور پھل ہے۔ جس کی ترکاری پکا کر کھائی جاتی ہے۔

بھنگ (ہ) نشہ دار بوٹی ہے۔ عربی میں قنب، فارسی میں کنب، بنگ کہتے ہیں۔ اصطلاحی نام حشیش، حشیشۃ الفقراء۔ ورق الخیال، عرش نما۔ نشاط افزا، شہوت انگیز ہیں۔

بھنگرہ (ہ) ایک بوٹی ہے۔ جو پھولوں کی رنگت کے لحاظ سے سفید اور سیاہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ سیاہ پھول کا بھنگرہ کمیاب ہے۔

بھوج پتر (س) اسی نام سے مشہور ہے۔ ایک ہندی درخت کی چھال ہے۔

اس کا درخت کشمیر میں پیدا ہوتا ہے

بھوسی (ہ) اسی نام سے مشہور ہے۔ فارسی میں سبوس کہتے ہیں۔ اور اس سے بالعموم سبوس گندم مراد ہوتا ہے۔

بھول فرنگی (ہ) پھول فرنگی۔ پل پھرنگ۔ یہ افلنجہ کے نام ہیں۔ جوار کی کے مانند سرخ رنگ کے تلخ خوشبودار تخم ہوتے ہیں۔

بھوئیں آنولہ (ہ) آملہ زمینی۔ (ایک بوٹی ہے۔ اس کے پتے آملہ کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں، اور شاخوں کے نیچے ان کی ابتدا سے آخر تک آملہ سے مشابہ لیکن نہایت چھوٹے چھوٹے دانے ہوتے ہیں۔

بھوئیں نیب (ہ) نیم کی قسم ہے۔ جس کو نیال بھی کہتے ہیں۔ ایک بوٹی جو جو آدھ گز یا اس سے کم و بیش اونچی ہوتی ہے۔ اس کا ہر ایک جزو تلخ ہوتا ہے۔ اہل دکن اس کو چمائتہ کہتے ہیں۔

بہی (ہ) فارسی میں بہ۔ عربی میں سفرجل اور انگریزی میں کوئنس کہتے ہیں۔

بھیڑ (ہ) عربی میں ضان۔ فارسی میں گوسفند گوسپند کہتے ہیں۔

بھیڑیا (ہ) عربی میں ذئب۔ فارسی میں گرگ، پنجابی میں بھگاڑ کہتے ہیں۔

بہیڑا (ہ) عربی میں بلیلج۔ فارسی میں بلیلہ سنسکرت میں بھبھتیک کہتے ہیں۔ (بہیڑہ کا درخت) مشہور ہے۔

اس کا پھل بطور دوا مستعمل ہے۔ اور اسی نام سے مشہور ہے۔

بھینٹ (بہاری) چولائی۔

بھینس (ہ) مشہور اہلی جانور ہے۔ عربی میں جاموش، فارسی میں گاؤمیش اور پنجابی میں بھی۔ انگریزی میں بفالو کہتے ہیں۔

بیاّ (ہ) ایک قسم کی جڑ یا ہے۔

بیب (ہ) بابڑ۔ ایک قسم کی گھاس ہے جس سے چارپائی کے بان اور دیگر قسم کی رسیاں تیار کی جاتی ہیں

بیٹ / بیٹھ (ہ) جانوروں کا پاخانہ۔

بیت زنبور (ع) بھڑ کا چھتہ۔

بیت عنکبوت (ع) مکڑی کا جالہ۔

بیت (ہ) عربی میں خیزران۔ جسے فارسی میں چوب بیت کہتے ہیں (بیت بھی بانس کی ایک قسم ہے۔ اس کی بیل ہوتی ہے پتے بھی بانس کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

بیجبند (ہ) ایک نبات کے تخم ہیں۔ جو جو تخم پیاز کے مانند مثلث شکل کے ہوتے ہیں۔ یہ سرخ و سیاہ دو قسم کے پائے جاتے ہیں۔

بیخ بنفشہ (ف) بیخ سوسن

بیخ (ف) جڑ۔

بیخ انجبار (ف) انجبار کی جڑ مشہور ہے

بیخ تفتی (ف) شوکران کی جڑ۔

بیخ چکری (ف) ریوند

بیخ خوردہ (ف) باصطلاح خاص ہلدی۔

بیخ سنگ شکن (ف) پکھنا بکھمنی جسکو عربی میں بیروج الصنم کہتے ہیں۔

بیخ شامی (ف) باصطلاح خاص ریوند چینی

بیخ شیبی (ف) شوکران کی جڑ۔

بیخ مرجان (ف) عربی میں بسد، ہندی میں مونگے کی جڑ کہتے ہیں۔

بیخ مہک (ف) اصل السوس ملیٹھی۔

بید (ف) بید سادہ کے نام سے مشہور ہے۔

بید مشک (ف) اسی نام سے مشہور ہے عربی میں خلاف بلخی شام میں شاہ بید۔ اور روم میں بہرامج کہتے ہیں۔ (بید مشک کا درخت بید سادہ کے مشابہ ہوتا ہے۔ لیکن لمبائی میں چھوٹا ہوتا ہے۔ اس کا پھل بہت خوشبودار ہوتا ہے

بید انجیر (ف) ارنڈ۔

بید انجیر خطائی (ف) جمال گوٹہ

بیر (ہ) عربی میں نبق۔ فارسی میں کنار کہتے ہیں۔ درخت کو عربی میں سدر۔ اور فارسی میں درخت کنار کہتے ہیں۔

بیر بہوٹی (ہ) عربی میں دودالمطر۔ عرب فارسی میں کرم مخملی کاغذ کہتے ہیں (مشہور سرخ رنگ کا کیڑا ہے۔ جو اساڑھ ساون میں پیدا ہوتا ہے۔

بیش (ع) بچھناگ۔ بس۔ میٹھا تیلیہ

بیض (ع) مرغی کا انڈا۔

بیض الرماد (ع) خاکی انڈا۔

بیض المسلوق (ع) بھنا ہوا۔ اور جوش دیا ہوا انڈا۔

بیگن (ہ) عربی میں بادنجان۔ قہقب فارسی میں کہلت۔ ہندی میں بیگن۔ بھانٹا بھٹا کہتے ہیں۔

بیل (ہ) اسے پھل بھی کہتے ہیں۔ عربی میں سفرجل ہندی کہتے ہیں۔ مشہور پھل ہے۔ اس کا گودا بیلگری کے نام سے مشہور ہے۔

بیلگری (ہ) مغز بیل۔ بیل کے پھل کا گودا۔

(پ)

پاپڑ (ہ) اسی نام سے مشہور ہے۔ یہ ایک قسم کی روٹی ہے۔ جس کو آرد ماش میں نمک مصالحہ وغیرہ ملا کر نہایت باریک بنایا جاتا ہے۔ پھر کوئلوں پر سینک کر یا تیل میں تل کر کھاتے ہیں۔

پاپڑی نون (ہ) فارسی میں بورہ۔ اور عربی میں بورق کہتے ہیں۔

پات (ہ) پتے۔ بوٹیوں کے پتے۔

پاتا (ہ) فرید بوٹی۔

پاترا (ہ) جھولا۔ چڑیا کے مانند ایک پرندہ ہے

پاٹل (ہ) پاڈل۔ (ہندی درخت ہے)

پاچہ (ف) حلالی جانوروں کے پائے

پادا نون (ہ) کڑوا نمک۔ نمک تلخ

پاڈل (ہ) سنسکرت میں پاٹلا۔ اور ہندی میں پاڈل۔ پاڈر۔ سفید پاڈل کہتے ہیں۔ یہ ایک درخت ہوتا ہے۔

جو کئی قسم کا پایا جاتا ہے۔ آم کے درخت کے برابر بلند ہوتا ہے۔ اس میں پھلیاں لگتی ہیں۔ جو آدھ گز لمبی اور چار انگل تک چوڑی ہوتی ہے۔ اس کے درمیان روئی کی مانند ایک شے نکلتی ہے۔ اس کا پھول خوشبودار سفید و سرخ اور بعض سیاہ مائل بہ زردی ہوا کرتے ہیں۔ اور تخم مانند تخم نرگس کے ہوتے ہیں۔

پارہ (ہ) فارسی میں سیماب اور جیوا، عربی میں زیبق، انگریزی میں مرکری اور سنسکرت میں پارد کہتے ہیں۔

پارس (ہ) حجر کیمیا جس کے بارے میں مشہور ہے، کہ اگر وہ لوہے کو لگ جائے۔ تو وہ لوہا سونا بن جائے

پارس پیپل (ہ) پیپل کی قسم کلاں ہے اس کی شاخیں لمبی لمبی نیچے لٹکی ہوئی ہوتی ہیں۔ پتے گول، پتلے۔ پرتگیز اور پھول رنگا رنگ ہوتے ہیں۔ پھل گول۔ قدرے چپٹا لگتا ہے۔

پارٹھا (ہ) ہرن کی قسم سے ایک مشہور جانور ہے

پاکھان بید (ہ) پکھان بید۔

پاکر } پاکھرا } (ہ) سنسکرت میں پلکش۔ ہندی میں پاکھر پلکھن۔ اور پکریا کہتے ہیں۔ ہندی درخت ہے۔ اس کے پتے جامن کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس سے دودھ نکلتا ہے۔ لیکن

بہت کم اور پتلا ہوتا ہے۔ پھل
جامن کے برابر سفید رنگ اور
پکنے پر شیریں ہوتا ہے۔

پالک (ہ) مشہور ساگ ہے۔ عربی میں
اسفاناخ فارسی میں اسفناخ کہتے ہیں

پالک جوہی (ہ) ہندی بوٹی ہے۔ جس کو
گل بنگلہ بھی کہتے ہیں۔

پالودہ (ف) فالودہ مشہور ہے۔

پان (ہ) عربی اور فارسی میں تنبول،
انگریزی میں بیٹل اور فارسی میں
تانبول کہتے ہیں۔

پانڑی (ہ) ہندی دوا ہے مثل گھانس
کے نہایت خوشبودار ہوتی ہے۔

پانگا لون (ہ) ایک قسم کا کھاری نمک ہے
جس کو اودر بھد لون بھی کہتے ہیں۔

پانسل (ہ) پونڈرک۔ لوا۔ کے قسم سے
ایک پرندہ ہے۔

پان موڑ (ہ) ایک بوٹی ہے۔ جو انسان کے
قد تک بڑھتی ہے۔ اس کے پتے
موٹے۔ سخت۔ کنگرہ دار مانند
آرہ کے ہوتے ہیں۔ اگر پتے کو
زمین میں دفن کریں۔ اور پانی
دیں، تو وہ جم آتا ہے۔

پانی (ہ) عربی میں ماء۔ فارسی میں آب
انگریزی میں واٹر۔ لاطینی میں ایکوا،
سنسکرت میں نیر اور جل کہتے ہیں۔

پانی آملہ }
پانی آملک } (ہ) اس کے درخت پانی
کے قریب ہوتے ہیں۔ اس
کو کانٹے لگے ہوتے ہیں۔ اس کے

پھل بیر کے مانند سرخ ہوتے ہیں۔

پاہ (ہ) پتھر کی قسم سے ہندی دوا ہے، جو
امراض چشم میں خصوصیت سے مستعمل ہے

پای زاغاں (ف) آطریلال۔ کاگ چنگی۔

پیپر منٹ (ان) ست پودینہ۔

پپل }
پپلی } (ہ) پیپل

پپیتا (ہ) مثلث شکل کاسہ گوشہ خاکستری رنگ
کا سخت تخم ہوتا ہے۔ لاطینی میں اگنےشیا
امارا کہتے ہیں۔

پپیتہ }
پپیہ } (ہ) ارنڈ۔ خربزہ۔ ارنڈ ککڑی۔

پپیہا (ہ) مشہور پرندہ ہے۔ جو موسم برسات
میں نہایت سُریلی اور باریک آواز
سے بولتا ہے۔

پتّا (ہ) فارسی میں برگ۔ عربی میں ورق
انگریزی میں لیف۔ سنسکرت میں
پتر کہتے ہیں۔

پتّہ (ہ) فارسی میں زہرا۔ عربی میں مرارہ۔
اور انگریزی میں گال بلیڈر
کہتے ہیں۔

پتھاری (ہ) کنگھی جو ایک بوٹی ہے۔

پتھا پشگیا (ی) ایک درخت ہے جس
کے پتے مہندی کے پتوں سے
مشابہ ہوتے ہیں۔ اور ایسے
سخت ہوتے ہیں، کہ ناخنوں
کو چھیل ڈالتے ہیں۔ اسی واسطے
اس کو نکھ چھلنی بھی کہتے ہیں۔

پتال مدّہ (ہ) ایک قسم کا کیڑا ہے۔

دردرنگ اور انگوٹھے کے برابر
موٹا ہوتا ہے۔ اور اس کے اندر
شہد کے مانند ایک غلیظ اور لیسدار
رطوبت بھری ہوئی ہوتی ہے۔ زمین
کے اندر سے کھودتے وقت غلولہ
سا نکلتا ہے جس کے کسی طرف
سوراخ نہیں ہوتا۔ اس غلولہ کے
توڑنے سے کیڑا نکلتا ہے۔

پپیٹی (ہ) چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ ہے
جو ہمیشہ دُم ہلاتا رہتا ہے۔ اور کھڑ
رہتا ہے۔ اور خوش آواز بولتا
ہے۔ اس کا جسم کئی رنگوں سے رنگین
ہوتا ہے۔

پٹ بیجنا (ہ) کرم شب تاب۔ جگنو

پٹ ویوری (ہ) ابابیل۔

پترج (س) تیزپات۔

پتنگ (ہ) عربی میں اسے بقم۔ فارسی میں دردِ
برہنہ۔ انگریزی میں سیپن، ووڈ
کہتے ہیں (پہاڑی لکڑی ہے۔ جس
کی لکڑی سے سرخ رنگ نکالتے ہیں)

پت پاپڑہ (ہ) شاہترہ۔

پٹول (س) پلول۔

پتھر پھوڑی (ہ) پاشان بھیدی (ایک بوٹی
ہے، جو پتھروں میں پیدا ہوتی ہے اور
سنگ گردہ اور مثانہ کے
توڑنے میں کام آتی ہے۔

پتھری (ہ) سنگریزہ۔ کنکر۔ عربی میں
حصات کہتے ہیں۔

پتھر (ہ) فارسی میں سنگ۔ عربی میں حجر
انگریزی میں اسٹون اور سنسکرت
میں پاشان کہتے ہیں۔

پتھوڑن / پٹھوڑن (ہ) سنسکرت میں پرشنٹھ پرنی
کہتے ہیں۔ ایک بوٹی ہے، جو عموماً
گیہوں کے کھیتوں میں پیدا ہوتی ہے۔
اس کے پتے چار چار انگل لمبے اس
کے پھول سفید نیلگوں مائل ہوتے ہیں
پھلیاں باریک باریک لگتے ہیں۔

پٹھانی لودھ (ہ) ایک پہاڑی درخت
کی چھال ہے۔

پٹیر (ہ) مشہور پرندہ ہے۔

پٹیرا (ہ) عربی میں بردی۔ حفا۔ فارسی
میں پیرز کہتے ہیں (مشہور بوٹی ہے
جو پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہے۔
اور اس سے بوریے بنے جاتے ہیں

پیدا (ہ) چھوٹا سا پرندہ ہے۔

پدالون (ہ) نمک سیاہ۔

پدماکھ (ہ) ایک پہاڑی درخت ہے۔ جو
زیادہ تر کوہ ہمالیہ پر پیدا ہوتا
ہے۔ اس کو پھل نہیں لگتا پھول
آکر گر جاتے ہیں۔ اس کی لکڑی
پدماکھ کے نام سے بطور دوا
مستعمل ہے۔

پلست (ف) مستو۔

پستان (ف) عربی میں ثدی۔ ہندی میں
چوچی اور دودھی کہتے ہیں۔

پسترلنگ (ہ) چرچٹہ

پستہ (ف) مشہور میوہ ہے فستق اس
کا معرب ہے۔

پستۂ غالیہ (ف) م حب الآس۔
(مشہور دواء ہے)

پشو (ہ) اسی نام سے مشہور ہے۔ عربی میں طامرین، عدام، برغوث۔ فارسی میں کیک۔ ترکی میں آہو کہتے ہیں (مشہور جانور ہے، جو کپڑوں میں پیدا ہو جاتا ہے)

پکھان بید (ہ) مشہور جڑ ہے۔ سُرخ سیاہی مائل۔ توڑنے پر اندر سے سُرخ نکلتی ہے۔ عربی میں جنطیانا فارسی میں کوشادر۔ سنسکرت میں پاشان بھید، اور انگریزی میں جن شن روٹ کہتے ہیں۔

پکھراج (ہ) یاقوت زرد۔

پلاس (ہ) ڈھاک۔

پلاس پاپڑہ (ہ) تخم پلاس۔

پلاس پیپل (ہ) پیپل کی بڑی قسم ہے۔ اس کو پارس پیپل بھی کہتے ہیں۔

پل بھرنگ (ہ) سرخ رنگ کے تخم ہیں جو رائی کے مانند ہوتے ہیں۔

پلپل
پلپلی } (ف) گول مرچ

پلکھن (ہ) پاکر، مشہور ہندی درخت ہے۔

پلنگ (ف) بگھیرا۔ تیندوا۔

پلنگ توڑ (ہ) یہ کوئی مدوّن دوا نہیں۔ بلکہ ایک دوا کا مجوزہ نام ہے بعض افیون کو کہتے ہیں۔ اور بعض اس کے علاوہ۔ لیکن دہلی کے دواخانوں میں اس نام سے کسی پھل

یا جڑ کی آڑی تراشی ہوئی خشک شدہ سفید باریک قاشیں ملتی ہیں

پلول (ہ) اس کو پرول اور پڑول بھی کہتے ہیں۔ ایک بیلدار بوٹی کا پھل ہے۔ کندوری کے برابر ہوتا ہے۔ اس کا سالن پکا کر کھاتے ہیں۔

پنّا (ہ) زمرّد۔

پنّاگ (ہ) ہندی پھول ہے۔ بعض کے نزدیک پنواڑہ کا پھول ہے جسکو رکت کسیرا بھی کہتے ہیں۔

پنبہ (ف) روئی۔

پنبہ دانہ (ف) بنولہ۔

پنچامل (س) مرکب ہندی دوا ہے۔ جو ان پانچوں چیزوں سے مرکب کیجاتی ہے۔ املبید تنتڑیک۔ کھٹا انار۔ بیر بجورا۔

پنجنگشت (ف) سمبھالو۔

پنجہ مریم (ف) بخور مریم (ہاتھا جوڑی)

پنج چھیر (س) پانچ شیر دار درختوں کا دودھ۔ یعنی بڑ۔ پیپل۔ ڈھاک گولر۔ پاکھر۔

پنچکول (س) پیپل۔ پیپلا مول۔ چب۔ چیتہ۔ سونٹھ۔ ان پانچ چیزوں کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔

پنچمول (س) یعنی پانچ جڑیں۔ پنچمول دو قسم کا ہوتا ہے۔ خورد۔ کلاں۔ پنچمول کلاں میں بیل۔ ارنی۔ پاڈل کمبھاری۔ سیوناک کی جڑیں شامل ہیں اور پنچمول خورد کا اطلاق

گوکھرو۔ سال پرنی۔ پرشٹ پرنی بڑی کٹائی۔ چھوٹی کٹائی۔ ان پانچ بوٹیوں کی جڑوں پر کیا جاتا ہے۔ اور ان دسوں جڑوں کا مرکب دسمول کے نام سے مشہور ہے

پنڈالو (ہ) ایک جڑ ہے۔ جو ترکاری کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ بہار میں کندہ۔ لکھنؤ میں پنڈا کہتے ہیں۔ اس کی ایک قسم سرخ ہوتی ہے۔ اس کو رکتالو یا رتالو کہتے ہیں۔

پنڈول (ہ) ایک قسم کی سفید مٹی ہے جس سے ہندوستان میں مکانات سفید کیے جاتے ہیں۔

پنرنوا (س) سانٹھ کی جڑ۔ (بسکھپرہ کی قسم ہے)

پنواڑ (ہ) چکونڈ۔ (موسم برسات میں پیدا ہونے والی مشہور بوٹی ہے۔ جو آدھ گز یا اس سے کسی قدر زاید اونچی ہوتی ہے۔ اس کے نرم پتوں کا ساگ کھاتے۔ اور اس کے بیجوں کو دواؤں میں استعمال کرتے ہیں)

پنیالہ (ہ) پانی آملہ۔ ایک ہندی پھل ہے جو آلو کے برابر ہوتا ہے۔ اور اس کا ذائقہ شیریں ترشی مائل ہوتا ہے اور اس کے اندر سے پانچ چھ تخم نکلتے ہیں۔

پنیر (ف) منجمد شدہ دودھ کو کہتے ہیں جس کی ماہیت دور کر دی گئی ہو۔

پنیر مایہ (ف) چستہ۔ چاک (حیوانات کے بچوں کو جبکہ اس نے اول ہی دودھ پیا ہو۔ دوسری چیز نہ کھائی ہو۔ ذبح کر کے ان کا معدہ مع شیر کے نکال لیتے ہیں۔ اس کو تازہ۔ یا خشک کر کے کام میں لاتے ہیں۔ یہی پنیر مایہ کہلاتا ہے۔

پوپل (ف) سپاری

پودینہ (ف) عربی میں فوتنج اور اردو میں پودینہ کہتے ہیں۔

پودینہ صحرائی (ف) مشک طرامشیع۔

پوری (ہ) مشہور غذا ہے۔ جو کہ چھوٹی چھوٹی روٹی کی طرح بنا کر گھی میں پکا کر تیار کرتے ہیں۔

پوست (ف) چھال۔ کھال۔

پوست مار (ف) کینچلی۔

پونڈا (ہ) سفید گنا۔

پوئی (ہ) ہندی بیلدار بوٹی ہے۔ پتے پان کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ لیکن اس سے موٹے اور لیسدار ہوتے ہیں۔ پھل سیاہ بنفشئی رنگ کے مکوئے کے پھل کے برابر ہوتے ہیں

پھالسہ (ہ) فالسہ۔ (مشہور پھل ہے)

پھٹکری (ہ) فارسی میں شب یمانی۔ عربی میں زاج ابیض۔ انگریزی میں ایلم کہتے ہیں

پھرپھیندو (ہ) اندرائن۔

پھرہد (ہ) ایک درخت ہے۔ اس کی چھال

بطور دوا مستعمل ہے

پھکر مول (ہ) سنسکرت میں پشکر مول گجراتی میں پوکر مول کہتے ہیں (کوٹھ کے مانند ایک نبات کی جڑ ہے)

پھکر بنڈہ (ہ) بعض مقامات میں اس کو رتن جوت کہتے ہیں۔ جو ارنڈ کے درخت کے برابر ہوتا ہے پتے بھی اسی کے مانند ہوتے ہیں۔

پھلوا (ہ) ایک قسم کا تیل ہے۔ جو ایک درخت سے نکلتا ہے۔ اسی نام سے مشہور ہے

پھلیندا (بہاری) جامن کی ایک قسم ہے۔

پھوٹ (ہ) ہندی مشہور پھل ہے - خربوزہ کی قسم سے ہے۔ بعض اس کو دستنبویہ کہتے ہیں۔ اور بعض اس کو عربی میں مقلونیا اور بعض قوارۃ البطیخ کہتے ہیں۔

پھوکر مول (ہ) پھکر مول

پھول فرنگی (ہ) اقلیخہ۔

پھیکی (ہ) ایک بیلدار بوٹی ہے۔ جو دکن میں زیادہ پیدا ہوتی ہے

پھینس (بہاری) پیوسی۔

پیا بالسہ (ہ) بالسہ کی ایک قسم ہے۔

پیار انگا (ہ) مشہور جڑ ہے جس کی رنگت زرد مائل بہ سرخی چمکدار ہوتی ہے۔ پرانا ہونے پر رنگ تبدیل ہوکر سیاہ مائل رنگ ہو جاتا ہے۔ مزہ نہایت تلخ ہوتا ہے۔

پیاز (ف) سنسکرت میں پلانڈو، عربی میں بصل۔ انگریزی میں اونی آن۔ ہندی میں پیاج اگنٹھا۔ پنجابی میں گنڈا کہتے ہیں۔ مشہور چیز ہے۔

پیاز دشتی، پیاز موش (ف، عربی میں عنصل بصل الفار۔ فارسی میں اسقیل سنسکرت میں بن پلانڈو انگریزی میں سکوئل کہتے ہیں۔

پیازی (ف) ایک گھاس ہے، جو گیہوں کے کھیت میں ہوتی ہے اسی کو گندنا اور بوگاٹ بھی کہتے ہیں۔

پیپل درخت (ہ) سنسکرت میں پیپل اور فارسی میں درخت الرزان کہتے ہیں۔ (مشہور درخت ہے)

پیپل (ہ) عربی میں دار فلفل۔ فارسی میں فلفل دراز۔ انگریزی میں لانگ پیپر پنجابی میں گمہان سنسکرت میں پپلی جل پترک چپلا کہتے ہیں۔

پیپلا مول (ہ) عربی میں فلفلمویہ۔ فارسی میں پلپلموبہ۔ سنسکرت میں پپلی مول گرندھکیم کہتے ہیں۔

پیتل (ہ) عربی میں شبہہ۔ فارسی میں برنج۔ سنسکرت میں آرکوٹ۔ پتل تیلنگی میں انڈی۔ انگریزی میں براس کہتے ہیں۔ (پیتل مشہور دھات ہے جو تانبے اور جست سے مرکب کرکے بنائی جاتی ہے۔

پلیٹھا (ہ) بھورا کولہ۔ کمینڈہ۔ تربوز

کے برابر مشہور پھل ہے۔ جس کی
مٹھائی بنا کر کھائی جاتی ہے

پیچ (ہ) مانڈ۔ (جوشدادہ چاولوں کا پانی)

پیل (ف) ہاتھی۔

پیلو (ہ) مشہور درخت ہے۔ عربی میں
اراک۔ فارسی میں درخت مسواک
اور اردو و ہندی میں جال کا درخت
اور مسواک کا درخت بھی کہتے ہیں۔

پیوسی (ہ) کھیس۔ پیوہ۔ پیوکھیہ (گائے
بھینس وغیرہ کا گاڑھا دودھ۔ جو
بچہ پیدا ہونے کے بعد دو چار روز
تک آتا رہتا ہے۔

پیہ قاوندی (ف) پھلوا۔

(ت)

تاتورہ / تاتولہ } (ف) دھتورہ

تاج خروس (ف) ہورا۔ کلغہ۔

تاج ریزی (ف) مکو۔

تاڑ (ہ) مشہور درخت ہے۔ اس کی
لمبائی بیس گز تک ہوتی ہے۔
تنہ نہایت مضبوط۔ چوٹی پر
چھوارے، یا کھجور کے مانند
پتے ہوتے ہیں۔

تارپین (ف) ایک قسم کی رطوبت ہے جو رال
اور روغن سے ملی ہوئی ہوتی ہے۔
اور چیڑ کے درخت کی ایک قسم سے نکلتی ہے

تارہ مکھی (ہ) سون مکھی۔

تاڑی (ہ) تاڑ کا رس۔ جو کہ درخت تاڑ سے
خود بخود ٹپکتا ہے۔ یہ نشیلا ہوتا ہے

تالیسپتر (ہ) ہندی دوا ہے۔ عربی میں زرنب
اور طالیسفر کہتے ہیں۔

تالمکھانا (ہ) مٹیالے رنگ کے تل کے برابر
تخم ہیں۔ جو نہایت لیسدار
ہوتے ہیں۔

تانبا (ہ) عربی میں نحاس۔ قلز۔ فارسی میں
مس، انگریزی میں کاپر۔ سنسکرت
میں تامرا کہتے ہیں (مشہور دھات ہے)

تانبول / تانبل } (ف) پان۔

تباشیر (ف) طباشیر (بنسلوچن)

تباکیر (ہ) تواکھیر۔ طباشیر کے مانند دوا ہے

تپتپی ایک بوٹی ہے۔ جس کا مزہ ترش
ہوتا ہے۔ اس کا ساگ بھی
پکاتے ہیں۔ کھٹکل۔ کھٹی بوٹی۔ ٹامی بوٹی
بھی کہتے ہیں۔

تبرزد (ف) نبات یا ایک قسم کا نمک ہے۔

تبن (ع) گھاس۔ بھوسی۔

تبن مکہ / تبن کعبہ } (ع) اذخر۔

تتن (تر) تمباکو۔

تتیا (ہ) بھڑ۔ زرد رنگ کا نام ہے۔

تخم تراتیزک (ف) ہالوں۔

تج (ہ) عربی میں قرفہ کہتے ہیں۔ (ایک
درخت کی خوشبودار چھال ہے۔ جو
دارچینی کے مشابہ ہوتی ہے)

تخم ابہر (ف) اندرجو۔

تخم کھرفہ (تخم چوکا۔

تخم تو نز (ف) گیاہ خندان کے شکل پر ایک دوا ہے۔

تخم جلملی (ہ) یہ دوا علاج الامراض میں مذکور ہے۔ اگر اس سے تخم کلملی مراد لئے جائیں، تو صرف یہ خارجی طور پر چہرے کی رنگت نکھارنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ لیکن تخم جلملی کتاب مذکور میں ایک مقوی باہ نسخے میں درج ہے۔

تخم خلیل و خال (ف) کاک۔ چنگی۔ مسی

تخم دھمنتر (ہ) ہندی دوا ہے۔ کسی درخت کے بیج ہوتے ہیں۔

تخم ریل (ف) ابہل۔

تخم سپندان (ف) ہالون

تخم اشترہبتی (ف) تخم بابری۔

تخم شہرہ (ف) خاکسی۔

تخم قنب و کنب (ف) شہدانہ۔

تخم کاج (ف) چلغوزہ۔

تخم کاجیرہ
تخم کساجرہ
تخم کافشہ } (ف) کسنبہ کے بیج۔

تخم کلبلی (ہ) خاکسی نے مانند دانہ ہے۔

تخم کونچہ (ف) باقلائے مصری۔

تخم گل (ف) گلاب کا تخم۔

تخم مرغ (ف) مرغی کا انڈا۔

تخم نیلوفر ہیچ (ف) کالا دانہ۔

تدرج (ف) معرب تدرو۔ لوا۔

تدرو (ف) لوا۔

تدہارا (ہ) زقوم۔ تھوہر کی ایک قسم ہے۔

تُراب (ع) مٹی

تراب الفار
تراب الہالک } (ع) سم الفار (سنکھیا)

ترایمان
ترایمانا } (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے۔ اسکے پتے زمین پر مفروش ہوتے ہیں۔ اور درمیان سے دو ڈنڈی نکلتی ہیں۔ اس کے تخم بطور دوا مستعمل ہیں۔

ترب (ف) مولی۔

تربد (ع) نسوت۔

تربوز (ہ) فارسی میں خربزہ ہندی ہندوانہ۔ عربی میں بطیخ ہندی کہتے ہیں۔

ترپھلا (ہ) ہلیلہ۔ بلیلہ اور آملہ تینوں کو ملا کر کہتے ہیں۔

ترجاتک (س) فاقلہ صغار۔ قرفہ اور سافج مساوی الوزن کو کہتے ہیں۔

ترسگندہ (س) ترجاتک (چھوٹی الائچی۔ تج تیزپات۔ مساوی الوزن کا مجموعہ)

ترکٹا (ہ) گول مرچ۔ پیپل۔ سونٹھ تینوں کو ملا کر کہتے ہیں۔

ترکنٹک (س) گوکھرو۔

ترگندا (س) چھوٹی الائچی۔ تج۔ تیزپات تینوں کو ملا کر کہتے ہیں۔

ترلوہ (س) سونا۔ کانسی اور تانبہ کے مرکب کو کہتے ہیں۔

ترہرہ
تاراھرہ } (ہ) مشہور دوا ہے۔ ترا تیزک سے مشابہ ہوتی ہے۔ جنگلی اور باغی دو قسم کی ہوتی ہے۔ اس کے تخم روغن کا ز بطور کوٹھو میں نکالا جاتا ہے۔

ترمڑی (ہ) گگو کے مانند ایک بیل ہے اس کے پتے کھجور کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

ترمس (ع) فارسی میں باقلائے مصری۔ ہندی میں جھالر کہتے ہیں

ترن (ہ) سنترن۔ سنترے (سیوتی)

ترنج (ف) اترج۔ (بجورا)

ترنجان (ف) بادرنجبویہ۔ (بلی لوٹن)

ترنجبین (معرب) فارسی میں ترنگبین۔ عربی میں عسل الحاج۔ ہندی میں شکر جواسا کہتے ہیں۔ (ایک قسم کی شبنم ہے۔ جو شام و خراسان وغیرہ ممالک میں جواسہ کے پودوں پر گرتی۔ اور منجمد ہو جاتی ہے۔ اور اس کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے)

ترور (ہ) جنگلی درخت ہے۔ اس کے پتے سنا کے مانند ہوتے ہیں۔ اس کی ہر ایک شاخ پر پھولوں کا گچھا لگتا ہے۔ جس کا رنگ زرد ہوتا ہے پھلی چھوٹی اور چوڑی ہوتی ہے۔ اور ان میں تخم کلتھی کے مانند ہوتے ہیں اس کی دوسری قسم بھی ہے جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

ترہ تیزک (ہ) ترہ، مشہور دوا ہے۔

تریاق (ع) افیون (علاوہ ازیں ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو زہروں کو دفع کرے)

تریاک (ف) عربی میں تریاق یا افیون کہتے ہیں

تری پھل (س) ترپھلا۔ ہڑ، بہیڑہ، آملہ

تشمیزج (معرب اچشمیزج) (چاکسو)

تفاح (ع) سیب۔

تفاحیہ (ع) ایک غذا ہے۔ جو سیب سے تیار کی جاتی ہے۔

تکمی (بہاری) کوکنار۔ خشخاش کا پھل۔

تگرگ (ف) جلید (اولہ)

تگر (ہ) سریانی میں اسارون۔ ہندی میں تگر۔ گٹھونہ کہتے ہیں سنسکرت میں بھی اس کا یہی نام ہے۔ ایک نبات کی جڑ ہے۔ گرہ دار اور خوشبودار ہوتی ہے

تل (ہ) فارسی میں کنجد۔ سمسک۔ عربی میں سمسک اور حل کہتے ہیں۔

تلخ ہندوانہ (ف) عربی میں حنظل۔ اور ہندی میں اندرائن کہتے ہیں۔

تلسی (ہ) مشہور ہے۔ ریحان کی قسم ہے۔

تلسی جنگلی (ہ) بادروج۔

تلی (ہ) عربی میں طحال۔ فارسی میں سپرز انگریزی میں اسپلین سنسکرت میں پلیہا پنجابی میں لپھ کہتے ہیں۔

تلیر (ہ) مشہور پرندہ ہے۔ جو بلبل سے کسیقدر بڑا ہوتا ہے۔ موسم بہار میں دیکھا جاتا ہے۔ توت بہت زیادہ کھاتا ہے۔

تماں (ہ) ببول۔ نیز پنجابی میں اندرائن کے پھل کو بھی کہتے ہیں۔ اور کدوئے تلخ کا بھی نام ہے۔

تمباکو (ہ) تنباکو۔

تمال (ہ) تیزپات کا درخت یا تیزپات یا سرو کا درخت۔

تمال پتر (ہ) عربی میں ساذج۔ ہندی میں تیزپات کہتے ہیں۔

تمبا (ہ) گوماں بوٹی۔ مشہور بوٹی ہے۔ جو
فصل خریف میں مکی وغیرہ کے کھیتوں
میں پائی جاتی ہے۔

تمر (ع) خرما۔

تمر ہندی (ع) املی۔ انبلی۔

تمساح (ع) نہنگ۔ مگرچھ

تن (ہ) نیب کے مانند ایک درخت ہے
اصلی لکڑی گلابی سرخ رنگ کی ہوتی ہے

تمباکو (اردو) تماکو اور تماکو بھی کہتے ہیں۔
ترکی نام تتن اور انگریزی نام
ٹوبے کو ہے۔ یہ مشہور بوٹی ہے۔
اس کے پتوں میں گڑ کا شیرہ ملا کر حقہ
پھر اس کا دھواں استعمال کرتے ہیں۔

تنبول (ف) پان

تنتریکا (ہ) سیماق ہندی

تنفرو نی خطائی (ف) دوائے کے قرص ہیں
جو ملک خطا سے لائے جاتے ہیں اس
کو عربی میں عصارہ حیات سینی کہتے ہیں۔

تمس (ہ) کیکر کے مانند ایک درخت ہے جس کی لکڑی
دواؤں میں استعمال کی جاتی ہے۔

تو ابل (ع) گرم مصالحہ۔

تو اکھیر (ہ) ایک ہندی دوا ہے جس کے ٹکڑے
نشاستہ کے مانند اور نرم۔ جلد
ٹوٹنے والے ہوتے ہیں۔ منہ میں ڈالنے
سے جلد گھل جاتے ہیں۔ اور بشکل چمن کی
بو آتی ہے۔

توبال نحاس (ع) رنگ چونا تانبے کی میل

توبال حدید (ع) لوہے کی میل۔ زنگ۔

تمر الحمیر (ع) بہد واں ہے

تنکار (ف) سہاگہ۔

ٹنکن کھار (س) سہاگہ۔

توتیا معرب (دو دیل) فارسی میں سنگ سرمہ
انگریزی میں سلفیٹ آف کاپر۔ عربی میں
حجر لیل۔ فارسی میں سنگ سعری بھی کہتے ہیں

توتیائے اخضر (ع) توتیائے سبز۔ توتیائے
ہندی۔ نیلا تھوتھا۔

توتیائے ہارونی (ع) ایک بوٹی کی جڑ ہے
جو باہر سے سرخ تیر کی مائل اور اندر سے سفید
ہوتی ہے اور پانی کے قریب پیدا ہوتی ہے

تو دری (ہ) عربی میں توذری۔ تودریج۔
بزر الخم۔ بزر الہدہ قصیصہ فارسی
میں تدری۔ قدمر۔ ہندی میں
تودری اور ودری کہتے ہیں۔
(ایک نباتات کے تخم ہیں۔ جو دانہ
مسور سے بہت چھوٹے اور کسیقدر
چپٹے ہوتے ہیں)

تُور (ہ) ارہر کی خاص قسم ہے۔

توری (ہ) مشہور پھل ہے۔ اس کی ترکاری
پکا کر کھائی جاتی ہے۔ یہ تین قسم کی
ہوتی ہے۔ (۱) گھیا توری (۲) ارہ
توری (۳) تلخ توری (۴) توری تلخ
شدید تے آور ہوتی ہے۔

توری (ہ) ایک بیلدار سرخ رنگ کی بوٹی ہے
ہے۔ اس کے پتے پنجا کبوتر کے مانند
اور شاخ ہائے کبوتر سے مشابہ
ہوتی ہیں۔ اس بوٹی کا سالن
بناتے ہیں۔

تونبہ (ہ) حنظل اندرائن۔

تھوتھہ (ہ) نیلا تھوتھا

تھور (ہ) سیہنڈ۔ مشہور شیر دار درخت ہے
ڈنڈا تھور۔ تدھانا اور چودھارا تھور
وغیرہ مختلف قسم کا ہوتا ہے)

تھوک (ہ) عربی میں بزاق کہتے ہیں
(منہ کا لعاب)

تیتر (ہ) عربی میں دُرّاج۔ فارسی میں
بودو کہتے ہیں مشہور پرندہ ہے۔

تیجپات (ہ) ہندی میں پترج۔ عربی میں
ساذج ہندی کہتے ہیں۔ (ایک
درخت کے پتے ہیں۔ برگد کے پتوں
سے مشابہ ہوتے ہیں۔ گرم مصالحہ کا
ایک جزو یہ بھی ہے۔ علاوہ ازیں
بطور دوا بھی مستعمل ہے)

تیجبل (ہ) ایک ہندی دوا ہے۔ جو کہ ایک
پہاڑی درخت کی لکڑی یا چھال ہوتی ہے

تیز پلت (ہ) تیج پات۔

تیسی (ہ) بزرکتان (السی)

تیغال (ف) فکر تیغال۔ مشہور دوا ہے)

تیل (ہ) فارسی میں روغن۔ عربی میں دُہن
اور انگریزی میں آئل کہتے ہیں۔ تخموں کا تیل
مثلاً سرسوں السی۔ تخم کدو کا تیل)

تیلن / تیلنی مکھی } (ہ) عربی میں ذراریح۔ فارسی
میں شنکر سین۔ انگریزی میں
کین تھیری۔ ڈیز بلسٹرنگ
فلائی کہتے ہیں۔

تین (ع) انجیر۔

تین احمر / تین احمق } (ع) گولر۔

تیندو / تیندوک } (ہ) تیمرو (دکھنی) ایک
ہندی جنگلی درخت کا پھل
ہے۔ اس درخت کے جوف سے
سیاہ رنگ کی لکڑی نکلتی ہے
مالوہ والے اس کو آبنوس کہتے ہیں۔

تیندوا (ہ) پلنگ۔ بگھیرا) مشہور
درندہ ہے۔ جو چیتے کے مشابہ لیکن
اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اس کی جلد
پر سیاہ نقطے ہوتے ہیں۔

تیوارج (ع) چھال بڑا ولایتی (اندر جو کے
درخت کی چھال)

تیہو رف (ع) عربی میں طیہوج کہتے ہیں۔ ایک
مشہور پہاڑی پرندہ ہے۔ بوا سے
کسیقدر چھوٹا ہوتا ہے

(ٹ)

ٹاہلی (پ) شیشم۔

ٹانکل / ٹانکلی } (ہ) بلائین کے برابر ایک درخت ہے۔

ٹٹیری (ہ) ایک پرندہ ہے جو عموماً دریاؤں
اور جھیلوں کے پاس رہتا ہے۔ اور
ٹیں ٹیں کی زور دار آواز نکالتا ہے

ٹڈی (ہ) عربی میں جراد۔ اور فارسی میں
ملخ کہتے ہیں۔

ٹرپن ٹائن (ان) تارپین۔

ٹسر (ہ) ایک قسم کا کپڑا ہے۔ جو
ایک قسم کے کیڑے سے مکان
سے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ کیڑا عموماً
کیکر اور بیر کے درخت پر رہتا ہے۔

ٹکورا (بہاری) کچا آم - انبیہ۔

ٹنڈا (ہ) ڈھینڈس ایک پھل ہے۔ جس سے ترکاری بنائی جاتی ہے یہ گول گول اور تقریباً پاؤ سیر وزن تک ہوتے ہیں۔

ٹوڈرو (ہ) نمری۔

ٹوڈرہ (ہ) سمائی / ٹیر کی ایک قسم ہے

ٹیسو (ہ) ڈھاک کا پھول

ٹینٹ (ہ) کریل کا پھل۔ (پنجابی میں ڈیلے کہتے ہیں

ٹینڈس (ہ) ٹنڈا

(ث)

ثافسیا (معرب) اسفید رنگ کا سخت گوند ہوتا ہے جو انزروت سے مشابہت رکھتا ہے تلخ و تیز ہوتا ہے۔

ثدی (ع) پستان۔ (چھاتی)

ثرب (ع) پیٹ میں ایک چربیدار پردہ ہے

ثرید (ع) ایک قسم کی غذا ہے۔ روٹی شوربے میں چوری جاتی ہے

ثعلب مصری۔ مشہور / خصیۃ الثعلب

ثلج (ع) برف

ثمر (ع) پھل

ثمرۃ الاثل (ع) چھوٹی مائیں۔

ثمر پشہ (ف) گولر۔

ثمرۃ الطرفا (ع) جھاؤ کے پھل

ثؤلول (ع) فارسی میں زگخ۔ ہندی میں ہل کہتے ہیں

ثوم (ع) فارسی میں سیر ہندی میں لہسن کہتے ہیں۔

(ج)

جالون (ہ) اصل السوس

جال (ہ) اراک۔ (پیلو)

جالا تھی (ہ) ایک ہندی دوا ہے بعض کے نزدیک شیطرنج ہندی دوا ہے۔

جام پھل (ہ) امرود۔

(ہ) مشہور پھل ہے۔ درخت بھی جامن کے نام سے مشہور ہے سنسکرت میں جمبو بنگالی میں جام۔ اور انگریزی میں جمبل کہتے ہیں۔

جاموش (ع) فارسی میں گاؤمیش، ہندی میں بھینس کہتے ہیں۔

جانا پنڈ ھد (ہ) پپیتے کے برابر ایک پھل ہے اس کا ذائقہ شیریں اور ترش ہوتا ہے پوست باریک اور سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ اور اس کے اندر دانہ انار کے مانند لیکن اس سے چھوٹا تخم نکلتا ہے

جاوتری (ہ) عربی میں بسباسہ۔ فارسی میں بزباز چار کون سنسکرت میں جاتی پتری کہتے ہیں یہ جائے پھل کے اوپر کا چھلکا ہوتا ہے

جاورس (ع) باجرہ (مشہور غلہ ہے)

جاورس ہندی (ع) جوار (مشہور غلہ ہے)

جاوزہرج (معرب) گاؤ زہرہ (گاؤ دریش کے نام سے مشہور ہے)

جاوشیر (معرب) فارسی میں گاؤشیر انگریزی میں گیل بے حم کہتے ہیں۔ ایک قسم کا گوند ہے۔ اگر اس کو پانی میں حل کیا

جاتے ہے۔ تو پانی مثل گاؤ شیر کے
ہو جاتا ہے۔

جائے (ہ) ایک بوٹی ہے۔ جو دو گز تک
بلند ہو جاتی ہے۔ اس کے پتے
موتیا کے پتوں سے مشابہ۔ لیکن
ان سے چھوٹے۔ اور غنچہ چنبیلی کے
غنچے کے مانند ہوتا ہے۔ لیکن اس سے
زیادہ چھوٹا ہوتا ہے۔ پھول بہت
زیادہ نازک اور خوشبودار،
آٹھ پنکھڑیوں والا ہوتا ہے۔

جائے پتری (ہ) جاوتری۔

جائے پھل (ہ) عربی میں جوزبوا، جوز
الطیب۔ فارسی میں جوزبوا سنسکرت میں جاتی پھل
انگریزی میں نٹ مگ کہتے ہیں۔

جبسین (ع) فارسی میں سنگ گچ۔ سنگ شیریں
کہتے ہیں۔ پتھر کی ایک قسم ہے۔ جو بہت دانہ
زود شکن۔ اور سفید و شفاف
ہوتا ہے۔

جیلاہنگ } (ف) جنگلی تل۔ (چھوٹے چھوٹے
جیلہنگ } زرد رنگ کے تودری کے مشابہ
تخم ہوتے ہیں)

جُبُن (ع) پنیر۔ دودھ کا غلیظ حصہ
جو اس کو پھاڑنے پر پانی علیحدہ
کرنے پر باقی رہتا ہے۔

جٹاماسی (ہ) بالچھڑ۔

جدوار (معرب) فارسی میں زدوار۔
ہندی میں نربسی کہتے ہیں۔ ناگرموتھ
کے مانند اور مخروطی شکل کی ایک
جڑ ہوتی ہے۔ اس کی مختلف قسمیں
ہیں۔ ایک قسم جدوار خطائی ہے۔
جو "خطا" نامی پہاڑوں سے آتی ہے
جدوار مجرب (ع) آزمایا ہوا جدوار۔
جدوار اصلی

جدی (ع) بزغالہ۔ (بکری کا بچہ)

جرط (ہ) فارسی میں بیخ، عربی میں اصل
کہتے ہیں

جراد (ع) فارسی میں ملخ۔ ہندی میں ٹڈی کہتے ہیں

جمہ جیر (ع) ترمرا۔ (تارہ میرہ)

جزریہ (ع) ایک قسم کی غذا ہے۔ جو گاجر
سے بنائی جاتی ہے۔

جزع (ع) آنکھ کے مانند ایک پتھر ہے۔
عین الہرۃ (لسنیہ) اسی کی قسم ہے۔

جوزنازج (ع) گرنازج۔ (بڑی مائیں)

جست (ہ) عربی میں شبہ خارصینی۔ فارسی میں
روی توتیا۔ انگریزی میں زنک
کہتے ہیں۔ مشہور دھات ہے۔

جعل (ع) ایک قسم کا کیڑا ہے۔ جو گوبر میں
پیدا ہوتا ہے

جغرات (ف) ہندی میں دہی۔ اور فارسی
میں ماست بھی کہتے ہیں۔

جفت بلوط (ف) بلوط کا چھلکا۔

جگر (ف) عربی میں کبد۔ ہندی میں کلیجہ
کلیجی۔ اور انگریزی میں لوگر کہتے ہیں۔

جگنو (ہ) فارسی میں کرم شب تاب عربی میں
حباحب۔ ہندی میں جگنی۔ پٹ بیجنا
اور جگنگ جگنی بھی کہتے ہیں

جلاب (معرب) ایک قسم کا شربت ہے۔
جو گلاب میں شکر یا شہد کے ملانے

سے بنتا ہے۔ یاسمین تخم

جلاپا (ان) انگریزی میں جلپ کہتے ہیں۔ ایک
قسم کی جڑ ہے۔ جو امریکہ کے شہر جلاپا
میں پیدا ہوتی ہے۔

جلپ }
جیلپ } (ان) جلاپا بھی کہتے ہیں۔ مشہور
مسہل دوا ہے

جل بیتس (ہ) ہندی دوا ہے

جل بھونرہ (ہ) قطرب۔ کرم جولاہا (پانی
کا ایک جانور ہے جو پانی میں
نہایت تیزی سے ادھر ادھر حرکت
کرتا ہے

جل پیپل (ہ) ایک مفروش بوٹی ہے۔
جو پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہے۔
اس کی شاخیں لمبی اور گرہ دار
ہوتی ہیں۔ اور ہر ایک گرہ کے
نیچے باریک جڑ ہوتی ہے۔ پتے
کنگرہ دار ناخن کے برابر ہوتے
ہیں۔ شکل میں چنے کے پتوں سے
مشابہ۔ لیکن ان سے بڑے اور
موٹے ہوتے ہیں۔ ہر دو پتوں
کے درمیان پیپل (فلفل دراز)
کے مانند پھل ہوتا ہے۔

جل نیج (ہ) ایک تخم ہے جس کو پیس کر
اگر گدلے پانی میں حل کر لیا جائے
اور تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیا
جائے، تو گارے اجزا اتہ نشین
ہو جائیں گے۔ یا آڑو کے تخم کا
مغز یا نرملی

جل دھنیا (ہ) جل نیم۔

جلنار (معرب) گلنار فارسی۔ انار کا پھول

جلنجبین (معرب) گل انگبین فارسی۔ گلقند عسلی

جل نیم (ہ) جل دھنیا' ایک ہندی تلخ
بوٹی ہے جو پانی کے کنارے پیدا ہوتی
ہے۔ مثلاً باریک اور اس پر چھوٹے چھوٹے
پتے لگے ہوتے ہیں۔ مزہ تلخ ہوتا ہے۔

جلوزہ (ع) چلغوزہ۔

جلیبی (ہ) عربی میں زلابیہ۔ فارسی میں حلوائے
زلیبی کہتے ہیں مشہور مٹھائی ہے۔

جلید (ع) فارسی میں تگرگ۔ ژالہ اور ہندی
میں اولے کہتے ہیں

جمادی الاخی (ع) باصطلاح خاص مردار سنگ
کو کہتے ہیں۔

جمال گوٹہ (ہ) حب السلاطین فارسی میں
تدبیدہ انجیر خطائی سنسکرت میں جیپال
انگریزی میں کروٹن سیڈس کہتے ہیں ایک
نبات کے تخم ہیں۔ تخم ارنڈ سے مشابہ
ہوتے ہیں۔ تیز اور قوی مسہل۔

جمبل (ان) جامن۔

جمبو (س) جامن۔

جمد (ع) فارسی میں یخ کہتے ہیں۔ جما ہوا پانی
جو سردی سے جما ہو۔

جمیز }
جمیز }
جمز } (ع) فارسی میں انجیر آدم۔ ہندی
میں گولر کہتے ہیں۔ ایک بڑے
درخت کا مشہور پھل ہے جو کچے پن
میں سبز اور پکنے کے بعد سرخ
ہو جاتا ہے۔

جنز (ان) سونٹھ۔

جنبذ (ع) کلی جو کھلی ہوئی نہ ہو۔ اکثر انار

کاکی پر بولا جاتا ہے۔

جنبیری
جمیری } (ی) نیبوں کی قسم ہے۔

مجمر گراس (دان) ذخر گیا۔

جند بید ستر (معرب) (مشہور) فارسی میں
جند باد ستر } گند باد ستر کہتے ہیں۔ ایک
دریائی جانور کا خصیہ ہے جو کتے جیسا ہوتا
لیکن اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے

جنشین روٹ۔ (ان) جنطیانا

جنطیانا (ہ) ریگیان بید۔ (مشہور جڑ ہے)

جنگلی بیر (ہ) فارسی میں کنار صحرائی کہتے ہیں
مشہور پھل ہے۔

جنگلی تکسن (ہ) بادروج

جنگلی مولی (ہ) عربی میں فجل بری (فارسی
میں ترب دشتی۔ یونانی میں افیوس
انگریزی میں ہارس ریڈش روٹ
کہتے ہیں

جو (ت) عربی میں شعیر ترکی میں ارپا
سنسکرت میں یو۔ انگریزی میں
بارلی کہتے ہیں۔

جوار (ہ) مشہور غلہ ہے۔ جوار کلاں کو مکئی
کہتے ہیں۔ اور جوار خورد جوار کے
نام سے مشہور ہے

جواسا
جونسہ } (ہ) خاردار مشہور بوٹی ہے۔ جو
ندیا دل کے کنارے بکثرت پائی جاتی
ہے۔ فارسی میں خار شتر کہتے ہیں۔

جواکھار (ہ) ایک قسم کا کھار یا نمک ہوتا
ہے۔ جو جو کی راکھ سے تیار کیا
جاتا ہے سنسکرت میں یوکشار

انگریزی میں سات آف ٹار
پوٹے سیم کا بونٹ کہتے ہیں

جوتری (ہ) جاوتری

جوز توڑ (ہ) سندی گھاس ہے جو تالاب
اور جھیل کے قریب پیدا ہوتا ہے
اسے گھٹا بھی کہتے ہیں۔

جوز جندم (ع) ایک قسم کا جوز ہے
ایک ہندی درخت کا زہریلا اور
نشہ آور پھل ہے۔

جوز (معرب) اخروٹ

جوز الابہل (ع) ابہل۔

جوز بوا (ع) جائے پھل

جوز السرو (ع) سرو کا پھل

جوز الطرفا (ع) جھاؤ کا درخت

جوز الطیب (ع) جوز بوا

جوز القی (ع) مین پھل۔ (ایک ہندی
درخت کا پھل ہے۔

جوز الماثل
جوز ماثل
جوز ہالک
جوز مقاتل
جوز ماتم } (ع) دھتورہ۔

جوز ہندی (ع) ناریل

جولاہہ (ہ) قطرب، ایک چھوٹا سا جانور
ہوتا ہے۔ جو موسم برسات میں
تالابوں میں سطح پانی پر پیرا کرتا ہے

جوللو (ف) سولف۔

جوں (ہ) عربی میں قمل کہتے ہیں مشہور
کیڑا ہے۔ جو انسان کے جسم اور کپڑوں

میں پیدا ہوتا ہے

جونری (ہ) جوار

جونک (ہ) فارسی میں زلو کہتے ہیں یہ ایک مشہور کیڑا ہے۔ نیز ایک ہندی بوٹی ہے۔ جس کا پھل جونک کے مشابہ ہوتا ہے۔

جھہری جوائن (ہ) درمنہ۔

جوہی (ہ) جائی جوئی۔ (مشہور خوشبودار پھل ہے) سفید زرد دو قسم کا ہوتا ہے کبھی تیسرا قسم کا نیلا ہوتا ہے۔

جوڑی (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے۔ جو پتھروں میں پیدا ہوتی ہے چھوٹی بڑی دو قسم کی ہوتی ہے۔

جھاؤ (ہ) فارسی میں گز۔ عربی میں طرفا۔ اور سنسکرت میں جھاؤک کہتے ہیں مشہور بوٹی ہے۔ جو عموماً دریاؤں کے کنارے پیدا ہوتی ہے۔

جھاؤ کا پھل (ہ) گزمازج (مشہور ہے)

جھانپل (ہ) ایک پرندہ ہے چڑیا سے بڑا سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔ جنگل میں رہتا ہے۔ اور کیڑوں کو کھاتا ہے

جھانک (ہ) فارسی میں گوزن۔ ہندی میں بارہ سنگھا کہتے ہیں۔

جھڑبیری (ہ) جنگلی بیر کا درخت۔

جھنجھنا (ہ) ایک گز کے برابر بوٹی ہے جو باغوں کے کناروں اور نمناک جگہوں میں اگتی ہے۔ اس کے پتے چرچٹہ کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں

جھینگا مچھلی (ہ) روبیان۔ مچھلی کی ایک قسم ہے۔

جھینگا / جھینگر (ہ) صرصر (گھروں میں رہنے والا مشہور جانور ہے۔

جیا چھپ (ہ) ایک پھول ہے جس کے تخم سے اہل ہنود مالا بناتے ہیں دکن میں عقیق البحار کے نام سے مشہور ہے

جیب (ہ) فارسی میں زبان۔ عربی میں لسان اور انگریزی میں ٹنگ کہتے ہیں۔

جیپال (س) جمال گوٹہ

جیٹھی مدھ (ہ) عربی میں اصل السوس اور ہندی میں ملہٹی کہتے ہیں۔

جیشٹی مدھ (س) اصل السوس۔

جینتی (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے۔ اس کی جڑ کے چھلکے کو پانی میں پیس کر مقام خدر (سن بھری) پر ضماد کر دینے سے آبلہ نکل آتا ہے۔ اس کے بعد آبلہ پھوٹ جاتا ہے۔ اور سن بھری زائل ہو جاتی ہے۔

جینتو (ہ) رواسن (ایک ہندی درخت ہے)

جیونتی گن (س) جیونتی جیوک رشبھک (رکھسک) میدا۔ مہا میدا دالی بردھی کاکولی چھیر کاکولی۔ مگون۔ مشون۔ ملہٹی۔ ان سب دواؤں کے مجموعہ کو جیونتی گن کہتے ہیں۔

(چ)

چاب (ہ) ایک ہندی درخت ہے جس کے پھل کو گج پیپل کہتے ہیں۔

چاترجات (س) سفید الائچی۔ پترج (

ناگ کیسر اور دارچینی - چاروں
کے مجموعہ کو کہتے ہیں -

چار (ہ) چرونجی کا پھل
چار تخم (ف) تخم ریحاں تخم کنوچہ تخم بارتنگ
اسپغول -
چار دانہ (ف) تخم بالنگو - تخم پنوار - باپچی - بابونہ
چار کون (ہ) اسبابہ -
چار مغز (ف) مغز کدو - مغز ککڑی مغز
تربوز - مغز کھیرا -
چاکسو (ہ) عربی میں چشمیزج تشمیزج -
حبۃ السودا - تشمہ - فارسی میں
چشک - چشوم - چشمیزج چشمیزک
سنسکرت میں کلتھا - چاکسو ہندی
میں جنگلی کلتھی اور چاکسو کہتے ہیں
(مہدانہ کے برابر مثلث شکل کے
دریائی رنگ - چکنے اور چمکدار تخم
ہیں - امراض چشم میں استعمال کئے
جاتے ہیں)
چال گری (ہ) بلیلہ -
چامکڑہ (ہ) اروی -
چامگری (ہ) ہندی درخت کا پھل ہے -
چاندی - (ہ) عربی میں نقرہ - فارسی میں
سیم - انگریزی میں سلور - سنسکرت
میں روپا اور روپک کہتے ہیں
(مشہور دھات ہے)
چاول (ہ) عربی میں اُرز - فارسی میں
برنج - انگریزی میں رائس اور سنسکرت
میں شالی کہتے ہیں (مشہور غلہ ہے)
چاول منگری (ہ) ایک درخت کا پھل ہے

جو چاٹ گاؤں ملک بنگال میں
پیدا ہوتا ہے - انگریزی میں
گاسٹوکارڈیا اور بنگال میں چال
موگرا یا چاول موگرا کہتے ہیں -
چائے (ہ) عربی میں شائے - انگریزی میں
ٹی کہتے ہیں - فارسی نام بھی چائے
چائے خطائی (ف) چائے -
چپڑا (ہ) لاک کا فضلہ یا میل
چپوٹا (ہ) ایک بوٹی ہے - جو گوکھرو
کے مانند زمین پر مفروش ہوتی
ہے - پتے چھوٹے - گول یا ل
درازی - اور نہایت نرم ہوتے
ہیں - پھول باریک شاخوں کے
سرے پر لگتا ہے - پھل گچھے دار
مثل قبہ باریک اور اس قبہ میں
چار تخم ہوتے ہیں - جو بنولہ کے
مشابہ ہوتے ہیں -
چتر اخضر (ف) بھنگ -
چتراچھی (س) ایک بوٹی ہے جو بہت
اونچی ہوتی ہے - اسکے پتے املی کے
پتوں سے مشابہ لیکن ان سے چھوٹے
اور پھول سرخ گول سانپ کی آنکھ کی مانند
چترامل (س) کھٹانارنگی - اسی کیتہ
چار دانے کے مجموعہ کو کہتے ہیں -
چترجاتک (س) الائچی - دارچینی - تیجپات
چترجات } ناگ کیسر - چاروں کو
چاترجات } ملا کر کہتے ہیں -
چترک (س) عربی میں شیطرج - ہندی
چترکا } میں چیتا کہتے ہیں -

چترو گھسن (س) سونٹھ۔ مرچ سیاہ پیپل، پیپلا مول چاروں کے مجموعہ کو کہتے ہیں

چٹمٹ (ہ) ایک جنگلی درخت ہے جس کا درخت سیب کے مانند ہوتا ہے۔ اور اس پر پیلی ہولی ہندی کے مانند سفوف لگا ہوتا ہے۔ جو پختہ ہونے پر بہ آسانی اتر جاتا ہے اسی درخت کے گوند کو ڈیکا مالی کہتے ہیں۔

چت پٹ (ہ) باصطلاح خاص بھنگ۔

چچیرہ (ہ) چرچٹہ۔

چچینڈا (ہ) سنسکرت میں چچینڈ۔ مرہٹی میں ہرگا نکڑی۔ گجراتی میں پنڈولم المنگی میں پوٹل کایا۔ اور انگریزی میں اسنیک گورڈ کہتے ہیں۔ ایک بیلدار بوٹی کا پھل ہے۔ جو دو ڈیڑھ فٹ لمبا ہوتا ہے۔ اور ترکاری بنا کر کھائی جاتی ہے۔

چڑا (ہ) فارسی میں گنجشک نر کہتے ہیں

چرائتہ (ہ) سنسکرت میں کرات تکت عربی میں قصب الزریرہ۔ فارسی میں نے نہاوندی اور انگریزی میں انڈین چریٹا کہتے ہیں۔ مشہور بوٹی ہے۔ یہ تلخ و شیریں دو قسم کی ہوتی ہے۔ شیریں میں تلخی کم ہوتی ہے۔

چرپوٹ (ہ) ایک ہندی دوا ہے۔

چربی (ہ) انسان اور دیگر حیوانات کے جسم کی چکنی رطوبت ہے۔ عربی میں شحم۔ سمین۔ فارسی میں پیہ سنسکرت میں دسا۔ انگریزی میں فیٹ کہتے ہیں۔

چریٹا (ان) چرائتہ۔

چرچٹہ (ہ) فارسی میں خار دار گونہ سنسکرت میں اپامارگ۔ پنجابی میں پٹھکنڈا۔ بہاری میں چرچری۔ اردو ہندی میں چرچٹہ۔ چرچرا۔ لٹ جیرا۔ اونگا کہتے ہیں۔ مشہور بوٹی ہے۔ لمبی لمبی شاخوں کے آخری حصے پر زیرہ کے برابر تخم لگے ہوتے ہیں، جو کپڑے اور ہاتھوں سے چمٹ جاتے ہیں۔

چرچیرہ (ہ) چرچٹہ۔

چرچری (بہاری) چرچٹہ۔

چرچرا (ہ) چرچٹہ۔

چرخ (ف) فارسی میں کفتار۔

چرس (ہ) بھنگ کے مؤنث پودوں کے پتوں کی لیسدار رطوبت یا رال ہوتی ہے جو اُن پر جمی رہتی ہے۔

چرم (ف) چمڑا۔ کھال۔

چرم بودار (ف) بودار۔ (ایک قسم کا خوشبودار چمڑا ہے)

چرڑوا }
چرونٹہ } (ہ) چرڑا۔

چرونجی (ہ) عربی میں حب السمنہ۔ شاہدانہ بری۔ شہدانج بری۔ فارسی میں نقل خواجہ کہتے ہیں۔ (چرونجی کے درخت مالوہ کی طرف ہوتے

ہیں ۔ اس کا پھل فالسہ کے مشابہ لیکن اس سے بڑا ہوتا ہے ۔ اس کی گٹھلی کا مغز نصف سا چنے کے برابر ہوتا ہے ۔ جو کھانے میں چرب ۔ لذیذ اور شیریں ہوتا ہے ۔ یہ مغز ہی مغز چرونجی کے نام سے مشہور ہے ۔

چُڑاوہ (ہ) جو دھان سے تیار کیا جاتا ہے ۔ اور اکثر دودھ میں بھگو کر کھایا جاتا ہے ۔ پوُلے بھی کہتے ہیں

چرہل (ہ) اسپند ۔

چڑیا (ہ) (مشہور) ۔ فارسی میں کنجشک کہتے ہیں گھریلو اور جنگلی دو قسم کی ہوتی ہے ۔

چڑیاکند (ہ) مغز سنگھاڑے کے مانند ایک جڑ ہے ۔

چری کورہ (ہ) چولائی کا ساگ ۔

چُستہ (ہ) پنیر مایہ ۔

چشخام (ف) چاکسو ۔

چشمک
چشمیزج
چشمیزک
چشوم
} (ف) چاکسو ۔

چغد (ف) اُلّو کی قسم ہے ۔

چغوک (ف) چڑیا ۔

چقماق (ف) ایک قسم کا پتھر ہے جس سے آگ نکلتے ہیں

چقندر (ف) (مشہور) عربی میں سلق ہندی میں چکندر کہتے ہیں ۔ شلغم کے مانند مشہور گہری سرخ رنگ

کی جڑ ہے ۔ اس کی ترکاری پکاکر کھائی جاتی ہے ۔

چکارا (ہ) ہرن کی خاص قسم ہے ۔

چکمک کا پتھر (ہ) چقماق

چکوا (ہ) سرخاب (مشہور پرندہ ہے)

چکوترا (ہ) لیموں کی قسم سے ایک ہندی میوہ ہے ۔ جو ترنج برابر تک بڑا ہوتا ہے ۔

چکور (ہ) فارسی میں کبک ۔ عربی میں قبیج کہتے ہیں ۔ (مشہور پرندہ ہے)

چکونڈ (ہ) پنواڑ ۔

چکہ دانہ (ہ) ایک دانہ ہے ۔ خاکی رنگ کا سخت ہوتا ہے ۔ اس کے اندر چھوٹا سا مغز ہوتا ہے ۔

چلپاسہ (ف) عربی میں سام ابرص اور ہندی میں چھپکلی کہتے ہیں ۔

چلغوزہ (ف) مادہ اور بڑے درخت صنوبر کا پھل ہے ۔

چمک (ہ) عربی میں مقناطیس ۔ انگریزی میں میگنیٹ کہتے ہیں ۔ ایک قسم کا پتھر ہے ۔ جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے

چمگادڑ (ہ) شب پر ۔ فارسی میں ، خفاش عربی میں ۔ بیٹ انگریزی میں ۔ اور بڑ باگل ہندی میں کہتے ہیں ۔

چناپنڈو (ہ) ایک جنگلی درخت کا پھل ہے ۔ جس کے پتے گول اور چھوٹے ۔ شاخیں گھنی ہوتی ہیں ۔

چنار (ف) عربی میں صنار۔ دلب کہتے ہیں۔ ایک مشہور بڑا درخت ہے پتے چوڑے اور کنارے پھٹے ہوئے ہوتے ہیں آدمی کے پنجے کے مانند ہوتے ہیں۔

چنپا / چنپک } (ہ) مشہور (عربی میں فاغ کہتے ہیں) خوشبودار پھول ہے

چنبیلی (ہ) عربی میں یاسمین سنسکرت میں جاتی انگریزی میں اسپے نش جاسمن کہتے ہیں (مشہور خوشبودار پھول ہے۔ زرد وسفید دو قسم کا ہوتا ہے)

چندرس (ہ) سندروس۔

چندرکانت (ہ) حجر القمر۔ (جواہر کے اقسام سے ایک جوہر ہے۔)

چندرکھی (ہ) ایک پھول ہے جو اپنا رخ (ماہتاب) کی طرف رکھتا ہے۔

چندن (ہ) صندل۔

چنڈول (ہ) ایک پرندہ ہے۔ چڑیا جیسا لیکن قدرے سیاہ ہوتا ہے۔ یہ کئی قسم کا دیکھنے میں آتا ہے۔

چنا / چنے } (ہ) عربی میں حمص، فارسی میں نخود سنسکرت میں چنک۔ پنجابی میں چھولے اور انگریزی میں گرام کہتے ہیں۔ (مشہور غلہ ہے)

چینی گوند / چنیا گوند } (ہ) کترس (گوند ڈھاک)۔

چنیا بادام (بہاری، مونگ پھلی۔

چوب (ف) عربی میں حطب۔ ہندی میں لکڑی کہتے ہیں۔

چوپتیا (ہ) سرخ وسفید دو قسم کی ہوتی ہے ایک بالشت تک بلند ہوتی ہے شاخیں سرخ رنگ کی اور پتے چوبرگہ ہوتے ہیں۔ پھول سرخ ہوتا ہے۔

چوب چینی (ف) عربی میں خشب الصینی کہتے ہیں۔ یہ سرخ اور گلابی رنگ کی جڑ ہے۔

چوب چینی خطائی (ف) بڑی گرہ دار جڑ ہوتی ہے۔ کدو اور کٹہل جیسی جو ملک خطا کے پہاڑوں اور نیپال سے لائی جاتی ہے

چوب حیات (ف) ہندی درخت کی لکڑی ہے جو بنارس، گورکھپور میں پیدا ہوتی ہے

چوڑیکا (س) برزکا۔ ایک بوٹی ہے۔ جو تالاب اور پل کے نیچے اکثر پیدا ہوتی ہے

چوک (ہ) عصارہ ہے۔ جو نیپال اور المورہ والے کھٹے انار یا لیموں کے پانی سے بناتے ہیں۔

چوکر (ہ) بھوسی

چوکھ (ہ) ایک گرہ دار جڑ ہے۔ جو قسط کے مشابہ ہوتی ہے۔

چولائی (ہ) عربی میں بقلہ یمانی۔ فارسی میں سفید مرو۔ سنسکرت میں تنڈلی کہتے ہیں۔

چوہا (ہ) عربی میں فارہ۔ فارسی میں موش انگریزی میں ریٹ۔ سنسکرت میں موشکا۔ ہندی میں موسا۔ دکن میں روندرا کہتے ہیں۔

چوہے کنی (ہ) موساکنی۔

چھاچ (ہ) عربی میں مخیض فارسی میں دوغ کہتے ہیں۔

چہار مغز (ف) اخروٹ - اور نیز مغز کدو۔ مغز تربوز۔ مغز ککڑی۔ مغز کھیرا کو کہتے ہیں -

چھال (ہ) عربی میں قشر - فارسی میں پوست کہتے ہیں -

چھال کرڑا (ہ) تیواج ہندی کی چھال درخت کرڑا کی چھال -

چھال گری (ہ) فوۃ (بالچھڑ کے مانند خوشبودار جڑ ہوتی ہے -

چھپکلی (ہ) فارسی میں چلپاسہ - کربس عربی میں وزغہ کہتے ہیں مشہور جانور ہے -

چھتون (ہ) ایک ہندی درخت ہے سنسکرت میں شپت پرن - اور انگریزی میں اسٹونیا کہتے ہیں -

چھچھوندر (ہ) عربی میں فارۃ المسک - فارسی میں موش کور کہتے ہیں -

چھر کاکولی (ہ) یہ کاکولی کی ایک سفید قسم ہے یہ اسگند کے مشابہ سفید جڑ ہوتی ہے - آجکل کم یاب ہے -

چھڑیلہ (ہ) عربی میں اُشنہ فارسی میں دوالہ کہتے ہیں - چھڑیلہ کو چھلنہ چھلیہ چھال چھلیرا اور بھوری چھریلہ بھی کہتے ہیں (پہاڑوں میں بہت پڑنے کے زمانے میں پتھروں اور درختوں پر کائی سی جم جاتی ہے جو گرمی کے موسم میں خشک ہوکر چھال کیطرح اتر جاتی ہے - یہی چھڑیلہ کہلاتا ہے - خوشبودار ہوتا ہے)

چھوارہ (ہ) خرما -

چھوئی موئی (ہ) لجالو -

چھیر کاکولی (س) کاکولی کی قسم ہے -

چھیری (ہ) فارسی میں بُز اور ہندی میں بکری

چیتا (ہ) سنسکرت میں چترک - چتر مول کہتے ہیں - عربی میں شیطرج - مسواک الراعی - فارسی میں سیترہ - بیخ بر کہتے ہیں - یہ ایک بوٹی ہے -

چیتل (ہ) ہندی ہرن کی قسم ہے - جو سرخ ہوتا ہے - اور اس پر سفید داغ ہوتے ہیں -

چیتہ (ہ) یوز (مشہور درندہ ہے)

چیچڑی (ہ) فارسی میں کنہ کہتے ہیں - (مشہور چھوٹا سا جانور ہے)

چیڑ (ہ) عربی میں صنوبر ہندی - شجرۃ الجن شجرۃ الآکلہ - فارسی میں دیودار - انگریزی میں پائنس، ڈیوڈارا کہتے ہیں -

چیگنڈی (ہ) ایک ہندی درخت ہے -

چیل (ہ) عربی میں حداۃ - فارسی میں غلیواز کہتے ہیں - (مشہور پرندہ ہے)

چیمڑی (ہ) خربوزہ -

(ح)

حاشا (ع) عربی میں صعتر الحمیر - فارسی میں پودینہ کوہی - انگریزی میں وائلڈ تھائم کہتے ہیں -

حافظ الاجساد (ع) قطران - مومیائی کو بھی حافظ الموتیٰ کہتے ہیں -

حافظ الکافور (ع) گول مرچ -

حافر الحمار (ع) گدھے کی سُم -

حباحب (ع) کرم شبتاب -

جنجبو (ع) نارجیل جیسے بڑے درخت کا
پھل ہے۔ جو بحر عمان میں ہوتا ہے
ہندوستان میں اس کے مانند
ایک پھل ہے۔ جس کو کینتھ کو ٹھہ کہتے
ہیں۔
حب الآس (ع) فارسی میں تخم مورد۔ مورد دانہ
کہتے ہیں (مشہور تخم ہے)
حب الاترج (ع) فارسی میں تخم ترنج اور
ہندی میں بجوریکا تخم کہتے ہیں۔
حب الاثل (ع) فارسی میں گزمازج۔ اور
ہندی میں چھوٹی مائیں کہتے ہیں۔
حب الانبرباریس (ع) زرشک
حب البان (ع) تخم بان۔
حب البطم (ع) حبۃ الخضرا
حب البطیخ (ع) تخم خربوزہ۔
حب البقر (ع) کرسنہ (مٹرا)
حب بلسان (ع) تخم بلسان
حبۃ الخضرا (ع) بن۔ دن۔ دانہ (ف) ہترمس
دتماسی۔ (ہ) (ایک سبز رنگ کا دانہ ہے جو
بطم کے درخت سے لگتا ہے)
حب الحلوا (ع) انیسون (ایک مشہور دوا ہے)
حب الدود (ع) کرم دانہ۔
حب الرشاد (ع) ہالون۔
حب الرمان (ع) انار دانہ۔
حب الزلم (ع) غیر مشہور تخم ہے۔ سہ پہلو شکل
کا ہوتا ہے۔ خوشبودار اور میٹھا چنے سے
بڑا ہوتا ہے۔
حب السفرجل (ع) بہدانہ
حب السمنہ (ع) فارسی میں نخل خواجہ

اور ہندی میں چرونجی کہتے ہیں۔
حب السلاطین (ع) تخم جمال گوٹہ۔
حب السودا (ع) کلونجی اور چاکسو کو بھی کہتے ہیں
حب الصنوبر کبار (ع) چلغوزہ۔
حب العرعر (ع) ابہل
حب العصفر (ع) تخم قرطم (کسم کے بیج)
حب الغار (ع) فارسی میں رہشت کہتے ہیں
غار کے درخت کا پھل ہے۔ جو بندق
سے قدرے چھوٹا اور سخت، مائل بزردی
اور چکنا بھی ہوتا ہے۔
حب الفقد
حب الطاہر } (ع) تخم سنبھالو۔
حب الفسل
حب الفہم (ع) بلادر (بھلانوہ)
حب القرع (ع) تخم کدو۔
حب القطن (ع) فارسی میں پنبہ دانہ اور ہندی
میں بنولہ کہتے ہیں۔
حب القلب (ع) بلادر (بھلاوہ)
حب القلت (ع) کلتھی (مشہور ہے)
حب القلقل (ع) انار دانہ دشتی۔ فارسی
میں۔ اور ہندی میں گولر جکینہ کہتے ہیں
اس کی دو قسم ہیں۔ ایک لوبیے کے
برابر سفید اور خوشبودار ہوتا ہے۔
دوسرا تخم سنبھالو سے بڑا اور
سیاہ ہوتا ہے۔ اس دوسری قسم
کو ہندی میں چری کلونش کہتے ہیں
حب اللبلب (ع) شاہدانج۔
حب کاکنج (ع) تخم کاکنج۔
حب اللہو (ع) تخم کاکنج۔

حبۃ المساکین (ع) بھنگ -

حب المہلب (ع) گھیونی میوہ ہے -

حب الملوک (ع) ماہو دانہ سلغت بغداد
میں آلو بالو کو کہتے ہیں -

حب المنشم (ع) اسکے درخت کو انگریزی میں
جاوا آمند اور لاطینی میں کنیریم کمیتون
کہتے ہیں (تخم بطم کے مانند خوشبودار دانہ ہے)

حب النیل (ع) کالا دانہ - (ادویات مسہلہ
سے مشہور دوا ہے)

حجا کیوس (ی) عشر (آکھ)

حجر (ع) سنگ - پتھر -

حجر ارمنی (ع) ایک قسم کا پتھر ہے - جو قد سے
لاجورد کے مانند ہوتا ہے -

حجر الاعرابی (ع) شکر سنگ - سنگ زخم وغیرہ
فارسی نام ہیں - ہاتھی دانت کے
مانند پتھر ہے، جو عربستان کے جنگل
میں ملتا ہے -

حجر الف (کیمیائی اصطلاح) سونا چاندی -

حجر البقر (ع) گاؤ زہرہ -

حجر التیس (ع) باد زہر حیوانی -

حجر الراسخ (ع) سنگ راسخ -

حجر الرخام (ع) سنگ مرمر -

حجر الفلفل (ع) وہ کنکریاں جو مرچ کی
بوریوں میں مل جاتی ہیں - یا حجر حبشی

حجر القمر (ع) فارسی میں در نجف - ہندی میں
چندر کانت کہتے ہیں - ایک قسم کا سفید
خاکی مائل چمکیلا اور ہلکا پتھر ہے -
جو چاندی کو کھینچتا ہے - اور شب کی
چاندنی بڑھنے سے کدورت سفیدی
سے بدل جاتی ہے - مغرب اور
عرب میں ملتا ہے -

حجر الکحل (ع) سُرمہ -

حجر لاجورد (ع) لاجورد (مشہور)

حجر المہک (ع) کسوٹی - (سیاہ رنگ کا
بھاری پتھر ہے)

حجر المسن (ع) ایک پتھر ہے - جس پر تلوار، استرا،
چاقو وغیرہ تیز کئے جاتے ہیں - مختلف
رنگوں کا ہوتا ہے - (سنگ کارد)

حجر الیہود (ع) اس کو حجر الزیتون - زیتون
بنی اسرائیل اور سنگ جہوداں بھی
کہتے ہیں - ہندی میں پتھر بیر کے نام
سے مشہور ہے - (بیر کی گٹھلی کی مانند
صنوبری شکل کا پتھر ہے)

حدید (ع) فارسی میں آہن - اور ہندی
میں لوہا کہتے ہیں -

حردون (ع) باہمنی - سانپ کی باہمنی
(ایک بالشت یا اس سے کم لمبا،
باریک سا چکنا سبز و سُرخ رنگ
کا جانور ہے -

حرشف (نبط) عربی میں عکرب - خرشع اور
فارسی میں کنگر کہتے ہیں - ایک بوٹی
ہے - جو سنگریزوں اور نمناک جگہوں
میں پیدا ہوتی ہے -

حُرف (نبط) عربی میں حب الرشاد - ثفا -
فارسی میں تخم میندان - ترہ تیزک -
اور ہندی میں ہالون کہتے ہیں -

حُرف ابیض (ع) سرشود، نیز سفید رائی -

حرمل (ع) اسپند

حریر (ع)، ریشم۔

حریرہ (ف)، حساء۔ حسو (ع) مریضوں کے لئے مشہور غذا ہے۔

حسا (ع)، حریرہ۔

حسک (ع)، خارخسک (گوکھرو)

حسن لبہ (ف)، حصی لبان۔

حسن یوسف (ف)، تخم کرملی

حسو (ع)، حریرہ۔

حشقیقل (ع)، شقاقل۔

حشیشہ (ع)، بھنگ۔

حشیشۃ السعال (ع)، فنجریون یا اودسہ ہالنہ۔

حضض (ع)، رسوت۔

حل (مجاز)، کنجد غیر مقشر (تل)

حل (کیمیائی اصطلاح) پارہ۔

حلبہ (ع)، میتھی۔

حلتیت (ع)، ہینگ۔

حلزون (ع)، گھونگھا سنکھ۔ جس کی قسم کوڑی بھی ہے

حلواء زلیبیا (ف)، جلیبی۔

حمار (ع)، خر (گدھا)

حمار وحشی (ع)، گورخر۔

حماض (ع)، چوکا۔

حمص (ع)، نخود (چنا)

حنا (ع) حنا۔ (مہندی)

حندقوقی (نبط) بنکھیرا۔

حنطہ (ع)، فارسی میں گندم افغانی میں غنم اور ہندی میں گیہوں کہتے ہیں۔

حنظل (ع)، اندرائن۔

حواصل (ع)، گگن بھیڑ۔ ڈھینچر کی ایک مشہور آبی پرندہ ہے جو بڑا ہوتا ہے۔ سیاہ خاکستری اور سفید دو قسم کا ہوتا ہے۔

حوت (ع)، مچھلی۔

حوصلہ (ع)، پوٹہ۔

حی (ع)، (باصطلاح کیمیا)، پارہ کا نام ہے۔

حی العالم (ع)، فارسی میں ہمیشہ بہار۔ اور ہندی میں رتی سردائی۔ سدابہار کہتے ہیں۔ ایک بوٹی ہے۔ جو ہمیشہ سرسبز ہوتی ہے۔

حیہ (ع)، سانپ۔

(خ)

خار (ف)، عربی میں شوک۔ ہندی میں کانٹا یا گھوڑا کہتے ہیں۔

خارخسک (ف)، خسک (گوکھرو)

خارپشت (ف)، قنفذ (سیاہی سیہی)

خارسہ گوشہ (ف)، گوکھرو۔

خارشتر (ف)، طلح۔ (جواسا)

خارصینی (ف)، اشبہ۔ جست

خار واژگونہ (ف)، چرچٹہ

خاک (ف) عربی میں تراب۔ فارسی میں خاورہ اور ہندی میں مٹی کہتے ہیں۔

خاکستر (ف)، رماد مرا (راکھ)

خاکشی (شیرازی) خوبکلاں)

خاکچی (ف)، خاکسی۔ (خوبکلاں)

خاگینہ (ف)، غذا کی ایک قسم ہے۔ جو انڈے

سے بنائی جاتی ہے۔

خانق الذیب (ع) کٹکی۔

خانق المخلوق (ع) باصطلاح خاص سنکھیا

خایۂ ابلیس (ع) کنز نجوہ۔

خبلدی (ع) فارسی میں نان کلاغ۔ اور ہندی میں جنگیر اور پاپڑا کہتے ہیں (ایک بوٹی ہے۔ جس کے تخم بطور دوا مستعمل ہیں۔ جو چھوٹے چھوٹے گول درمیان سے دبے ہوئے ہوتے ہیں اور انکا رنگ سفید بھورا سا ہوتا ہے)

خبث الحدید (ع) فارسی میں ریم آہن ہندی میں لوہے کا میل اور کیٹ کہتے ہیں۔

خبز (ع) نان۔ (روٹی)

خبیہ (ع) خاکشی (خوبکلاں)

خچر (ف) فارسی میں استر۔ عربی میں بغل ابو الشحیح کہتے ہیں۔ (مشہور قدمی جانور ہے۔ جو گدہے اور گھوڑی کی جفتی سے پیدا ہوتا ہے)

خر (ف) حمار (گدہا)

خراطین (ع) فارسی میں کرم گل خوردہ کرم زمین۔ ہندی میں کینچوہ۔ کیچنہ کہتے ہیں۔ مشہور برساتی کیڑا ہے۔ جو ایک بالشت تک لمبا سانپ کے مانند ہوتا ہے۔

خربزہ (ف) عربی میں بطیخ۔ افغانی میں خٹکے اور ہندی میں خربزہ۔ کھربوجہ اور چیمڑی کہتے ہیں (مشہور پھل ہے)

خربزہ ہندی (ف) ہندوانہ۔ اور تربوز بھی کہتے ہیں۔

خربزہ تلخ (ف) اندرائن۔

خربزہ روباہ (ف) اندرائن۔

خربق سفید (ف) عربی میں قاتل الکلب اور ہندی میں لبسن کہتے ہیں۔ بیخ کبریا۔ بیخ خطمی جیسی ایک جڑ ہے

خربق سیاہ (ف) عربی میں رجل الراعی اور ہندی میں کالا کچلا یا کٹکی کہتے ہیں۔

خربوزہ
خربوزہ } (ف) خربوزہ

خرچنگ (ف) کیکڑا۔

خردل (ع) فارسی میں سپندان گردہ اور انگریزی میں مسٹرڈ۔ ہندی میں رائی ابوری کہتے ہیں۔ مشہور تخم ہے۔ سرخ و سفید دو قسم کا ہوتا ہے۔

خرزہرہ (ف) کنیر (مشہور نبات ہے)

خرس (ف) عربی میں دب۔ افغانی میں ییلو اور ہندی میں ریچھ۔ بھال۔ بھالو کہتے ہیں۔ مشہور جانور ہے۔

خرفہ (ف) بقلۃ الحمقا عربی میں اور ہندی میں خلفہ۔ لونیا کہتے ہیں مشہور ساگ ہے۔

خرما (ف) عربی میں تمر۔ ہندی میں کھجور اور چھوارہ کہتے ہیں۔

خرمای ہندی (ف) عربی میں تمر ہندی اور ہندی میں املی کہتے ہیں

خرمہرہ (ف) کوڑی۔

خرنوب (ع) ایک درخت ہے۔ چار قسم کا ہوتا ہے نبطی۔ شامی۔ مصری۔ ہندی

اکثر اس سے مراد خرنوب شامی،
ہوتی ہے۔ جس کا درخت اخروٹ
کے درخت کے برابر ہوتا ہے پتے
سبز سخت۔ پھول زرد و سنہری
مائل اور پھل ترمس کے برابر میٹھا
ہوتا ہے۔

خروس (ف، عربی میں دیک، پنجابی میں
کوکڑ، افغانی میں بانگی اور ہندی
میں مرغ کہتے ہیں۔

خروع (ع) ارنڈ۔

خروع چینی (ع) جمال گوٹہ۔

خرء (ع) بیٹ

خرء الضفادع (ع) کائی۔

خزامی (ع) گل مریم یا ایک قسم کی خوشبو
دار گھاس ہے۔

خس (ع) کاہو۔

خس (ہ) مشہور گھاس کی جڑ کے ریشے
ہیں جن سے ٹٹیاں بناتے ہیں۔ اس کو
کانڈل بھی کہتے ہیں۔ اس کی پتیوں
سے چھپر وغیرہ بناتے ہیں۔

خستہ (ف) گٹھلی۔

خسک (ف) گوکھرو۔

خسک دانہ (ف) تخم قرطم (تخم کسڑ)

خشب (ع) لکڑی

خشب الصینی (ع) چوب چینی۔

خشت (ف) عربی میں آجر۔ لبن۔ اور افغانی
میں خشتہ، اور ہندی میں اینٹ
کہتے ہیں۔

خشخاش (ع) (مشہور) فارسی میں کوکنار
ہندی میں پوست۔ انگریزی میں
پاپی کیپ سٹوز کہتے ہیں۔

خصیہ (ع) فارسی میں خایہ۔ اور ہندی
میں آنڈ کہتے ہیں۔

خصیۃ الثعلب (ع) فارسی میں خایہ
روباہ اور ہندی میں ثعلب مصری
کے نام سے مشہور ہے۔ کوکامندی
بھی کہتے ہیں۔ ایک جڑ ہے۔ سفید
نیم شفاف سورنجان سے قدرے چھوٹی
ہوتی ہے۔

خطمی (ف) خبازی شجری۔ اور گل خیرو
بھی کہتے ہیں۔ اس کا پودا قد آدم
بلند ہوتا ہے۔ پھولوں کی خوبصورتی
کے لئے باغیچوں میں لگاتے ہیں۔
زیادہ تر اس کے تخم اور اس کی جڑ
ریشہ خطمی کے نام سے بطور دوا
مستعمل ہے۔

خفاش (ع) چمگادڑ۔

خمر (ع) شراب۔

خنزیر (ع) فارسی میں خوک۔ ہندی میں
سور کہتے ہیں۔

خواجا (ف) بانسہ۔

خوبانی (ف) خشک زرد آلو (مشہور میوہ ہے)

خوبکلاں (ہ) فارسی میں خاکشی۔ شفترک
خاکچی۔ خبہ۔ تخم شہوہ۔ عربی میں
خبہ۔ بزر الخمخم کہتے ہیں (ایک نبات
کے تخم ہیں جو زرد رنگ کے گول گول
اور نہایت باریک ہوتے ہیں۔

خوخ (ع) فارسی میں شفتالو۔ ہندی میں

آڑو کہتے ہیں۔
خوک (ف) سؤر۔
خولنجان (ع) کلیجن (مشہور جڑ ہے)
خون سیاہ وشان (ف) دم الاخوین۔
(مشہور جڑ ہے)
خیار (ف) کھیرا (مشہور ہے)
خیارزہ (ف) ککڑی
خیار شنبر (معرب) فارسی میں خیار چنبر، ہندی میں املتاس کہتے ہیں۔
(مشہور دوا ہے)
خیربوا (ف) چھوٹی الائچی۔
خیرو (ف) خطمی۔
خیری (ی) گل شب بوے، ایک خوشبودار پھول ہے جسکی خوشبو رات کے وقت ظاہر ہوتی ہے۔
خیزران (ف) عربی میں جنہ۔ فارسی میں چوب بیت۔ ہندی میں بینت کہتے ہیں۔
(مشہور ہے)

د

دارچینی (ف) عربی میں دارصینی۔ ہندی میں دال چینی اور انگریزی میں سنمن کہتے ہیں۔ یہ ایک درخت کی چھال ہے۔
دارشیشعان (ف) کا پھل سیلخہ کے مانند ایک درخت کی چھال ہے۔
دارفلفل (ع) فارسی میں فلفل دراز۔ انگریزی میں لانگ پیپر اور ہندی میں پیپل کہتے ہیں۔ مشہور پھل ہے۔
دار ہلد (ف) فارسی میں دار چوبہ سنسکرت میں دان پشپو کہتے ہیں۔ (زرشک کے درخت کی لکڑی کو دار ہلد کہتے ہیں۔
دارچکنہ (ہ) فارسی میں دار اشکنہ۔ عربی میں سلیمانی دوا الشوت۔ ہندی میں دال چکنہ کہتے ہیں۔
دارشکنہ (ف) دارچکنہ۔
دارڑم }
دارڑمبا } (س) انار میٹھا۔ کھٹا۔ دو قسم کا ہوتا ہے۔
داکھا (ہ) انگور۔
دال چکنہ (ہ) دارچکنہ
دال چینی (ہ) دارچینی
داؤدی (ف) مشہور بوٹی ہے جو ایک یا دو گز کے برابر ہوتی ہے۔ پتے کپاس کے پتوں جیسے، پھول خوشبودار۔ زرد اور صرف سفید اور سفید نیلگوں مائل تین قسم کا ہوتا ہے۔ گل داؤدی کے نام سے مشہور ہے
دبق (ع) مویزج علی بھی کہتے ہیں۔ چھوٹے چنے کے برابر پھل ہوتا ہے۔ بالکل گول نہیں ہوتا ہے۔ سبز رنگ کا پایا جاتا ہے۔
دُجاج (ع) مرغی۔
دُخن (ع) کنگنی۔ چینہ۔ یا باجرہ کی ایک قسم ہے۔
دوری (ہ) تودری
دودھالی (ہ) شقاقل۔
دُرّاج (ع) تیتر۔
درخت آفتاب پرست (ف) سورج مکھی۔

یا ہلیل ۔

درخت گلچکال (ف) ہوا ۔

دُرِّ مکنون (ع) بڑا موتی ۔

دِرمنہ (ف) عربی میں شیح ۔ ہندی میں جوہری جوائن کہتے ہیں ۔ شیح ارمنی کے نام سے مشہور ہے ۔

دُرونج (معرب) فارسی میں درونک درونہ ۔ ہندی میں تو ہی ۔ ترنک کہتے ہیں ۔ ایک گرہ دار جڑ ہے ۔ جو ظاہر میں خاکستری رنگ اور اندر سے سفید ہوتی ہے ۔ اور شکل بچھو کے مشابہ ہوتی ہے ۔

دُرِّ یتیم (ع) بڑا موتی ۔

دستنبویہ (ف) کچری ۔ سیندھ (پھوٹ) کی چھوٹی قسم ہے (نہایت خوشبودار ہوتی ہے)

دسمول (ہ) ایک ہندی مرکب دوا ہے ۔ جو ان دس جڑوں پر بولا جاتا ہے ۔ بیل ۔ اگنی منتھ (ارنی) ، پاڈل ۔ کمبھاری ۔ سیوناک ۔ گوکھرو ۔ سال پرنی ۔ پرشٹ پرنی ۔ کٹائی خورد ۔ کٹائی کلاں ۔

دفلی (ع) کنیر ۔

دقاق کندر (ع) کندر کے ریزے جو اس کے پیسنے سے پہلے ۔ چھاننے کے بعد جدا ہوتے ہیں ۔

دم الاخوین (ع) خون سیاوشان فارسی میں ، ہیرادکھی ہندی میں ۔ کائنو انگریزی میں ۔ اور عربی میں قاطر الدم

دم التنین اور دم الثعبان کہتے ہیں ۔

دند (ف) جمال گوٹہ ۔

دندان دانہ (ف) ایک چھوٹی بوٹی ہے ۔ جس کے پتے بیر کے پتوں جیسے اور پھل کی چھال سہ پہلو ہوتی ہے ۔ جو ہر پہلو میں ایک دانہ ہوتا ہے ۔ پختہ ہونے پر پھل خود بخود تڑختا ہے ۔ اور دانہ اس سے باہر نکل پڑتا ہے ۔ یہ دانہ سفید خاکستری مائل سخت ، چمکدار اور دانہ قرطم کے برابر ہوتا ہے ۔ یہ زیادہ تر بچوں کی گھٹی میں استعمال ہوتا ہے ۔

دوالہ
دوالک } (ف) اشنہ (چھڑیلہ)

دُوب (ہ) مشہور گھانس ہے ۔ جو ہندوستان میں برسات کے موسم میں کثرت سے پیدا ہوتی ہے ۔ اور گھوڑوں کو کھلائی جاتی ہے ۔

دُودھ (ہ) فارسی میں شیر ۔ عربی میں لبن ۔ انگریزی میں ملک سنسکرت میں کھشیر اور چھیر کہتے ہیں ۔

دودی (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے جس کے برگ یا شاخیں توڑنے سے دودھ نکلتا ہے ۔

دودیا (ف) توتیا ۔

دوشاب (ف) دبس یا میفنج یا انگور کا گاڑھا پانی ۔ (دوشاب سے عام طور پر انگور یا چھوارے کا پانی مراد

ہوتا ہے جس کو اس قدر پکایا گیا ہو، کہ چوتھائی رہ جائے)

دُوغ (ف) چھاچھ۔

دُدقو (یو) جنگلی گاجر کا تخم یا تخم کرنس کو ہی۔

دھات (ہ) تانبا، جست وغیرہ کو کہتے ہیں اور منی کو بھی کہتے ہیں۔

دھان (ہ) شالی۔ (چاول غیر مقشر)

دھاوا (ہ) ایک ہندی درخت ہے۔ اس کے پتے انار کے پتوں کی مانند لیکن رنگت میں زردی مائل ہوتے ہیں۔ اس کے پھول گل دھاوا کے نام سے بطور دوا مستعمل ہیں

دھتورا (ہ) عربی میں جوز ماثل۔ فارسی میں تاتورہ، سنسکرت میں دُھستورہ انگریزی میں ڈیٹورا کہتے ہیں۔

(دھتورہ مشہور زہریلی بوٹی ہے)

دھماہہ } (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے۔ جو پانی
دھماسہ } کے کنارے پیدا ہوتی ہے۔

دُہن (ع) تیل اور گھی دونوں پر بولا جاتا ہے۔

دُہنج (معرب) دہنہ فارسی (ایک چمکدار سبزی مائل پتھر ہے۔ جو دھاتوں کی کانوں میں پیدا ہوتا ہے)

دھنیا (ہ) فارسی میں کشنیز، عربی میں کزبرہ سنسکرت میں دھانیک۔ انگریزی میں کوری اینڈر فروٹ کہتے ہیں۔

دہی (ہ) فارسی میں جغرات، ماست، عربی میں صغرات۔ لبن الحامض۔

اور انگریزی میں کرڈ کہتے ہیں۔

دیواسپست (ف) حندقوقی (سبکھرہ)

دیوچہ (ف) زلو۔

دیودار (ہ) مشہور بڑا درخت ہے۔ چند قسم کا ہوتا ہے۔

دیووالی (ہ) بندال۔ یا دیوڈانگری۔

ڈ

ڈاب (ہ) ایک قسم کی گھاس ہے۔

ڈومنی (ہ) غوغائی ایک قسم کی چڑیا ہے۔ رنگت خاکستری ہوتی ہے۔

ڈھاک (ہ) سنسکرت میں پلاشہ۔ پنجابی میں چھچھرہ۔ اور ہندی میں پلاس بھی کہتے ہیں۔ مشہور درخت ہے۔ اس کا پھول سرخ رنگ کا نہایت خوشنما ہوتا ہے۔ اس کا گوند گوند ڈھاک یا چینا گوند کے نام سے مستعمل ہے۔

ڈھینڈس (ہ) ایک مشہور ترکاری ہے۔ کدو کی قسم میں سے ہے۔ ٹنڈے اور ٹینڈسی بھی کہتے ہیں۔

ڈیکامالی (ہ) ایک درخت کا گوند ہے۔

ذ

ذات الذوائب (ع) بڑ کا درخت۔

ذُباب (ع) فارسی میں مگس اور ہندی میں مکھی کہتے ہیں۔

ذراریح (ع) تیلن۔ تیلنی مکھی۔ سون مکھی (الی کو چک کے نام سے مشہور ہے)

انگریزی میں کین تھیری ڈیز اور
بلسٹرنگ فلائی کہتے ہیں۔ ایک پردار
جانور ہے۔ اس کے جسم پر لگ
جانے سے آبلے پیدا ہو جاتے ہیں۔

ذُرّت (ع)، جوار۔ مشہور غلہ ہے۔

ذُرّت مکہ (ع) بڑی جوار مکئی۔

ر

راب (ہ) گنے کا رس۔ جو پکا کر غلیظ
کر کے مٹکوں میں بھر دیتے ہیں۔ اور
پھر بوجب مخصوص طریقہ سے شیرہ
علیحدہ کر دیا جاتا ہے۔ تو گھانڈ
نیچے رہ جاتی ہے۔

راتینج / **راتیانج** } (رو) رال

رازیانج (معرب رازیانہ فارسی) سونف

رازتیانج رومی / **رازیانج شامی** } (ع) انیسون۔

راسن (ہ) عربی میں سوسن جبلی۔ زنجبیل
شامی۔ قلموج، ہندی میں راسن۔
اور بابے سرنی کہتے ہیں (ایک
خوشبودار جڑ ہے اس کا ذائقہ
تلخ و تیز ہوتا ہے۔

راسنا (ہ) ایک ہندی دوا ہے۔
جو تین قسم کی ہوتی ہے۔ پتے۔
جڑ۔ گھاس۔ بعض کے نزدیک
چھوٹی بڑی دو قسم ہوتی ہے
چھوٹی ایک خوشبودار پان کی جڑ
کے مانند جڑ ہے بڑی چوب چینی
کے نام سے مشہور ہے۔

راسو (ف) عربی میں ابن عرس۔ انگریزی
میں تنکوپس اور ہندی میں نیولا
کہتے ہیں۔ مشہور جانور ہے۔

راکھ (ہ) عربی میں رماد۔ فارسی میں
خاکستر کہتے ہیں۔

رال (ہ) عربی میں راتینج۔ یونانی میں قیقر
انگریزی میں ریزن اور سنسکرت
میں سرج رس کہتے ہیں۔ (ایک
زرد قسم کا گوند ہے)

رانگ (ی) فارسی میں آرام دارو کہتے
ہیں۔ ایک سیاہ قسم کی مرکب دوا
ہے۔ جو خوشبودار ہوتی ہے۔

رام تیری (ہ) جوتری کے مشابہ ایک
ہندی دوا ہے۔ جو مزہ اور افعال
میں جوتری کے مانند ہوتی ہے۔

رام تُلسی (ہ) فرنجمشک۔

رانگ (ہ) عربی میں قلعی، رصاص ابیض
قصدیر۔ فارسی میں ارزیز۔
سنسکرت میں بنگ اور انگریزی
میں ٹن کہتے ہیں۔

راوند (ع۔ ف) ریوند۔

رائی (ہ) عربی میں خردل۔ فارسی میں
سپندان۔ انگریزی میں مسٹرڈ۔
سنسکرت میں راجی کہتے ہیں۔ یہ
سرسوں کی طرح ایک تخم ہے۔ جو
سرخ و سفید دو قسم کا ہوتا ہے۔

رائب (ع) دہی۔ یا صاف پانی، جو
دہی سے الگ کیا جائے۔

رائے بیل (ہ) ایک مشہور ہندی پھول ہے
رائیتہ (ہ) ایک ہندی سالن ہے۔ جو کدو وغیرہ کو جوش دے کر دہی یا چھاچھ میں ملا کر بناتے ہیں۔ نیز گول مرچ۔ نمک۔ رائی بھی ڈالتے ہیں۔

رُبّ السوس (ع) انگریزی میں اکسٹراکٹ آف لیکرس کہتے ہیں (ملہٹی کا رُب ہے۔ جو سیاہ رنگ کی گول گول بتیوں کی شکل میں ہوتا ہے۔

رتالو / رتنالو (ہ) ایک بوٹی کی مشہور جڑ ہے۔ جس کا سالن پکایا جاتا ہے۔ (پنڈالو کی دوسری قسم ہے)

رتن جوت (ہ) عربی میں شنجار۔ ابوخلسا فارسی میں شنکار۔ بیخ ماسہ کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک دو چیزوں پر بولا جاتا ہے۔ ایک ساگ ہے جس کو پکا کر کھاتے ہیں دوسری ایک جڑ ہے۔ جو آنکھ کی دوا میں استعمال کی جاتی ہے اور تیل کو رنگین کرنے میں بھی مستعمل ہے۔ اور مطلق "رتن جوت" سے یہ جڑی مراد ہوتی ہے۔ مالوہ میں بکھرینڈہ کو بھی رتن جوت کہتے ہیں۔

رُخام (ع) سنگ مرمر

رُخام الطین (ع) گل قیمولیا (کھریا مٹی)

رخبین (مُر) عربی میں طرف۔ فارسی میں قروط کہتے ہیں۔ دودھ کا پانی جو جوش دیا گیا ہو۔ یا جو... دے کر سکایا گیا ہو۔ یا من... یا دہی کی قسم ہے۔ جس سے... کو ترش کیا جاتا ہے۔ یا... ہے۔ اگر اس کو آگ پر جوش... دے کر گاڑھا اور خشک... کیا جائے، تو اس کو مصل... ہیں۔ اور اگر اس کو آفتا... سامنے اتنی دیر رکھیں، کہ گا... اور سیاہ ہو جائے۔ تو ا... رخبین کہتے ہیں۔

رُدّراج / رُدّراجھ (س) ایک مشہور جنگلی درخ... کے پھل کا تخم ہے۔ جس سے... اہل ہنود مالا بناتے ہیں۔

ردونتی / رودنتی / ادرونتی (ہ) چنے کی بوٹی کے مانند ای... مشہور ہندی بوٹی ہے جس... پتوں کا رُخ زمین کی طرف... پیٹھ آسمان کی طرف ہوتی ہے

ردّہ (س) ایک ہندی نایاب دوا...

رَز (ف) انگور

رس بھری (ہ) ایک پھل ہے۔ جو کا... (پپوٹن کے مانند ایک غلاف... اندر ہوتا ہے۔ اس کا رنگ... اور ذائقہ شیریں ہوتا...

رس کپور (ہ) فارسی میں شنگرف... کہتے ہیں۔ مشہور دوا ہے۔

رسوت (ہ) عربی میں حضض ہسنسکر... میں رسانجن اور انگریزی میں... کٹا آف انڈین بربرس کہتے ہیں

(دار ہلدی کی خام اور سبز لکڑیوں کو جوش دے کر رسوت بنایا جاتا ہے۔

رصاص (ع) قلعی۔ وسیسہ۔

رصاص ابیض (ع) قلعی (رانگ)

رصاص اسود (ع) سیسہ۔

[illegible]یمہ (ع) فارسی میں اسپست کہتے ہیں حندقوقی کے مانند ایک بوٹی ہے جس کا پھول زرد اور اس پر لمبا غلاف ہوتا ہے۔ اور اسی غلاف میں تخم ہوتا ہے۔ چارپایوں کو موٹے ہونے کے لئے کھلاتے ہیں

رغوہ (ع) جھاگ۔

رقع یمانی }
رقلع } (ع) اخروٹ کے درخت کے برابر ایک درخت ہے پھل انجیر جیسا اور میٹھا ہوتا ہے جس کو انجیر افرنجی اور انجیر ہندی کہتے ہیں۔ اس کا درخت یمن اور مصر میں پیدا ہوتا ہے۔

رکتال }
رکت کند } (س) پنڈالو کی ایک قسم ہے جس کو رتالو کہتے ہیں۔

رکھبھک }
رکھبر }
رکھبھکیہ } (ہ) ایک ویدک دوا ہے اس کو رشبھک بھی کہتے ہیں

رماد (ع) خاکستر (راکھ)

رُمّان (ع) انار۔

رُمّان حُلو (ع) میٹھا انار۔

رُمّان حامض (ع) کھٹا انار۔

رُمّان مُزّ (ع) کھٹ مٹھا انار۔

رَمل (ع) ریگ (ریت)

رنگترہ (ہ) سنگترہ۔

رواسک (ہ) اس کو جلینت اور جھنجھن بھی کہتے ہیں۔ ایک درخت ہے جس کے پتے باریک شاخوں پر املی کے پتوں جیسے ہوتے ہیں۔ پھلی لوبئے کی پھلی جیسی اور پھول اوپر سے نیلا، اندر سے سرخ یا زرد یا سفید ہوتا ہے۔ پھلی میں سے دانۂ موٹھ کے مانند اور اس کے ہمرنگ تخم نکلتے ہیں

روباہ (ف) ثعلب مصری۔

روباہ تربک }
روباہ تورک } (ف) مکوہ۔

روبیان (ع) فارسی میں ماہی روبیان ماہی میک۔ ہندی میں جھینگا مچھلی کہتے ہیں۔

روغن (ف) گھی اور تیل دونوں کے لئے بولا جاتا ہے۔

روغن تلخ (ف) سرسوں کا تیل۔

روغن زرد (ف) گھی۔

روغن شیریں (ف) تلوں کا تیل۔

روغن سیاہ (ف) سرسوں کا تیل۔

روئے توتیا (ف) جست۔

رودہ (ف) عربی میں امعاء۔ اور ہندی میں انتڑیاں کہتے ہیں۔

رُوسا (ہ) ایک لمبی گھاس ہے جس کے پتے لمبے اور نوکدار ہوتے ہیں۔ سرے پر سرکنڈے کے

مانند شگوفہ کلی ہوتی ہے۔ جس میں چھوٹے چھوٹے خوشبودار تخم ہوتے ہیں۔ اور اس سے عطر بنایا جاتا ہے یہ اذخر کی ایک قسم ہے۔

روسنجتج (معرب روی سوختہ فارسی) جلا ہوا تانبا۔

روئی توتیا (ف) اشبہ (جست)

روئی سوختہ (ف) جلا ہوا تانبا۔

رہج الفار (ع) سم الفار۔

رہیڑا (ہ) سنسکرت میں روہتک کہتے ہیں ایک درخت ہے۔ اس کا پھول انار کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے۔ یہ سرخ اور سفید پھولوں کی رنگت کے لحاظ سے دو قسم کا ہوتا ہے۔

ریباس (ع) فارسی میں ریباس۔ زرنیلچ ریواج جگری بھی کہتے ہیں۔ اس کی جڑ کو ریوند کہتے ہیں۔

ریباسیہ (ع) ایک قسم کی غذا ہے جسمیں منجملہ دیگر چیزوں کے ریباس کا پانی بھی پڑتا ہے۔

ریٹھا (ہ) عربی میں بندق ہندی کہتے ہیں (ریٹھا۔ یا رٹھڑا) ایک درخت کا پھل ہے۔ جو چھالیہ کے برابر اور گول ہوتا ہے۔ اس کا چھلکا سمٹا ہوا اور چکنا اور چمکدار سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ ان سے سیاہ گٹھلی نکلتی ہے۔ پھل کا چھلکا اونی کپڑوں کے دھونے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

ریچھ (ہ) خرس (مشہور جانور ہے)

ریحان (ع) عام خوشبو، تیز نازبو تلسی

ریشم (ف) ابریشم۔

ریگ (ف) ریت۔

ریگ ماہی (ف) عربی میں سمک الرمل کہتے ہیں۔ انگلی کے برابر چھوٹی سی مچھلی ہے۔

ریم آہن (ف) خبث الحدید۔

ریوند / ریوند چینی } (ع) فارسی میں ریوند۔ انگریزی میں اور ہندی میں ریوڑ چینی کہتے ہیں۔ یہ ریباس کی جڑ ہے۔

ز

زابق / زاوق } (ع) پارہ۔

زاج (معرب) زاک فارسی میں، سلفیٹ آف آئرن انگریزی میں۔ اور ہندی میں کسیس کہتے ہیں۔

زاج ابیض (ع) پھٹکری۔

زاج احمر (ع) پھٹکری کی ایک قسم ہے جسکی رنگت سرخی مائل ہوتی ہے۔

زاج اخضر (ع) ہیراکسیس مشہور ہے۔

زاج اصفر (ع) پھٹکری کی زرد قسم ہے۔

زاج الاساکفہ (ع) پھٹکری کی ایک خاص قسم ہے۔

زاج اسود (ع) پھٹکری کی سیاہ قسم ہے

زاج البحر (ع) پھٹکری کی زرد قسم ہے

زاج بلوری۔ زاج مدحرج۔ زاج زفر } (ع) پھٹکری کی ایک قسم ہے۔

زاغ (ف) کوّا - جو سیاہ، اور دیگر
کوّوں سے بڑا ہوتا ہے -
زاک بلوری } (ف) شب (پھٹکری)
زاک سفید }
زُباد (ع) میدمشک بالائی (عطریات
کی قسم ہے)
زبان کنجشک (ف) اندر جو -
زُبد (ع) مسکہ - (مکھن)
زُبدالبحر (ع) کف دریا (سمندر جھاگ)
زبرجد (ع) زمرّد کی قسم سے ایک
قیمتی پتھر ہے -
زبزب (ع) فارسی میں خوگر - ہندی میں
زبجّو کہتے ہیں - یہ بلّی کے برابر ایک
جانور ہے -
زبل (ع) گوبر -
زبیب (ع) مویز -
زبیب البر } (ع) مویزج -
زبیب الجبل }
زحل (اصطلاح کیمیا) اسرب سیسہ
زد (ف) صمغ عربی (گوندکیکر)
زدوار (ف) جدوار -
زر (ف) عربی میں ذہب ہندی
میں سونا کہتے ہیں -
زُرّافہ (ع) فارسی میں اُشتر گاؤ پلنگ
کہتے ہیں - ایک جانور ہے جس کی
گردن اونٹ کی گردن کے مانند
ہوتی ہے - اور سر پہاڑی بیل جیسا
اور کھال پلنگ کی مانند ہوتی ہے -
زراوند (ف) مشہور دوا ہے - اس کی دو

قسم ہیں - لمبی نر - اور گول مادہ
ہوتی ہے -
زراوند طویل (ع) زراوند کی دراز قسم
ہے - (لمبی جڑ ہوتی ہے)
زراوند مدحرج (ع) فارسی میں زراوند
گرد کہتے ہیں - یہ زراوند کی گول
قسم ہے - (گول جڑ ہوتی ہے)
زُجاج (ع) فارسی میں آبگینہ - ہندی
میں کانچ کہتے ہیں -
زردچوب (ف) عربی میں عرق الصباغین
ہندی میں ہلدی - اور انگریزی میں
ٹرمیرگ کہتے ہیں -
زردآلو (ف) عربی میں مشمش، ایک مشہور
کھٹا شیریں مائل پھل ہے - خشک
کو خوبانی کہتے ہیں -
زردک (ف) گاجر اور پیلک ٹٹ (جو چڑیا کے
برابر ایک پرندہ ہے) کو بھی کہتے ہیں
زردۂ تخم مرغ (ف) انڈے کی زردی -
زُرزور (ع) مینا - (ایک قسم کا چھوٹا پرندہ
ہے - جو گھروں میں پالا جاتا ہے)
زرشک (ف) عربی میں انبر باریس
کہتے ہیں - ایک خاردار درخت کا
مشہور پھل ہے -
زرشکینہ (ف) ایک قسم کی مشہور غذا ہے
جسمیں زرشک استعمال کیا جاتا ہے -
زرنب (ع) سرو ترکستانی - ایک
خوشبودار مشہور دوا ہے - اسکے
پتوں کو تالیسپتر کہتے ہیں - اس کا
درخت بڑا ہوتا ہے - اور شام

کے ملک میں پیدا ہوتا ہے۔

زرنباد (ع) عربی میں عرق الکافور، فارسی میں کرژور۔ ہندی میں کچور نرکچور، کپور کچری کہتے ہیں۔ (ایک خوشبودار جڑ ہے)

زرنی (ف) ہرتال۔

زرنیخ (ع) ہرتال زرد۔ سفید۔ سرخ سبز۔ خاکستری پانچ رنگ کی ہوتی ہے۔ سرخ کو منسل اور زرد کو ہرتال طبقی اور سفید کو گودنتی کہتے ہیں۔

زرنیخ ابیض (ع) گودنتی ہرتال۔ یا سم الفار۔ یا سفید سرمہ

زرورد (ف) ریزہ ریزہ دانے جو گلاب کے پھول کے درمیان ہوتے ہیں۔

زعرور (ع) ایک قسم کا میوہ ہے۔

زعفران (ع) عربی میں زعفران کے علاوہ دوسرے نام خناد، ریقان، شعر صقالیہ، خلوق رہتان۔ سریانی میں کرکم۔ فارسی میں کیماس۔ سنسکرت میں کنکم۔ ہندی میں کیشر، کیسر، کم کم، کنکوں۔ انگریزی میں سیفرن کہتے ہیں۔ زعفران مشہور چیز ہے۔ ایک نبات کے پھول کے زرد سرخی مائل اور خوشبودار ریشے ہوتے ہیں۔

زعفران الحدید (ع) لوہے کا میل جو خاص طور پر لیا جاتا ہے۔

زغن (ف) حداۃ (چیل)

زفت رومی (ع) ایک قسم کا گوند ہے۔ جو کئی قسم کا ہوتا ہے۔

زفت رطب (ع) ایک قسم کا گوند ہے، جو جنگلی چیڑ (صنوبری) کے درخت سے بہہ کر جم جاتا ہے

زفت یابس (ع) صنوبر کے چھوٹے درخت کی تری کا ہے۔

زفت بحری (ع) قطران کے مانند سیاہ اور بہنے والی تری ہے۔ جو زمین سے نکلتی ہے۔

زقوم (ع) عربی میں ضرع الکلب ہندی میں تھوہر، سینڈ کہتے ہیں۔

زلابیہ (ع) فارسی میں حلوائے زلیبی اور ہندی میں جلیبی کہتے ہیں۔ مشہور مٹھائی ہے۔

زلو (ع) عربی میں علق۔ ہندی میں جونک اور انگریزی میں لیچز کہتے ہیں یہ کئی قسم کی دیکھنے میں آتی ہے۔

زمرد / زمرد (ع) پنا۔ (مشہور قیمتی پتھر ہے کئی قسم کا ہوتا ہے۔)

زمزم (اصطلاح اکسیریان) پارہ۔

زموم (اصطلاح اکسیریان) پارہ۔

زمین کند (ہ) سورن۔

زنبق (ع) سوسن سفید، یا سفید چنبیلی۔

زنبق اصفر (ع) زرد چنبیلی۔

زنبور (ف) بھڑ، زرد قسم کو تتیا کہتے ہیں

زنبور عسل (ف) شہد کی مکھی۔

زنجار (معرب) زنگار۔

زنجار الحدید (ع) زعفران الحدید۔

زنجبیل (ع) فارسی میں شنگویر۔ ہندی میں سونٹھ ساورک اور انگریزی میں جنجر کہتے ہیں۔ (مشہور جڑ ہے)

زنجبیل ستوہ (ع) میدہ سونٹھ یعنی ایسی سونٹھ جس میں ریشہ نہ ہو۔

زنجبیل العجم (ع) اشترغار۔ وج کو بھی کہتے ہیں۔

زنجبیل شامی }
زنجبیل بلدی } (ع) راسن۔

زرنباد خشک (ف) فارسی میں اُشنان داؤد کہتے ہیں۔ ایک بوٹی ہے جو شام کے پہاڑوں میں پیدا ہوتی ہے۔ بازار میں اسی نام سے دستیاب ہوتی ہے۔

زہرہ خطائی (ف) یاد زہر معدنی۔

زُہرہ (ف) پتہ۔

زُہرہ (اصطلاح اکسیریان) مس (تانبا) یا ایک بوٹی ہے۔

زیبق (ع) پارہ۔

زیتون (ع) مشہور درخت ہے۔ مصر میں بکثرت ہوتا ہے اس کو انگریزی میں آلو کہتے ہیں۔ روغن زیتون اسی درخت کے پھلوں کو دبا کر نکالا جاتا ہے

زیت (ع) زیتون کا تیل۔ انگریزی میں آلو آئیل کہتے ہیں۔

زیرہ (ف) عربی میں کمون۔ انگریزی میں کیومن کیرویے۔ ہندی میں زیرہ جیرہ کہتے ہیں۔ رازیان کے مانند۔ لیکن اس سے چھوٹے تخم ہیں۔ سیاہ اور سفید دو قسم کے ہوتے ہیں۔

زیرباج (معرب) فارسی میں زیرباد کہتے ہیں۔ ایک قسم کا کھانا ہے۔ جس میں گوشت۔ سرکہ اور لونگ پڑتے ہیں۔

س

ساٹھی (ہ) ایک قسم کا سُرخ چاول ہے۔ جو تخم ریزی کرنے سے ساٹھ روز بعد پک جاتا ہے۔ اسی وجہ سے ساٹھی چاول کہتے ہیں۔

ساذج (ع) پترج۔ تیجپات (ایک درخت کے پتے ہوتے ہیں۔

ساس (ف) کھٹمل۔

ساسم }
ساسب } (معرب) شیشم یا آبنوس یا ایک غیر مشہور درخت ہے۔

سارسپریلا (ان) ایک درخت کی جڑ ہے

ساگودانہ (د) انگریزی میں سیگو کہتے ہیں۔ سیمبل جیسے درخت کے اندر سے نکلتا ہے۔ سفید خشخاش کے دانوں جیسے گول گول دانے ہوتے ہیں۔

ساگون }
ساگ }
ساگی } (ہ) بعض نے اس کا فارسی نام فینگوش لکھا ہے۔ مشہور پہاڑی درخت ہے۔ اس کی لکڑی

عمارتوں میں کام آتی ہے۔

ساگر گوٹہ } (ہ) کرنجوہ
ساگر گہولہ }

سال (ہ) سنسکرت میں شال۔ ہندی میں سال، ساکھو۔ اور انگریزی میں سال ٹری کہتے ہیں مشہور درخت ہے جس کی لکڑی سے عموماً کڑیاں اور شہتیر بناکر عمارتوں میں استعمال کرتے ہیں۔

سال پرنی (ہ) سنسکرت میں شال پرنی۔ ہندی میں سال پرنی۔ سَرِوَنْ کہتے ہیں۔ (سال پرنی کا چھوٹا سا پودا ہوتا ہے۔ اس کی ایک ایک شاخ میں تین تین پتے ہوتے ہیں)

سام ابرص (ع) جنگلی چھپکلی۔

سامُر (ماکوہ) سابر (ایک جانور ہے۔ جسکی پوستین سے موزے۔ دستانے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

سانبھر لون (ہ)، فارسی میں نمک طعام۔ عربی میں ملح عجین اور ہندی میں کھانے کا نمک کہتے ہیں۔ (مشہور نمک ہے۔ جو راجپوتانہ کی جھیل موسومہ "سانبھر" سے نکالا جاتا ہے)

سانپ (ہ) عربی میں حیہ، فارسی میں مار، سنسکرت میں سرپ اور انگریزی میں اسنیک کہتے ہیں۔ (مشہور موذی جانور ہے)

سانٹھ (ہ) فارسی میں نیشکر۔ اردو میں گنا کہتے ہیں۔ سانٹھ بسکھپرہ کی قسم ہے جس کو پنجابی میں اِٹ سٹ کہتے ہیں۔

سانڈھا (ہ) مشہور جانور ہے۔

سُپاری (ہ) عربی میں فوفل۔ سنسکرت میں پوگ۔ تیلنگی میں پوکاکایا، اور انگریزی میں بیٹل نٹ کہتے ہیں۔ (ایک درخت کا پھل ہے کہ جب اس کو پانی میں جوش دے کر چھلکا اتار دیتے ہیں۔ تو اس کو سُپاری چھالیہ۔ یا صرف چھالیہ کہتے ہیں۔ جو باریک کاٹ کر پان میں رکھ کر کھائی جاتی ہے)

سپستان (ف) عربی میں سفستان، دلبق۔ مخاطہ۔ ہندی میں لہسوڑہ۔ لسلسہ۔ اور لبھیڑہ کہتے ہیں۔ (مشہور پھل ہے)

سُبوس (ف) عربی میں نخالہ۔ ہندی میں بھوسی اور چوکر کہتے ہیں۔

سپیداب ارزیز (ف)، فارسی میں سفیداب اور سفیدہ کہتے ہیں۔

سپیدہ (ہ) سفیدہ۔

سٹارچ (ان) نشاستہ۔

ستاور (ہ) ایک مشہور جنگلی پودے کی جڑ ہے۔ خورد۔ کلاں دو قسم کی پائی جاتی ہے۔

ستاوری } (ہ) فارسی میں بوزیدان کہتے ہیں۔
ستابری }

ست گلو (ہ) گلو کا ست مشہور ہے۔

ست لوبان (ہ) فارسی میں شہد۔ اور

ہندی میں لوبان کا ست کہتے ہیں۔

سَتّو (ہ) فارسی میں پسٹ کہتے ہیں۔ بعض غلّوں اور پھلوں کو بھون کر اس کا آٹا پیس لیا جاتا ہے۔ اسی آٹے کو ستّو کہتے ہیں۔

سنّوا سونٹھ (ہ) بے ریشہ سونٹھ

سجی / **سجی کھار** } (ہ) عربی میں قلی۔ قلی الصباغین۔ فارسی میں اشخار کہتے ہیں مشہور چیز ہے۔

سُدّاب (ع) مشہور بوٹی ہے۔ ہندی میں تتلی کہتے ہیں۔ جنگلی اور باغی دو قسم کی ہوتی ہے۔

سدا سہاگن (ہ) سندوری۔ ایک ہندی سُرخ پھول والی بوٹی ہے۔ جو ہندوستان میں بکثرت پیدا ہوتی ہے

سدا بہار (ہ) عربی میں حی العالم کہتے ہیں

سُدرشن (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے جس کی جڑ مثل پیاز۔ پتّے مثل گھیکوار لیکن اس سے پتلے اور سبز زردی مائل ہوتے ہیں۔ پھول سفید ہوتا ہے۔ اس کو سکھ درشن بھی کہتے ہیں۔

سُرب (ع) اُسرب (سیسہ)

سُرب سوختہ (ف) جلا ہوا سیسہ (آبار)

سُربالی / **سروالی** } (ہ) سریالی۔ سریارا بھی کہتے ہیں۔ مشہور بوٹی ہے جس کے تخم سیاہ، چمکدار، چولائی کے بیجوں کے برابر ہوتے ہیں۔

سرپاچھی (ہ) ایک درخت ہے۔ چھوٹا اور بڑا دو قسم کا ہوتا ہے۔ اس درخت کی لکڑی پر سانپ کی آنکھوں کے مانند فلوس ہوتے ہیں

سرپھوکہ / **سرپھونکہ** / **سرپھنکہ** } (ہ) فارسی میں برگ سوفار سنسکرت میں شرپنکھی کہتے ہیں مشہور بوٹی ہے۔ جو برائے تصفیۂ خون بکثرت مستعمل ہے۔

سُرخاب (ف) چکوا (ایک پرندہ ہے)

سُرخ الائچی (ف) بڑی الائچی (الائچی کلاں)

سرخس (ع) فارسی میں کیل دارو، ہندی میں بسورہ۔ بنکھراج۔ اور انگریزی میں میل فرن کہتے ہیں۔ سیاہ سُرخی مائل گرہ دار ایک لکڑی یا ایک جڑ ہے۔ بقول بعض ملیم یہی ہے

سرس (ہ) عربی میں سلطان الاشجار۔ فارسی میں درخت زکریا سنسکرت میں سریشا اور پنجابی میں سرین کہتے ہیں (مشہور درخت ہے)

سرسوں (ہ) سرشف۔ مشہور تخم ہے۔ جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔ جو چراغ جلانے اور نیز کھانے کے کام آتا ہے۔ عربی میں سرشف۔ فارسی میں اسفندان سفید کہتے ہیں

سرشف (ع) فارسی میں اسفندان سفید سنسکرت میں سرشپ۔ ہندی میں سرسوں اور انگریزی میں انڈین مسٹرڈ کہتے ہیں۔

سرشیر (ف) بالائی۔ (ملائی)

سرطان (ع) فارسی میں خرچنگ۔ انگریزی میں کینسر۔ ہندی میں کیکڑا۔ کینکڑا

کہتے ہیں۔

سرکنڈا (ہ) بانس کی چھوٹی قسم ہے۔ بڑی قسم کو بانس کہتے ہیں۔

سرکہ (ف) عربی میں خَل۔ اور انگریزی میں وینگر کہتے ہیں۔

سرکہ عنصل (ف) سرکہ پیاز دشتی بھی فارسی میں اس کے لئے بولا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ عربی میں خَل عنصل اور انگریزی میں وینگر آف سکوئل کہتے ہیں۔

سرکہ منڈی (ف) کانجی۔

سرگین (ف) گوبر۔ (زبل)

سرمق (سرب) فارسی میں اسفناخ رومی۔ اور ہندی میں بتھوا کہتے ہیں۔

سُرمہ (ف) عربی میں اثمد۔ ہندی میں انجن اور انگریزی میں اینٹی مونی اس سلفائڈ کہتے ہیں۔ مختلف رنگ کے پتھر ہوتے ہیں۔ اکثر سیاہ ہوتا ہے۔ سفید۔ سرخ بنفشی بھی ہوتا ہے۔

سرو (ف) مشہور درخت ہے جنگلی اور باغی دو قسم ہوتی ہیں۔ جنگلی کو پہاڑی بھی کہتے ہیں۔ ہندی میں نمال کہتے ہیں۔

سُروالی (ہ) سریالی۔

سرد کوہی (ف) عرعر۔

سریش } **سریشم** } (ف) عربی میں غری۔ ہندی میں سریش اور انگریزی میں جیلٹین کہتے ہیں۔ یہ ایک لیسدار لعاب ہوتا ہے۔ جو چمڑوں وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

سریشم ماہی (ف) عربی میں غری السمک (مچھلی کا سریش) اور انگریزی میں آئزن گلاس کہتے ہیں۔ یہ چربی جیسی جمی ہوئی ایک رطوبت ہوتی ہے۔ جو مچھلی کے پیٹ سے حاصل کی جاتی ہے۔

سُرین } **سرینہ** } (پ) سرس۔

سُعد (ع) ہندی میں موتھا کہتے ہیں۔ ایک بوٹی کی جڑ ہے۔

سَفرجل (ع) بہی (مشہور میوہ ہے)

سفرجل ہندی (ع) بیل۔

سفیداب (ف) عربی میں اسفیداج۔ ہندی میں سفیدہ کہتے ہیں۔ قلعی سیسہ اور جست کو جلا کر بناتے ہیں۔

سفیدہ (ف) مشہور ہے (دیکھو سفیداب)

سقنقور (ع) ہندی میں سمہور۔ بن روہو کہتے ہیں۔ مچھلی کی ایک قسم ہے جو مصر میں دریائے نیل کے کنارے ریت میں پائی جاتی ہے۔

سُکّ (ع) ست آملہ۔ یا رُبّ آملہ۔ اصلی اور نقلی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ اصلی کو سک چینی کہتے ہیں۔ تازے آملوں یا کچے خرموں کا پانی نچوڑ کر آگ پر گاڑھا کر لیتے ہیں۔

سکّ المسک (ع) سک المسک کو سک الطیب اور سک المطیب بھی کہتے ہیں۔

اس کی چار قسمیں ہیں۔ (۱) اگر اصلی یا نقلی سک کو آگ سے اتارتے وقت قدرے مشک گھس کر ملادیں تو سک المسک کہلاتا ہے۔ (۲) اگر نافہ مشک میں رکھ چھوڑیں، تو سک الجلود کہلاتا ہے۔ (۳) اگر نافہ مشک کو پانی میں بھگوئیں پھر اس پانی میں سک کو ملائیں، تو سک ... کہتے ہیں۔ (۴) اگر نافہ کو کوٹ کر سک میں ملائیں، تو اس کو سک الاکرابر کہتے ہیں۔

سگ (ف) عربی میں کلب، ہندی میں کتا، اور یہ مادہ کو سگ مادہ فارسی میں اور ہندی میں کتی یا کتیہ کہتے ہیں مشہور جانور ہے۔

سکاکائی (ہ) ایک درخت کی پھلی ہے۔ جس کے اندر تخم کو پنج جیسے تخم ہوتے ہیں۔ بالوں میں لگائے جاتے ہیں۔

سکبینج (معرب) سکبینہ فارسی یا یونانی لفظ ہے۔ اور اسی نام سے مشہور ہے۔ کندل کنالا ہندی میں کہتے ہیں۔ ایک درخت کا گوند ہے یا بھربندہ کی ایک قسم ہے۔

سُکر (ع) شکر

سکر العشر (ع) ہندی میں آگ کا گوند کہتے ہیں۔ (ایک قسم کی رطوبت ہے۔ جو درخت آکھ پر جمع ہو کر سنگ ہو جاتی ہے

سکمونی (ان) سقمونیا۔

سکے مونیم (لا) سقمونیا۔

سلاجیت (ہ) مشہور دوا ہے۔ جو بعض پہاڑوں کے شگافوں میں تراوش پاکر جم جاتی ہے۔

سلارس } (ہ) عربی میں میعہ سائلہ کہتے ہیں۔
سلاراس } (ایک غلیظ رطوبت ہے۔ جو درخت خرد کے تنے سے خود بخود نکلتی ہے۔ یا اس درخت کی لکڑی کو جوش دیکر نکالتے ہیں۔

سُلت (ع) فارسی میں جو برہنہ، ہندی میں آت جو کہتے ہیں۔ ایک قسم کا چھوٹا جو ہے۔ جو گیہوں اور جو کے درمیان ہوتا ہے۔ رنگ سرخ وسفید ہوتا ہے۔

سُلحفات (ع) کچھوا۔

سلخ الحیۃ (ع) فارسی میں پوست مار، ہندی میں کینچلی کہتے ہیں۔

سلطان الاشجار (ع) سرس کا درخت

سلغم (ان) گنڈھک۔

سِلق } (ع) (۱) چقندر۔ یا بتھوا۔ یا (۲)
سِلقا } شہد۔

سلوی (ع) فارسی میں کرجنو۔ ہندی میں لوا کہتے ہیں۔ بٹیر کی قسم سے ایک پرندہ ہے۔

سلور (ان) چاندی۔

سنیخہ (ع) تج۔

سُماق (ع) ہندی میں طتریک کہتے ہیں مسور جیسے ترش دانے ہوتے ہیں

سُمانی (ہ) بٹیر

سماروغ / سماروق } ( ) کھُبنی ۔ گگن ۔ ڈھول

سُم (ف) عربی میں ظلف اور ہندی میں کھُر کہتے ہیں ۔

سم (ع) زہر ۔

سم الحمار (ع) خر زہرہ (کنیر)

سم السمک (ع) ماہی زہرج ۔

سم الفار (ع) سنکھیا ۔

سمسم (ع) تل (کنجد)

سمک (ع) مچھلی ۔

سمکۃ الصیدا / سمکہ توُل / سمکۃ البول } (ع) ریگ ماہی ۔

سمندر پھل (ہ) ایک ہندی دوا ہے ۔ ہلیلہ سیاہ سے بڑا چوکور اور سرخ رنگ کا پھل ہے ۔ پرانا ہونے پر سیاہ رنگ کا ہو جاتا ہے ۔

سمندر سوکھ (ہ) مشہور ہندی دوا ہے رائی کے برابر سیاہ رنگ کے تخم ہوتے ہیں

سمندر پھلن / سمندر جھاگ } (ہ) عربی میں زبد البحر ۔ فارسی میں کف دریا کہتے ہیں ۔ ایک دریائی جانور کی ہڈی ہے جو ابتداء زمانہ سے ایک خاص صورت اختیار کرلیتی ہے ۔

سمندر نون (ہ) عربی میں ملح بحری فارسی میں نمک دریائے شور ۔ سنسکرت میں سامدر لون ۔ ہندی میں سمندر نون یا منگا کہتے ہیں ۔ (سمندر نون سمندر کے پانی سے تیار کیا جاتا ہے)

سنا / سنائے مکی } (ہ) ہندی کے پتوں کی مانند ایک پودے کی پتیاں ہیں ۔ جو بطور مسہل استعمال کی جاتی ہیں ۔

سنبل ہندی / سنبل الطیب / سنبل العصافیر / سنبل العقاقیر } (ع) بالچھڑ ۔

سنبھالو (ہ) عربی میں فنجنکشت ۔ اثلق ۔ فارسی میں پنجنکشت اور سنسکرت میں رینو کا کہتے ہیں ۔

سنجاب / سنجاف } (ع) چوہے سے بڑا نرم بالوں والا ایک جانور ہے ۔ اسکی کھال سے پوستین بنائے جاتے ہیں ۔

سنجد (ف) خوب دانہ بھی کہتے ہیں یہ ایک قسم کا میوہ ہے ۔

سنجد خراسانی (ف) عناب ۔

سنجد کرخی (اصفہان) نیم کا پھل (نمبولی) ۔

سنجد ہندی (ف) مولسری کا پھل ۔

سنجرف / سنجفر } (معرب) شنگرف ۔

سندروس (ہ) چندرس بھی کہتے ہیں لیکن سندروس کے نام سے مشہور ہے یہ درخت سرل کا گوند ہے ۔

سُنڈ (پنجابی) سونٹھ ۔

سنگ مرمر (ف) عربی میں حجر الرخام کہتے ہیں مشہور سفید پتھر ہے ۔

سنگ راسخ (ف) معدنی پتھر ہے ۔ اس سے تانبا نکلتا ہے ۔ اور خضاب میں شامل ہو کر بالوں کو سیاہ کرتا ہے ۔

سنگ سرماہی (ف) عربی میں حجر الحوت
کہتے ہیں۔ یہ سنگ سرماہی کے نام
سے مشہور ہے۔ سفید پتھر خاص مچھلی
کے سر سے نکلتا ہے۔

سنگ جراحت } (ف) عربی میں حجر الاعرابی
سنگ زخم } (سنسکرت میں دگدھ پاشان)
اور ہندی میں سرگولہ کہتے ہیں۔
(ہاتھی دانت کے مانند ایک سفید
اور نرم پتھر ہے)

سنگ آتشی } (ف) عربی میں حجر النار،
سنگ آتش زنہ } اور ہندی میں چقماق کا
سنگ چقماق } پتھر کہتے ہیں۔ ایک پتھر ہے
جس پر لوہا مارنے سے آگ پیدا ہوجاتی
ہے اور دھوئیں جیسی بو آتی ہے)

سنگ آسیا (ف) عربی میں حجر الرحی اور
ہندی میں چکی کا پتھر کہتے ہیں۔ یہ
سیاہ سوراخ دار، ابر مردہ کے
مانند ایک سخت پتھر ہے۔

سنگ فساں (ف) عربی میں حجر المسن کہتے
ہیں۔ (پتھر رساں)

سنگ آہن ربا (ف) عربی میں مقناطیس
کہتے ہیں (چمک پتھر)

سنگ سرمہ } (ف) توتیا
سنگ بصرہ }

سنگ پشت (ف) عربی میں سلحفاۃ - اور
ہندی میں کچھوا کہتے ہیں۔

سنگدان } (ف) عربی میں قانصہ، ترکی میں
سنگدانہ } پتکہ اور ہندی میں پتھری اور
پتری کہتے ہیں۔ (ایک عضو ہے
جو پرندوں میں معدے کے
قائم مقام ہوتا ہے۔

سنگترہ (ہ) رنگترہ (مشہور میوہ ہے)

سنگھاڑا (ہ) مشہور پھل ہے۔ اس کی بیل
تالابوں میں لگائی جاتی ہے۔

سنکھاہولی (ہ) سنسکرت میں شنکھ
پشپی کہتے ہیں اور ہندی میں سنکھاہولی
کے نام سے بھی پکارتے ہیں۔ زمین
پر مفروش بوٹی ہے۔ پھول
چھوٹا۔ سفید رنگ زیادہ تر صبح
کے وقت کھلتا ہے

سنکھ (ہ) عربی میں حلزون اور فارسی
میں سفید مہرہ کہتے ہیں۔

سنگھیا (ہ) میٹھ۔ تیلیا کی قسم ہے۔

سنکھیا (ہ) عربی میں سم الفار۔ شک۔ تراب
الہالک۔ تراب الفار۔ رہج الفار
مرکشوہ۔ فارسی میں مرگ موش
سنسکرت میں گوری پاشان،
آکھو پاشان۔ انگریزی میں آرسینک
کہتے ہیں۔ ان ناموں کے علاوہ سنکھیا
کے مندرجہ ذیل اصطلاحی نام
بھی ہیں:- نہر۔ سم۔ سفیدہ
سفید دوا۔ قتال۔ زہر آدم۔
زرنیخ ابیض۔

سورنجان (ی) انگریزی میں کالچیکم کہتے ہیں
یہ ایک جڑ ہے۔

سورج مکھی (ہ) مشہور پھول ہے۔ جس کا
رخ ہر وقت آفتاب کی طرف رہتا ہی

سورن (ہ) زمین کند۔ جنگلی اور باغی دو

قسم ہے۔ ایک جڑ ہے۔ جو کھانے
میں آتی ہے۔
سوس (ع) ملہٹی کا درخت، اصل السوس
یعنی ملہٹی اسی کی جڑ ہوتی ہے۔
سوسن (ع) مشہور خوشبودار بوٹیوں میں
سے ہے جنگلی اور باغی دو قسم کی ہوتی
ہے۔ نیز رنگ کے لحاظ سے سفید اور نیلا
دو قسم ہوتی ہے۔ ایک قسم سرخ بھی ہے
سوسن آزاد (ف) سوسن سفید رنگ۔
اسکی جڑ بڑی پیاز جیسی ہوتی ہے
سوسن آسمانجونی (ع) سوسن نیلگوں
سوسمار (ف) عربی میں ضب۔ ہندی میں
گوہ کہتے ہیں۔ ایک مشہور جانور
ہے۔
سوسپلند (ف) سوسفند۔
سوسنبر (ف) اسپسنبر۔
سونا (ہ) عربی میں ذہب۔ عقیان۔ عسجد۔
فارسی میں طلار۔ زر۔ سنسکرت
میں سورن۔ کنچن۔ اور انگریزی
میں گولڈ کہتے ہیں۔ (مشہور
قیمتی دھات ہے)
سونف } (ہ) عربی میں رازیانج۔ فارسی
سونپ } میں بادیان۔ سنسکرت میں مدھوریکا
اور انگریزی میں فنیل کہتے ہیں۔
(مشہور تخم ہے)
سونٹھ (ہ) سنسکرت میں سنٹھی۔ شرنگ
ویر۔ عربی میں زنجبیل۔ اور
انگریزی میں جنجر کہتے ہیں (ادرک
کو خاص ترکیب سے خشک کرکے

سونٹھ بنائی جاتی ہے)
سونچر لون (ہ) عربی میں ملح اسود اور فارسی
میں نمک سیاہ کہتے ہیں۔
سون مکھی } (ہ) عربی میں حجر النور۔
سونا مکھی } یونانی میں مارقیشیشا
ذہبی کہتے ہیں۔ اور سنسکرت
میں سورن ماکشک کہتے ہیں
یہ ایک چمکدار قسم کا پتھر ہے۔
جو مختلف دھاتوں کے کانوں
میں ہوتا ہے۔ اور اختلاف دھات
کے باعث اس کے مختلف نام ہوتے
ہیں۔ مثلاً روپا مکھی۔ اور سونا
مکھی وغیرہ۔
سویا (ہ) شبت (مشہور ساگ ہے)
سویق (ع) فارسی میں پست۔ ہندی میں
ستو کہتے ہیں۔ بھنے ہوئے دالوں یا
پھلوں کے آٹے مثلاً گیہوں۔ کدو۔
انار دانہ۔ سیب۔ بیر وغیرہ
سویں } (ہ) عربی میں اطریہ۔ ماہیچہ کہتے
سویاں } ہیں۔ مشہور غذا ہے۔
سہاگہ (ہ) عربی میں بورق الصنامد۔ فارسی
میں تنکار۔ سنسکرت میں سوبھاگیہ
اور انگریزی میں بوریکس
کہتے ہیں۔
سہجنہ (ہ) سنسکرت میں شوبھانجن۔
ہندی میں سوہنجنہ۔ سہنجنہ۔ سوہانجنہ
کہتے ہیں۔ (مشہور درخت ہے۔
اس کی پھلیاں آدھ آدھ گز تک
لمبی۔ دھاری دار اور باریک ہوتی

ہیں۔ اس کا گوند "گوند سہجنہ" کے نام سے مستعمل ہے۔

سہدیئی / سہدئی / سہدیوی (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے۔ اس کے پتے تلسی جیسے ہوتے ہیں سرخ و سفید دو قسم ہوتی ہیں درخت نصف گز یا قدرے کم و بیش ہوتا ہے۔

سہورا (ہ) سنسکرت میں شاکھوٹ کہتے ہیں۔ یہ ایک درخت ہے جو نہایت گٹھیلا اور جھاڑ جھنکار ہوتا ہے اس کو بعض مقامات پر ہیلنس کہتے ہیں۔

سیاہ دانہ (ف) شونیز۔ (کلونجی)

سیاہی (ہ) عربی میں مداد۔ حبر۔ فارسی میں مرکب اور ہندی میں روشنائی اور سیاہی کہتے ہیں۔

سیب (ف) عربی میں تفاح۔ فارسی میں کنتل، انگریزی میں ایپل۔ اور ہندی میں سیو کہتے ہیں۔ مشہور میوہ ہے۔

سیپ / سیپی (ہ) عربی میں صدف۔ فارسی میں گوش ماہی اور انگریزی میں سی شیل کہتے ہیں۔

سیتل (ع) چیتل۔ یعنی نیل گائے کی ایک قسم ہے۔

سیتاپھل (دکن) شریفہ۔

سیتا پھل (ہ) میٹھا کدو (بھیلیا کدو)

سیتا سپاری (ہ) بلوط۔

سیتل چینی (ہ) مشہور نام ہے کباب چینی کے مانند دانے ہوتے ہیں۔ چبانے سے کافور جیسی بو آتی ہے۔

سیسالیوس / سیسالی (ی) بقول بعض انجدان رومی اس کی ایک قسم کے پتے "بادیان" جیسے ہوتے ہیں۔ دوسری قسم کے لبلاب جیسے۔ اور تیسری قسم کے زیتون جیسے۔ بہرحال کاشم جیسی ایک دوا ہے۔

سیسنبر (ی) نمام۔

سیسہ (ہ) مشہور دھات ہے۔ قلعی جیسی سیاہی مائل ہوتی ہے۔ عربی میں آنک۔ رصاص۔ اسود۔ فارسی میں اسرب۔ سنسکرت میں ناگ۔ اور انگریزی میں لیڈ کہتے ہیں۔

سیفرن (ان) زعفران (کیسر)

سیم (ف) عربی میں نقرہ۔ ہندی میں چاندی کہتے ہیں۔

سیم (ہ) مشہور ترکاریوں میں سے ہے۔ ہندی باقلا کے اقسام میں سے ہے

سیماب (ف) عربی میں زیبق۔ ہندی میں پارہ۔ اور انگریزی میں مرکیوری کہتے ہیں۔

سینبل / سینبھل (ہ) مشہور ہندی درخت ہے۔ اسی کی جڑ "موصلی سینبھل" کہلاتی ہے۔ اور اس کا گوند موچرس کے نام سے مشہور ہے۔ سنسکرت میں اس کو شالملی۔ اور اہل دکن بورگ بولتے ہیں۔

سیندور / سیندر (ہ) مشہور ہندی دوا ہے۔ بعض ہندو عورتیں اس سے

مانگ بھرتی ہیں۔ عربی میں سرنج فارسی میں شنگرف زاولی سنسکرت میں ناگجم اور انگریزی میں ریڈ لیڈ کہتے ہیں۔

سینڈرہ / سیہنڈ (ہ) سنسکرت میں سیہنڈ ہندی میں تھور۔ تھوہر سیہنڈ کہتے ہیں۔ (سیہنڈ یا تھوہر کی بہت سی قسمیں ہیں۔ مثلاً ڈنڈا تھوہر۔ تدھارا تھوہر۔ چودھارا تھوہر۔ پنجدھارا تھوہر۔ انگلیا تھوہر وغیرہ۔

سیندھا لون / سیندھا نمک (ہ) عربی میں ملح اندرانی فارسی میں نمک سنگ نمک طبرزد نمک لاہوری کہتے ہیں۔

سیندھ (ہ) کچری۔ (پھوٹ کی چھوٹی قسم ہے جو پک جانے پر زرد رنگ اور نہایت خوشبودار اور خوش مزہ ہوتی ہے۔

سیندھی / سیندی (ہ) کھجور کے درخت کا رس ہے۔ جو تاڑی کے مانند ہوتا ہے

سینگری / سینگرے (ہ) مولی کی پھلی۔

سینگھیا (ہ) پھناگ کی قسم ہے۔

سینگھ یا سینگ (ہ) عربی میں قرن اور فارسی میں شاخ حیوانات کہتے ہیں۔

سیہی (ہ) مشہور کانٹوں والا جانور ہے۔ اسے فارسی میں خارپشت کہتے ہیں۔

ش

شادنج (معرب) عربی میں حجر الدم۔ فارسی میں شادنہ کہتے ہیں۔ مسور جیسا ایک نرم پتھر ہے۔ کئی قسمیں ہیں۔ جادری (باجرہ جیسا) خشخاش۔ عدسی (مسور جیسا) ہندی، مصنوعی وغیرہ۔

شارف (ع) تمر بد جیسی ایک جڑ ہے۔ بقول بعض بدھارا کا نام ہے۔

شالی (ف) دھان۔ (بغیر چھلا ہوا چاول)

شامخ (ف) ہندی میں شاماک اور ساوانا کہتے ہیں۔ ایک باریک غلہ ہے۔

شاماک (ہ) فارسی میں شامخ کہتے ہیں۔ باریک غلہ ہے۔

شاہترہ (ف) عربی میں شاہترج۔ شاہتراج کزبرۃ الحمار۔ کزبرۃ الحمام۔ ملک البقول بقلۃ الملک۔ سلطان البقول۔ فارسی میں شاہترہ۔ شاہترک سنسکرت میں پرپٹ۔ ہندی میں پٹ پاپڑہ کہتے ہیں۔ مشہور مصفی خون بوٹی ہے۔ فصل ربیع کے ساتھ پیدا ہوتی ہے۔

شاہترج (معرب) شاہترہ۔

شاہلوج / شاہلوک / شاہلول (معرب) شاہ آلو۔ آلو بخارا کی ایک بڑی اور سفید قسم ہے۔

شاہ بلوط (ف) عربی میں بلوط الملک کہتے ہیں بلوط جیسا پھل ہے۔ مگر اس سے زیادہ لذیذ اور شیریں ہوتا ہے۔

شاہ اسفرہم
شاہ اسپرم
شاہ اسپرہم } (ف) ریحان -

شاہ توت (ف) لمبے توت -

شاہ دانہ (ف) عربی میں شاہدانج ، شہدانج فارسی میں شہدانہ ، تخم کنب - ہندی میں بھنگ کے تخم کہتے ہیں -

شاہ زیرہ (ف) زیرہ کرمانی - و کالے کرویا -

شاہ سفرم
شاہ سپرم } (ف) ریحان -

شاہ سفرم رومی (ف) اسطوخودوس

شاہ پسند (ف) ایک بیل ہے جس کے پتے لوبیے کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔ پھول سفید رنگ خوبصورت ہوتا ہے - پھول کے خشک ہونے پر اس کے نیچے بوتہ بنتا ہے جس سے دو تین تخم زردی مائل بیربہوٹی کے مانند روئیں دار برآمد ہوتے ہیں - یہ تخم بطور مسہل مستعمل ہیں -

شبّ (ع) پھٹکری -

شب انگیز (ف) اجوائن خراسانی کی جڑ یا تخم کو کہتے ہیں -

شب پرہ (ف) چمگادڑ -

شب بو
شبو } (ف) رات کو مہکنے والا مشہور پھول ہے -

شبّت (ع) سویا -

شبرم (ع) تقریباً ایک گز لمبی دودھ دار بوٹی ہے - جس کے دانے مسور جیسے ہوتے ہیں -

شبہہ (ع) فارسی میں برنج - اور ہندی میں پیتل کہتے ہیں -

شتاور (ہ) ستاور -

شتر (ف) اونٹ -

شتر مرغ (ف) عربی میں نعام - ابل الدیک کہتے ہیں - اونٹ سے مشابہ ایک پرندہ ہے - جو اڑ نہیں سکتا -

شتر گاؤ پلنگ (ف) زرافہ (ایک جانور ہے)

شتر خار (ف) خار شتر (جوالنسا)

شتر غاز (ف) ایک جڑ ہے (ایک جڑ ہے جس کا ذائقہ تیز ہوتا ہے - اور اس کو "زنجبیل فارسی" کہتے ہیں)

شحم (ع) چربی -

شحم الترنج (ع) ترنج کا چھلکا -

شحم الحنظل (ع) اندرائن کے اندر کا مغز اور پردے -

شحم الرمان (ع) انار کے پھل کے زرد پردے -

شراب (ع) (۱) پینے کی شے ، خواہ کچھ ہی ہو - (۲) شربت - جو شکر - شہد مصری - یا کسی میوہ کے پانی سے تیار کیا جائے - (۳) انگور کا پانی جب اس کا جوش جاتا رہا ہو - اور مٹھاس دور ہو گئی ہو - (۴) شراب (نشہ لانے والی شے - خواہ انگور کی بنی ہو - یا کسی اور چیز کی) (۵) شراب انگوری ، جو انگور سے تیار کی گئی ہو - مدھ ہندی

ہیں، عربی میں ام الخبائث۔ فارسی میں مے۔ اور شراب۔ انگریزی میں وائن اور الکحل کہتے ہیں۔

شربین (ف، ع) عربی میں شجرۃ القطران، ہندی میں گرجن کہتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا درخت ہے۔ جس سے قطران نکلتا ہے۔ صنوبر یا سرو کے قسم سے ہے۔

شرمندی (ہ) لجالو۔ (چھوئی موئی)

شریفہ (ف) ہندی میں سریفہ۔ اور سیتا پھل کہتے ہیں۔ ایک مشہور میوہ ہے۔

شُش (ف) ہندی میں پھیپھڑہ۔ عربی میں ریہ۔ سنسکرت میں پھپھس اور انگریزی میں لنگز کہتے ہیں۔

شتقاقل (ع) شقاقل۔

شعر (ع) فارسی میں مو۔ ہندی میں بال کہتے ہیں (۲) زعفران کو بھی کہتے ہیں

شعیر (ع) جو۔

شفتالو (ف) عربی میں خوخ۔ ہندی میں آڑو کہتے ہیں۔ ایک مشہور پھل ہے

شقاقل (ع) عربی میں شقیقل اور شتقاقل فارسی میں گزردشتی۔ اور ہندی میں دودھالی کہتے ہیں۔ چھوٹی گاجر کے مانند ایک مشہور سفیدی مائل بہ زردی جڑ ہے۔

شقائق النعمان، شقا، شقاری (ع) فارسی میں گل لالہ لالہ کوہی۔ اور انگریزی میں پاپیک فلاور کہتے ہیں خشخاش کے مشابہ ایک مشہور

پھل ہے۔ مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے

شکاعی (ع) ایک خاردار پہاڑی بوٹی ہے۔ اس کو شوکہ بیضہ، شوکہ عربیہ کثیر الرکب۔ اور ذو ثلث شوکات بھی کہتے ہیں۔

شُکّ (س) سنکھیا (سم الفار)

شکر (ف) شُکر (ع) رب شکر، اور انگریزی میں شوگر کہتے ہیں۔ جو شکر سفید آٹے کے مانند پسی ہوئی ہو۔ اس کو ہندی میں کھانڈ چینی اور بورا کہتے ہیں۔

شکر سرخ (ف) لال شکر۔ جو گنّے کے رس کا سخت قوام بنا کر سرد ہونے پر ہاتھوں سے مل کر سفوف سا بنائی جاتی ہے۔

شکر سلیمانی (ف) فارسی نبات، اور ہندی میں مصری کہتے ہیں۔

شکر تری (ہ) شکر سفید باریک (کھانڈ)

شکر طبرزد (ف) قند مکرر (قند سفید کو مکرر صاف کر کے قالب میں جما لیتے ہیں اس کو شکر طبرزد کہتے ہیں۔

شکر عشر (ف) آک کی شکر۔ یہ ایک رطوبت ہوتی ہے۔ جو آک کے درخت پر جم جاتی ہے۔ اور سخت ہو کر گوند جیسی ہو جاتی ہے

شکر تیغال (ع) مکھی اور بھڑ جیسے ایک جانور کا گھر ہوتا ہے۔ جو اپنے لعاب سے بناتا ہے شیرازگی میں یہ گھر شیریں ہوتا ہے۔ اس جانور کا فارسی نام تیغا اور خرو مگس ہے۔

شکر کند (×) مشہور جڑ ہے - جو جوش دیکر
اور بھون کر کھائی جاتی ہے۔
شکر جواسا (ھ) ترنجبین -
شکرہ (ف) مشہور شکاری پرندہ ہے
باشہ کی چھوٹی قسم ہے
شکم دریدہ (ف) اسپغول -
شکھ کانی (س) ایک درخت کا پھل ہے کیکر
کی پھلی کے مانند ہوتا ہے۔ شکاکائی
بھی کہتے ہیں -
شلجم (معرب) فارسی میں شلغم کہتے ہیں۔ ایک
جڑ کے مانند مشہور ترکاری ہے -
شلغم (ف) شلجم
شلہ (ف) ملائم کھچڑی - جس کے پکانے
میں اسقدر مبالغہ کیا جائے، کہ وہ
حریرہ کے مانند ہو جائے -
شمار (مصر شام) بادیان تر یا انیسون
شمر (شام) بادیان تر - مصر والے انیسون
کو بھی کہتے ہیں -
شمشاد (ف) مشہور بڑا درخت ہے - پتے
انار جیسے قد لیے بڑے ہوتے ہیں،
اسکے تخم حب الآس جیسے بے رنگ سیاہ ہوتے
ہیں - ہندی میں پاپڑی کہتے ہیں -
شمع (ع) موم -
شملیت
شملیہ } (ف) حلبہ (میتھی)
شملیز
شنجار (معرب) ہندی میں شنکاہ اور
رتن جوت کہتے ہیں -
شنج (معرب) فارسی میں سفید مہرہ - اور
ہندی میں سنکھ کہتے ہیں۔ گھونگھا
یا بڑی کوڑی کی قسم ہے۔
شنجرف (ف) شنگرف
شنکھ (س) عربی میں حلزون - فارسی
میں سفید مہرہ اور ہندی میں
سنکھ کہتے ہیں۔
شنکھ پشپی (س) سنکھا ہولی -
شنگرف (ف) عربی میں شنجرف - زنجرف
زنجفر - شنجفر اور فارسی میں شجفر
اور شنگرف کہتے ہیں -
شنگرف سفید (ف) رسکپور -
شنگرف زادلی (ف) اسرنج - سیندور
شنگویز (ف) سونٹھ -
شورہ (ف) عربی میں البقر - فارسی میں شورہ
سنسکرت میں سور جک کہتے
ہیں - (کھاری زمینوں میں اوپری
سطح پر سفید سی شے جمع ہو جاتی
ہے - جسے جوش دے کر اور
صاف کر کے شورہ بنا لیتے ہیں)
شوکران (ع) فارسی میں دورس -
یونانی میں کونیون - انگریزی میں
ہملاک اور لاطینی میں کونائم کہتے
ہیں - (ایک مخدر نبات ہے
اس کے پتے - تخم اور جڑ
مستعمل ہیں -
شوگر (انگریزی) شکر -
شونیز
شولوز } کلونجی -
شہتوت (ف) توتا - (مشہور پھل ہے)

شہد (ہ) عربی میں عسل - فارسی میں انگبین ہندی میں مدھو اور انگریزی میں ہنی کہتے ہیں (مشہور چیز ہے)

شہدانج } (معرب) فارسی میں شہدانہ
شہدانق } تخم کتب - تخم قنب - اور ہندی میں بھنگ کے بیج کو کہتے ہیں

شہد لوی (ہ) سہدیوی -

شیر (ف - ہ) عربی میں اسد ہندی میں باگھ اور انگریزی میں لائن کہتے ہیں - (مشہور درندہ ہے)

شیر (ف) عربی میں لبن ہندی میں دودھ اور انگریزی میں ملک کہتے ہیں -

شیر گاؤ (ف) عربی میں لبن البقر - ہندی میں گائے کا دودھ کہتے ہیں -

شیر گاؤمیش (ف) عربی میں لبن الجاموش اور ہندی میں بھینس کا دودھ کہتے ہیں

شیر بز - (ف) عربی میں لبن المعز اور ہندی میں بکری کا دودھ کہتے ہیں -

شیر میش } (ف) عربی میں لبن الضان
شیر وسفند } اور لبن النعاج اور ہندی میں بھیڑ کا دودھ کہتے ہیں -

شیر خر } (ف) عربی میں لبن الاتان اور
شیر الاغ } ہندی میں گدھی کا دودھ کہتے ہیں -

شیر مادیان } (ف) عربی میں لبن الرماک
شیر مادہ اسپ } لبن الخیل اور ہندی میں گھوڑی کا دودھ کہتے ہیں -

شیر شتر (ف) عربی میں لبن اللقاح - اور ہندی میں اونٹنی کا دودھ کہتے ہیں -

شیر زنان (ف) عربی میں لبن النساء اور ہندی میں عورت کا دودھ کہتے ہیں -

شیر شپر (ف) عربی میں لبن الخفاش اور ہندی میں چمگادڑ کا دودھ کہتے ہیں -

شیر یتوعات (ف) دودھ والی بوٹیوں کا دودھ

شیر خشت (معرب) فارسی میں شیر خشک ہندی میں ہرلالو - اور انگریزی میں مینیا کہتے ہیں - مشہور مسہل دوا ہے - یہ دراصل شبنم ہوتی ہے - جو بعض یا درختوں پر جم کر گوند جیسی شکل اختیار کرلیتی ہے -

شیرج (ع) تل کا تیل -

شیر آملج - شیر آملہ (ف) دودھ میں پرورش کیا ہوا آملہ - خواہ دودھ میں تر آملے بھگوئیں یا خشک -

شیر برنج (ف) فرنی - کھیر - (دودھ چاول کی غذا ہے)

شیر گیاہ (ف) دودھی - سوسفند -

شیشہ (ہ) آبگینہ (کانچ)

شیشم (ہ) ہندوستان میں مشہور بڑا درخت ہے جسکی مضبوط لکڑی عمارتوں میں لگائی جاتی ہے - پنجابی میں ٹالی کہتے ہیں -

شمیراج (معرب) فارسی میں شیترہ ہندی میں چترک کہتے ہیں (ایک بوٹی ہے جس کے پتے ہالون جیسے

ہوتے ہیں۔ شیطرج سے مراد اس
کی جڑ ہوتی ہے۔

شیلم (ع) فارسی میں گندم دیوانہ، ہندی میں منمنہ کہتے ہیں۔ گیہوں کے کھیت میں پیدا ہونے والا جو سے چھوٹا دانہ ہوتا ہے۔ مزہ تلخ رنگت سُرخی مائل یا سیاہ ہوتی ہے۔ اور اس کی تاثیر نشہ آور ہوتی ہے۔

ص

صاصفراس (ع) انگریزی میں ساسافراس کہتے ہیں۔ دارچینی کے مانند ایک درخت کا پوست ہے۔

صبر (ع) فارسی میں ایلوا۔ شبیار۔ ہندی میں ایلوا۔ مصبّر۔ اور انگریزی میں ایلوز کہتے ہیں

نیقرا (ی)

صد برگ (ف) گیندے کا پھول۔

صدف (ف) سیپ۔ سیپی۔

صدف مروارید (ف) موتی کی سیپ

صعتر (ع) فارسی میں پودینہ کوہی۔ ہندی میں ساتھل۔ ساتھر۔ اور انگریزی میں آرگینم کہتے ہیں۔ مشہور دوا ہے۔ یہ ایک خوشبودار گھاس کے پتے ہوتے ہیں۔ باغی۔ جنگلی اور پہاڑی تین قسم کا ہوتا ہے

صعتر فارسی (ع) سیاہ رنگ کا صعتر۔

صمغ (ع) گوند۔ یا ببول کا گوند۔

صمغ عربی (ع) ہندی میں ببول کا گوند۔ انگریزی میں گم ایرے بک کہتے ہیں۔

صمغ اجاص (ع) آلو بخارے کا گوند۔

صمغ الاقاقیا (ع) صمغ عربی (ببول کا گوند)

صمغ الانجدان (ع) حلتیت (ہینگ)

صندل (معرب) فارسی میں سندل۔ ہندی میں چندن۔ انگریزی میں سینڈل ووڈ کہتے ہیں۔ ایک بڑے درخت کی خوشبودار لکڑی ہے۔

صنوبر (ع) فارسی میں کاژ۔ ہندی میں چیڑ کہتے ہیں۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک نر۔ جس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک بُستانی، جو چنار کے درخت کے برابر ہوتا ہے۔ اور جس کے پھل میں مغز نہیں ہوتا دوسرا پہاڑی۔ جو ابہل کے درخت کے برابر ہوتا ہے۔ اس کا پھل کھانے کے کام میں نہیں آتا۔ اور صنوبر سے عموماً یہی قسم مراد ہوتی ہے۔ دوسرا مادہ۔ اس کی بھی دو قسمیں ہیں بڑی۔ جس کے پھل کو چلغوزہ کہتے ہیں۔ جو مشہور ہے۔ چھوٹی جس کے پھل کو اہل شیراز فستق کہتے ہیں۔

ض

ضال (ع) جنگلی بیر۔

ضان (ع) بھیڑ۔

ضفدع (ع) مینڈک۔

ضمیران (ع) ماہیت میں اختلاف ہے شاہسفرم شیرازی یا نہری پودینہ۔

ط

طالیسفر (ع) تالیسپتر۔

طاؤس (ف) عربی میں صراغ اور ہندی میں مور کہتے ہیں۔ مشہور پرندہ ہے

طباشیر (ع) بنسلوچن۔

طحال (ع) فارسی میں سپرز۔ ہندی میں تلی کہتے ہیں۔

طحلب (ع) فارسی میں جغرابہ۔ ہندی میں کائی کہتے ہیں۔ مشہور چیز ہے۔

طرخشوق
طرخشقون } (یو) جنگلی کاسنی۔

طرخون (معرب۔ طرخانی۔ فارسی) ایک قسم کا ساگ ہے۔ جو شیراز میں بکثرت ہوتا ہے جنگلی بستانی۔ پہاڑی تین قسم کا ہوتا ہے پہاڑی کی جڑ کو عاقر قرحا کہتے ہیں۔

طرفا (ع) فارسی میں گز۔ اور ہندی میں جھاؤ

طرنجبین (معرب) ترنجبین۔

طفشیل (ع) ایک قسم کی غذا ہے۔ جو چھلے ہوئے مسور اور سرکہ سے تیار کی جاتی ہے۔ اور عدسی کے نام سے مشہور

طلا (ف) عربی میں ذہب ہندی میں سونا کہتے ہیں

طلق (معرب تلک فارسی) ہندی میں ابرک کہتے ہیں۔

طیار (ع) اکسیر۔ پارہ۔

طین (ع) مٹی۔

طیہوج (ع) تیہو۔

ظ

ظبی (ع) ہرن۔

ظفار (ع) اظفار الطیب

ظفرۃ العجوز (ع) گوکھرو۔

ظلف (ع) فارسی میں سُم۔ ہندی میں کھُر کہتے ہیں۔

ظلف ماعز (ع) بکری کا کھُر۔

ظیان (ع) جنگلی چنبیلی۔

ع

عاج (ع) ہاتھی دانت۔

عاقرقرحا (ع) عربی میں عود القرح۔ فارسی میں اکرکرہ۔ انگریزی میں پائی ری تھرم روٹ۔ پیلی ٹری روٹ۔ سنسکرت آکرکربھا کہتے ہیں (طرخون کوہی کی جڑ ہے)

عباسی (ع) جاتی۔ گل عباسی (ایک مشہور پودا ہے)

عبہر (ع) نرگس یا مبیعکی ایک قسم ہے۔ جس کا گوند نہیں ہوتا ہے۔ صرف تیل نکالا جاتا ہے۔

عبیر مایہ (ع) ایک خوشبودار مرکب دوا ہے۔ جو صندل۔ گلاب اور مشک سے بنائی جاتی ہے۔

عدس (ع) مسور۔

عذبہ (ع) مائیں خورد۔ میٹھا پانی [illegible]۔

عرطنیثا (ع) آذربو۔ (چوبک اشنان)

ایک جڑ ہے۔ جس سے اون دھوئی
جاتی ہے۔
عرعر (ع) فارسی میں سرو کوہی۔ انگریزی
میں جونی پر کہتے ہیں۔ اس کی دو
قسمیں ہیں۔ ایک لمبی ہوتی ہے جس کا
پھل فندق جیسا ہوتا ہے۔ دوم
چھوٹی۔ اس کا پھل باقلا کے پھل
کے برابر ہوتا ہے۔
عرق السوس (ع) اصل السوس (ملیٹھی)
عروس در پردہ (ف) پپوٹن۔
عروق الصباغین (ع) زرد چوب۔
(ہلدی)
عروق الصفر۔ (ع) دو قسمیں ہیں۔ چھوٹی
قسم کو مامیران اور بڑی کو
زرد چوب کہتے ہیں۔
عروق الطیب / عروق الکافور } (ع) زرنباد (نرکچور)
عسل / عسل النحل } (ع) شہد۔
عسل بلادر (ع) ایک سیاہ لیسدار
رطوبت ہے جو بھلانوے سے نکلتی ہے۔
عسل الحالج (ع) ترنجبین۔
عشار (ع) عشر (آکھ)
عشبہ (ع) عشبہ مغربی (مشہور دوا ہے)
عشر / عشار } (ع) مدار۔ (آکھ)
عصارہ آملہ (ع) شک
عصارۃ السوس (ع) رب السوس۔
عصاء الراعی (ع) لال ساگ یا راج گیرا۔

عصفر (ع) فارسی میں رنگ زعفران
کو کہتے ہیں۔ کسم۔ کسنبہ کے نام سے
بھی مشہور ہے (مشہور پھول ہے)
عصفور (ع) فارسی میں کنجشک اور
ہندی میں چڑیا کہتے ہیں۔
عطارد (اصطلاح اکسیر) پارہ۔
عطر (ع) مشہور خوشبودار چیز ہے۔
عطر ولایتی (اصطلاح) کشمیری چرس۔
عقاب (ع) فارسی میں الوا۔ ہندی
میں قاب۔ گدھ کہتے ہیں۔ ایک
مشہور شکاری پرندہ ہے۔
عقرب (ع) فارسی میں کژدم، اور
ہندی میں بچھو کہتے ہیں۔
عقیق (ع) ایک قیمتی خوبصورت پتھر ہے
کئی رنگ کا ہوتا ہے۔ مثلاً
سرخ۔ زرد۔ سیاہ۔ صاف
وشفاف یا میلا ہوتا ہے۔
علق (ع) جونک۔
علک البطم (ع) ہر ایک گوند کو کہتے ہیں جو
چبایا جا سکے۔
علک البطم (ع) بطم کا گوند۔
علیق (ع) فارسی میں توت سگ۔
ہندی میں اچھو کہتے ہیں۔ ایک
خاردار درخت ہے۔ جو درخت
گل سرخ کے مشابہ ہوتا ہے
اس کا پھل توت سیاہ کے
مشابہ لیکن کسی قدر رستہ پہلو
ہوتا ہے۔
عناب (ع) مشہور پھل ہے۔

عنب (ع) انگور۔

عنب الثعلب (ع) مکوہ مشہور بوٹی ہے

عنبر (ع) فارسی میں شاہ بو کہتے ہیں موم کے مانند

عندلیب (ع) بلبل۔

عنزروت (ع) انزروت۔

عنصل، عنصلان (ع) فارسی میں پیاز دشتی۔ ہندی میں کندا اور کالی کاندا۔ انگریزی میں اس کو ال کہتے ہیں (پیاز جیسی ایک جڑ ہے)

عنکبوت (ع) فارسی میں شیر مگس ہندی میں مکڑی کہتے ہیں۔

عود (ع) لکڑی، اگر کو کہتے ہیں۔

عوسج (ع) فارسی میں سفید خار کہتے ہیں۔ علبق یا علیق کے مانند ایک چیز ہے یا ایک پھل ہے۔ جو توت کے مانند ہوتا ہے۔

عیان (اصطلاح اکسیر) پارہ

عین الحیوۃ (اصطلاح اکسیریان) پارہ۔

عین الہر (ع) ایک قسم کا پتھر ہے (لہسنیا)

غ

غاریقون (ع) بوسیدہ جڑ کی مانند ایک چیز ہے جو در اصل ایک قسم کی فطر (کھمبی) ہوتی ہے۔

غافث (ع) مشہور گھاس ہے۔ جو خلدار ہوتا ہے۔

غالیہ (ع) ایک خوشبودار مرکب دوا ہے

غبار الرحی (ع) گرد آسیا، چکی کا گرد۔

غراب (ع) کوّا (کئی قسم کا ہوتا ہے۔

غری (ع) سریشم۔

غری السمک (ع) سریشم ماہی

غزال (ع) ہرن

غضروف (ع) کری جو ہڈی ہے نرم ہوتی ہے

غلیواج، غلیواز (ف) چیل۔

غورہ (ف) عربی میں حصرم۔ ہندی میں کچا انگور کہتے ہیں۔

غوک (ف) مینڈک

ف

فاختہ (ف) مشہور پرندہ ہے۔

فادزہر معرب بادزہر، زہر مہرہ

فاشرا (معرب) عربی میں عنب الحیۃ کرمۃ البیضاء فارسی میں ہزار فشاں، ماردارو کہتے ہیں۔ (انگور کے مانند بیل ہوتی ہے

فاغرہ (ع) کبابہ خندان۔

فاغیہ (ع) حنا کا پھول۔ عام پھولوں کو بھی کہتے ہیں

فالسہ (ہ) مشہور ہندی پھل ہے۔ جو دانہ مکو سے بڑا اور جامنی رنگ کا ہوتا ہے۔

فالودہ (ف) مشہور غذا ہے جو خاص طور پر بنائی جاتی ہے۔

فانیذ (ع) فارسی میں تند۔ ہندی میں بتاشہ کہتے ہیں۔ علاوہ

ازیں ایک اور قسم کی مٹھائی بھی
ہوتی ہے جو خاص ترکیب سے
تیار کی جاتی ہے۔

قادانیا (سر) عربی میں عود الریح کہتے ہیں
عود صلیب کی ایک قسم ہے جو مادہ
ہوتی ہے۔ یعنی اس کے اندر صلیبی
لکیریں نہیں ہوتی ہیں۔

فجل (ع) مولی

فرار (اصطلاح اکسیر) پارہ

فراسیون (یو) صنوبر الارض کی ایک کرواہی
قسم ہے یا پہاڑی لہسن یا اردسہ

فراش (ف) ایک مشہور ہندی درخت ہے
جسکے پتے سجھاؤ کے مانند ہوتے ہیں عربی
میں اثل کہتے ہیں۔ اسکا پھل چھوٹی
ماہین ہے (جھاؤ کی بڑی قسم ہے)

فربیون (ع) فرفیون۔

فرفیون (ع) عربی میں آکل بنفشہ، حافظ النحل
انگریزی میں یوفوربی ام کہتے ہیں۔ ایک قسم
کی تھوہر کا جما ہوا دودھ ہے۔

فرنی (ف) ایک قسم کی غذا ہے جو شکر چاول اور
دودھ سے بنائی جاتی ہے ہندی میں
بھی فرنی کے نام سے مشہور ہے

فرید بوٹی (ہ) پانا اور پاتھا بھی کہتے ہیں
ایک بوٹی ہے جس کی جڑ سے باریک
اشاخیں نکلتی ہیں پتے چھوٹے
چھوٹے متفرق ہوتے ہیں شاخیں
پھولوں کے گچھوں سے بھری ہوتی ہیں
اور ایسی معلوم ہوتی ہیں کہ روئی
لپٹی ہوئی ہے۔ حضرت شیخ فرید الدین
شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ اس بوٹی
کو عظیم النفع جانتے تھے۔ لہذا
ان کے نام سے موسوم ہوئی۔

فستق (معرب) پستہ۔

فستق جحیم
فستق الہادیہ } (ع) حب الیان

فضہ (ع) چاندی

فطر (ع) کھمبی

فطراسالیون (معرب پطراسالیون یونانی
پہاڑی کرفس

فقاح (ع) کلی۔

فقاح اذخر (ع) اذخر کی کلی۔

فلافلی (ع) مرکب معجون کا نام ہے جس میں
فلفل سیاہ فلفل سفید اور
دار فلفل پڑتے

فلزہ (ع) دھاتیں۔ یا دھاتوں کا میل

فلس ماہی (ف) کھپلہ

فلفل (معرب) پپل فارسی۔ گول مرچ

فلفل دراز (ف) پیپل

فلفل السودان (ع) اس کے جدید عربی
نام فلفل حلو فلفل حکی۔ فلفل
افرنجی اور بہار ہیں۔ انگریزی
میں پائنی من ٹو جمیکا پیپر آل
اسپائس اور لاطینی میں پائی مینٹا
کہتے ہیں۔ (سیاہ مرچ کے
مشابہ گول دانے ہیں) اس کے
اندر دو خانے ہوتے ہیں۔ اور
ہر ایک خانہ میں سیاہی مائل بھورا
گردہ کی شکل کا ایک تخم ہوتا ہے

اس کی خوشبو اور ذائقہ لونگ کے مانند ہوتا ہے۔

فلفل مویا (ع) پیپلا مول۔

فلک تاز / **فلک سیر** } (ف) بھنگ۔

فلنجمشک / **فلنجمشکا** } (ع) رام تلسی

فنجاکشت / **فنجنکشت** } (معرب) سنبھالو

فندق (ع) بندق۔ (بادام کے مانند مغز رکھنے والا پھل ہوتا ہے۔ اس کو بادام کشمیری بھی کہتے ہیں۔

فندق ہندی (ع) بندق ہندی (ریٹھے)

فوہ / **فوۃ الصبغ** } (ع) مجیٹھ۔

فودنج (ع) پودینہ۔ تین قسم کا ہوتا ہے نہری۔ پہاڑی۔ اور جنگلی۔

فوفل (ع) سپاری

فولاد (ع) فارسی میں فولاد۔ انگریزی میں اسٹیل کہتے ہیں۔

فیروزہ (ف) عربی میں فیروزج۔ ہندی میں برگ تمن کہتے ہیں۔ ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر ہے۔

فیلزہرج (معرب پیل زہرہ فارسی) لوف کبیر یا حقیقص ہندی۔

ق

قاطر الدم (ع) دم الاخوین۔

قاقلہ (ع) فارسی میں ہیل۔ ہندی میں الائچی۔ اور انگریزی میں کارڈی کہتے ہیں۔

قاقلہ کبار (ع) بڑی الائچی (سرخ الائچی)

قاقلہ ذکیہ / **قاقلہ زنجی** } (ع) بڑی الائچی۔

قاقلہ صغار (ع) فارسی میں ہیل بوا۔ ہندی میں چھوٹی الائچی اور سفید الائچی کہتے ہیں

قانصہ (ع) سنگدان۔

قثاء (ع) خیارزہ۔ ککڑی۔

قثاء الحمار (ع) بندال (گھگھر بیل)

قثار ہندی (ع) املتاس یا توری

قثد (ع) خیار۔ کھیرا۔

قراصیا (رو) آلو بالو

قرومانا (یو) پہاڑی یا جنگلی کرویا جس کے تخم کو کالی زیری کہتے ہیں

قرطم (ع) کسنبہ کے بیج۔

قرظ (معرب کرت فارسی) ببول کی پھلی

قرع (ع) کدو۔

قرع المر (ع) کدو کے بیج۔

قرفہ (ع) درختوں کی چھال۔ تج۔

قرمز (رو یا تم) فارسی میں کرم رنگریزاں کرمدانہ۔ لاطینی میں کوکس۔ انگریزی میں کوچی نیل کہتے ہیں (ایک قسم کا مسور کے دانہ کے برابر کیڑا ہے)

قرن (ع) سینگ۔ نیز ایک درخت کا نام ہے۔

قرن ایل (ع) بارہ سنگھے کا سینگ۔

قرنفل (ع) لونگ۔
قسط (معرب قسطس یونانی یا معرب کٹ ہندی) فارسی میں کوشتہ۔ ہندی میں کٹ کوٹھ کہتے ہیں۔ ایک قسم کی جڑ ہے جو کئی قسم کی ہوتی ہے۔
قسط اسود (ع) قسط ہندی۔
قسط بحری (ع) سفید اور کڑوا قسط۔
قسط حلو (ع) قسط ہندی۔ قسط رومی
قسط ہندی (ع) قسط سیاہ قسط ہندی
قشار کندر (ع) کندر کے ریزے۔
قصب الذریرہ (ع) چرائتہ۔
قصب السکر (ع) گنا۔
قصدیر (ع) ارزیز۔ (رانگ)
قطران (ع) کانتران (شبرین کے درخت کا تیل)
قطرب (ع) ایک قسم کا کیڑا ہے۔ جو پانی کے اوپر جلدی جلدی حرکت کرتا ہے۔ اسکو جولاہہ بھی کہتے ہیں۔
قطلت (ع) سرمق (بتھوا)
قطونا (ع) اسپغول کا پودا۔
قفر الیہود (ع) ایک قسم کا پتھر ہے۔ جو بحیرۂ یہودیہ سے لاتے ہیں۔ دو قسم کا پایا جاتا ہے ایک نیلا سرخی مائل دوسرا صاف اور خاکی رنگ کا ہوتا ہے۔
قلا / قلی (ع) اشخار (سجی)
قلت (معرب) کلتھی۔
قلعی (ع) اسی نام سے مشہور ہے۔ رانگ بھی کہتے ہیں۔

قلقاس / قلقاس (ع) اروی۔
قلقدیس / قلقندیس (رو) زاج کی ایک قسم ہے
قلقطار / قلنقطار (رو) زرد و طلائی رنگ کا زاج۔
قلقل (ع) حب قلقل۔
قلی / قلی الصباغین (ع) اشخار (سجی)
قمح (ع) گیہوں۔
قمر (کیمیا) چاندی۔
قمری (ع) ڈوٹرو (فاختہ جیسا اور اس سے قدرے بڑا خوبصورت، اور خوش آواز پرندہ ہے)
قند (ف) چینی۔
قند سیاہ (ف) گڑ
قنطوریون (رو یا یا معرب) ایک قسم کا پودا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔
قنطوریون کبیر (معرب) اس کے پتے گاجر کے پتوں کے مانند، لمبے اور سبز ہوتے ہیں۔ اور پھول سرمئی رنگ کے اور گول ہوتے ہیں۔ اور زمین پر پھیلتا ہے۔
قنطوریون صغیر (معرب) یہ ایک بالشت کے برابر ہوتا ہے۔ پہاڑی پودینہ جیسا، اور سداب کے پتوں کے مانند اس کے پتے ہوتے ہیں پھول سرخ۔ نیلاپن لئے ہوتے ہیں۔
قنفذ (ع) ساہی۔

قہوہ (ع) شراب - نیز ایک درخت کا پھل ہے - جو ملک یمن اور حبش وغیرہ میں پیدا ہوتا ہے - اس کو بن کہتے ہیں - اور بطو چائے کے بنا کر پیتے ہیں -

قیر (ع) فارسی میں کزف کہتے ہیں - ایک قسم کی رطوبت ہے جسکی رنگت سیاہ سُرخی مائل ہوتی ہے - یہ رطوبت گرم پانی کے ساتھ چشموں سے نکلتی ہے -

قیسوم } (ع) برنجاسف - درحقیقت قیسوم اور
قیصوم } برنجاسف ایک نبات کی ہی نر اور مادہ دو قسمیں ہیں - نر کو قیصوم اور مادہ کو برنجاسف کہتے ہیں -

قیمولیا (ع) کھری مٹی - (کھریا مٹی) تین قسم کی ہوتی ہے - سفید خوشبودار، نیلی چکنی - سیاہ -

ک

کاپر (ان) تانبا -

کاپر سلفیٹ (ان) نیلا تھوتھا -

کاپور (ہ) کافور -

کانت (ہ) کتھہ -

کاج (ف) صنوبر -

کاچ (ہ) شیشہ (کانچ)

کاچ لون (ہ) چوڑی کا نمک -

کاجل (ہ) دھواں جو آنکھ میں لگاتے ہیں

کاڈ لور آئل (ان) عربی میں دُہن کبد الحوت ہندی میں مچھلی کا تیل کہتے ہیں - یہ تیل "کاڈ" نامی مچھلی کے جگر سے حاصل کیا جاتا ہے -

کاجو } (ہ) سنسکرت میں کاجوتک اور
کاجو پھل } انگریزی میں کیشو نٹ کہتے ہیں - (ایک درخت کا پھل ہے اسکا مغز بادام کے مانند لذیذ اور شیریں ہوتا ہے

کارڈی مم (ان) الائچی -

کاسنی (ہ) عربی میں ہندبا - فارسی میں کسناج کہتے ہیں - بستانی اور جنگلی دو قسم کی ہوتی ہے -

کاسی پھل (ہ) میٹھا کدو (بھیلیہ کدو)

کاشم (ع، یا ف) انجدان رومی یا اس کے مانند ایک اور دواء ہے -

کاشم رومی (ع) سیسالیوس -

کاغذ (ع) عربی میں قرطاس اور انگریزی میں پیپر کہتے ہیں -

کاغنہ (ف) بیر بہوٹی -

کافور (ف) مشہور خوشبودار دواء ہے

کاکڑا سینگی (ہ) مشہور ہندی دوائے ہے سنسکرت میں کرکاٹکا شرنگی کہتے ہیں یہ ایک درخت کا پھل ہے - جو بکری کے سینگ کے مشابہ اور جوفدار ہوتا ہے -

کاک ماچھی (بنگالہ) مکوہ - عنب الثعلب

کاکنج (معرب) عربی میں حب اللہو - جوز المرج - فارسی میں عروسک پس پردہ - عروس در پردہ - سنسکرت میں راج پوتکہ - بن پوتکہ - ہندی میں پپوٹن کہتے ہیں - (مکو کے پھل سے بڑا اور غلاف کے اندر ہوتا ہے - یہ مکو کی قسم سے ہے)

کاکولی } (ہ) ایک ہندی بوٹی ہے۔ چھیر کاکولی
کاکوری } اسی کی ایک قسم ہے۔

کالا جیرہ (ہ) زیرہ کرمانی۔

کالا دانہ (ہ) عربی میں حب النیل۔ قرطم ہندی۔ دمعۃ العشاق۔ فارسی میں پیچہ۔ تخم کیکو۔ تخم نیلو پیچ۔ کہتے ہیں۔ (ایک نبات کے تخم ہیں جو بطور مسہل مستعمل ہیں)

کالا کوٹ (ہ) ایک قسم کی زہریلی جڑ ہے جو بچھناک کی قسم ہے۔

کالا کوڑا (ہ) کرٹ اسیاہ۔

کالا لون (ہ) نمک سیاہ۔

کالچیکم روٹ (ان) سورنجان۔

کالوسنتھ (ان) حنظل۔ اندرائن۔

کالوسنتھ پلپ (ان) شحم حنظل (اندرائن کا گودا)

کالی تلسی (ہ) ریحان کی ایک قسم ہے۔

کالی زیری (ہ) جنگلی سیاہ زیرہ۔

کالی مرچ (ہ) فلفل سیاہ۔ (مرچ سیاہ)

کانچ (ہ) عربی میں زجاج۔ فارسی میں شیشہ۔ آبگینہ انگریزی میں گلاس کہتے ہیں۔

کانا کچو (ہ) کھنبی (سماروغ کی قسم ہے جو کشمیر سے لائی جاتی ہے۔ اور گوشت میں پکا کر کھائی جاتی ہے۔

کانجی (ہ) عربی میں مری۔ فارسی میں آبکامہ سنسکرت میں سہسر بھیدی کہتے ہیں۔

کانس (ہ) ایک قسم کی گھاس ہے۔ کپاس

کانسی } (ہ) مشہور مصنوعی دھات ہے جس
کانسہ } کے برتن بنائے جاتے ہیں۔ اور اس کو بھول بھی کہتے ہیں۔

کاہ مکی (ف) اذخر۔

کاہو (ف) عربی میں خس کہتے ہیں۔

کائپھل (ہ) فارسی میں دار شیشعان، عربی میں قندول کہتے ہیں۔ (ایک درخت کی چھال ہوتی ہے)

کائنو (ان) دم الاخوین۔

کائی / (ہ) عربی میں طحلب۔ خرء الضفادع فارسی میں کشش جوئی۔ جغرابہ کہتے ہیں۔

کباب چینی (ف) عربی میں کبابہ۔ حب العروس ہندی میں شیتل چینی۔ انگریزی میں کیوبیکس کہتے ہیں۔ مرچ سیاہ کے برابر دانے ہیں

کبابہ (ع) کباب چینی۔

کپاٹش ( ) لونگ کی ایک قسم ہے۔ جس کا سر بڑا ہوتا ہے۔

کبر (ع) کریل۔ (ایک مشہور خاردار درخت ہے)

کبوتر (ہ) مشہور پرندہ ہے۔

کپور (ہ) کافور۔

کپّی (ہ) سنسکرت میں ہریتا منجری، اور انگریزی میں الیکا لیفا کہتے ہیں۔ (ایک بوٹی ہے۔ جو عام طور پر موسم برسات میں زیادہ تر علاقہ مدراس میں پیدا ہوتی ہے)

کٹائی / (ہ) عربی میں عدق۔ عصم۔ بادنجان بری۔ فارسی میں بادنجان دشتی ہندی میں رینگنی۔ بھٹ کٹیا کٹائی / چھوٹی کٹیلی۔ پنجابی میں چمک مولی کہتے ہیں۔ کٹائی کلاں

وخورد دو قسم کی ہوتی ہے۔
کٹائی کلاں کا پودا بینگن کے
پودے کے مشابہ اور ایستادہ
ہوتا ہے۔ اور کٹائی خورد زمین
پر پھیلی رہتی ہے۔

کُٹکی (ہ) عربی میں خانق الذئب۔ انگریزی
میں ہیکرور ہائزرا کہتے ہیں (ایک
قسم کی باریک خاکی سفید مائل
لکڑی ہے)

کٹومبری (ہ) جنگلی انجیر۔

کُتّا (ہ) عربی میں کلب۔ فارسی میں سگ
انگریزی میں ڈوگ کہتے ہیں۔

کتھہ (ہ) عربی میں کات۔ کاد۔ فارسی میں
کات۔ سنسکرت میں کھدر سار۔ انگریزی
میں کیٹی کیو کہتے ہیں (درخت کھیر کی
لکڑی کا ست ہوتا ہے)

کٹہل (ہ) سنسکرت میں پنس۔ ہندی میں
کٹھر۔ کٹہل۔ کٹھیل۔ انگریزی
میں انڈین جیک ٹری کہتے ہیں۔
(درخت بڑہل کے مانند ایک درخت
ہے۔ اس کا پھل بھی کٹہل کے نام سے
مشہور ہے۔ جو ایک سیر سے لے کر
ایک من تک وزنی ہوتا ہے)

کتیرا (ف) عربی میں کثیرا۔ انگریزی میں
ٹراگیگنتھ کہتے ہیں۔ (درخت
قتاد کا گوند ہے)

کچری (ہ) عربی میں درداب۔ شمام،
فارسی میں دستنبویہ۔ ہندی
میں کچری سیندھ کہتے ہیں (خربزہ
کی چھوٹی قسم ہے۔ اس کا پھل
امرود کے برابر اور نہایت
خوشبودار اور مزہ میں شیریں
ہوتا ہے)

کچلون (ہ) کاچ لون۔

کچلا، کچلہ (ہ) عربی میں اذاراقی، حب الغراب۔
فارسی میں فلس ماہی۔ انگریزی میں
نکس وامیکا کہتے ہیں (ایک درخت کا
پھل ہے۔ جو نہایت زہریلا ہوتا ہے)

کچنار، کچنال (ہ) سنسکرت میں کانچنار۔ کوودار
کہتے ہیں۔ مشہور ہندی پھل ہے۔ اس
کی کلیاں پکا کر کھائی جاتی ہیں)

کچو (بنگالی) اروی۔ (گھیاں)

کچور (ہ) تین قسم کا ہوتا ہے۔ بڑا کچور جو
